وانک لعلی خلق عظیم
شرح
شمائل ترمذی
جلد سوم
مولانا
عبد القیوم حقانی
القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ

وانک لعلیٰ خلق عظیم
تذکرہ راویانِ
شمائل ترمذی
جلد
مولانا
عبدالقیوم حقانی
شمائل ترمذی کے رواۃ کے حالات، سوانح، ضروری تجزیے، ائمہ جرح
واعتدال کے تبصرے، ارباب فضل وکمال کی شہادتیں، جید اہل علم، فقہا
ومحدثین کے آراء واقوال، اسماء الرجال کی متداول کتابوں سے اخذ
واستنباط اور مستند حوالے، ایک نادر علمی، تاریخی اور اپنے فنی معیار کے لحاظ
سے عظیم شاہکار۔
القاسم اکیڈمی
جامعہ ابوہریرہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام : شرح شمائل ترمذی (جلد سوم)

تصنیف : مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت : 216 صفحات

پروف ریڈنگ : اُستاذ العلماء حضرت مولانا محمد زمان صاحب کلاچوی مدظلہ

کمپوزنگ : مولوی گل رحمان، جان محمد جانؔ، مولوی مظہر علی اراکین القاسم اکیڈمی

سن اشاعت اوّل : شعبان ۱۴۲۳ھ / اکتوبر ۲۰۰۲ء

سن اشاعت پنجم : صفر المظفر ۱۴۳۳ھ / جنوری ۲۰۱۲ء

ناشر : القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ

مطبع : مطبع عربیہ، پرانی انار کلی لاہور

موبائل : 0333-9102770 ..... 0346-4010613 0333-6544950

ملنے کے پتے

☆ صدیقی ٹرسٹ صدیقی ہاؤس المنظر اپارٹمنٹس، 458 گارڈن ایسٹ نزد لسبیلہ چوک کراچی 74800

☆ مکتبہ رشیدیہ ..... جی ٹی روڈ اکوڑہ خٹک ضلع نوشہرہ ☆ زمزم پبلشرز اردو بازار کراچی

☆ کتب خانہ رشیدیہ مدینہ کلاتھ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی ☆ مولانا خلیل الرحمٰن راشدی، جامعہ ابوہریرہ، چونڈہ موم سیالکوٹ ☆ مکتبہ سید احمد شہید ۱۰، الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

اس کے علاوہ پشاور کے ہر کتب خانہ میں یہ کتاب دستیاب ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللّٰھم صل علیٰ محمد
وعلیٰ اٰل محمد کما صلیت
علیٰ ابراھیم وعلیٰ اٰل ابراھیم
انک حمید مجید ○
اللّٰھم بارک علیٰ محمد وعلیٰ
اٰل محمد کما بارکت علیٰ
ابراھیم وعلیٰ اٰل ابراھیم
انک حمید مجید ○

بسم اللہ الرحمن الرحیم

خدا کا شکر ہے

احقر کے سلسلۂ تصنیف وتالیف کا آغاز کار ''حقائق السنن'' شرح ''الجامع السنن للامام الترمذی'' سے ہوا۔ جو میرے شیخ ومربی محدث کبیر شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق صاحبؒ کے درسی افادات کی ترتیب وتدوین تھی پھر مختلف عنوانات اور موضوعات پر کتابیں آتی رہیں۔

اللہ کی مدد ،نصرت شامل حال رہی۔آج یہ رفتارِ کار الحمدللہ شرح شمائل ترمذی کے دوسرے ایڈیشن کی از سرنو تدوین وکتابت کی تکمیل تک آ پہنچی ہے۔ والحمدللّٰہ علی ذلک حمداً کثیراً

اب دوسرے ایڈیشن میں عربی شروحات سے نقل کردہ تمام عبارات واقتباسات کا اردو ترجمہ بھی کر دیا گیا ہے۔راویانِ حدیث کے تذکروں کو راوی کا نمبر دیکر علیحدہ جلد میں یکجا کر دیا گیا ہے۔اب آئندہ یہ شرح طلبہٗ دورۂ حدیث اور اساتذۂ حدیث کے لئے تین جلدوں میں یکجا اور مکمل ایڈیشن کی شکل میں چھپتی رہے گی انشاء اللہ۔شرح شمائل ترمذی مکمل ہوگئی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ کام میں نے کیا نہیں کرایا گیا ہے اور جو کچھ بھی ہوا اللہ ہی کے کرم سے ہوا اس وقت دل تشکر وامتنان کے جذبات سے معمور ہے۔علامہ شبلی نعمانیؒ نے تاریخ لکھی' ہیروز آف اسلام کا سلسلہ شروع کیا' شعرالعجم تحریر فرمائی' المامون کو مکمل کیا۔آخر عمر میں اللہ کریم نے سیرت النبی ﷺ کی توفیق بخشی تو ایک قطعہ نواب شاہ جہان بیگم والئی بھوپال کی خدمت میں پیش کیا جو سادگی' بے ساختگی' اختصار وتاثیر' اور جذبات ومحبت کے لحاظ سے بے نظیر ہے۔

عجم کی مدح کی' عباسیوں کی داستاں لکھی
مجھے چندے مقیم آستانِ غیر ہونا تھا

مگر اب لکھ رہا ہوں سیرتِ پیغمبر خاتمؐ
خدا کا شکر ہے یوں خاتمہ بالخیر ہونا تھا

(عبدالقیوم حقانی)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرستِ مضامین

''تذکرہ راویان شمائل ترمذی''

==================

بسم اللہ الرحمن الرحیم

علم اسماءِ رجال اور سند کا اہتمام

رسول اللہ ﷺ کی کوئی حدیث صحابہ کرامؓ سے ہوکر چند راویوں کے واسطے سے بتدریج کسی شیخ پر منتہی ہوتی ہے، اس سلسلۂ روایت کو اس حدیث کی سند کہتے ہیں۔ کسی شیخ سے یہاں مراد وہ شیوخ حدیث ہیں جو سلسلۂ سند میں سنگِ میل کی حیثیت اختیار کر چکے ہیں اور جن کے ہاتھوں امتِ مسلمہ میں احادیثِ رسول کے مجموعوں کی جمع و تدوین کا عظیم کارنامہ صدرِ اول میں انجام پا چکا ہے۔ جیسے امام مالک، امام احمد بن حنبل، امام بخاری، امام مسلم (رحمہم اللہ) وغیرہ کتبِ حدیث کی تدوین کے بعد روایتِ حدیث کی سند کے لئے ان اکابر کو شیخ ماننا حدیث کے طالب علموں کے لئے ناگزیر ہے۔

سلسلۂ روایت میں صحابہ کرامؓ کی جو حیثیت اور مرتبہ و مقام مسلّم ہے۔ صحابہؓ بہر حال اس امت کے گلِ سرسبد ہیں۔ ان کے متعلق یہ طے ہے کہ وہ جرح و تنقید سے قطعی بالاتر ہیں اور محدثین کا یہ اصول کہ "الصحابة کلهم عدول" (تمام صحابہؓ جرح و تعدیل سے بالاتر ہے) ان کے بارے میں بالکل ٹھیک ہے اس لئے کہ صحابہؓ کا یہ منصب جو بیان ہوا ہے کہ :

عن عمر بن الخطاب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ، اصحابى كالنجوم فبايهم اقتديتم اهتديتم (مشكوة المصابيح ، باب مناقب الصحابة)

حضرت عمر بن خطابؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میرے صحابی ستاروں کی مانند ہیں ان میں سے جس کسی کی بھی پیروی کروگے راہ یاب ہوگے۔

اس کا یہ تقاضا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی طرف ان کی منسوب کردہ حدیث کے بارے میں یہ رائے رکھیں کہ وہ پوری امانت و دیانت کے ساتھ روایت کی گئی ہے اور اس کے بارے میں بلاوجہ کسی شبہ میں نہ پڑیں جہاں تک سلسلۂ روایت کے باقی راویوں کا تعلق ہے وہ سب کے سب تنقید کی زد میں آتے

ہیں۔ ان سب کی امانت و دیانت، علمی مرتبہ، حافظہ، دین پر عمل ہر چیز کو پرکھا جاتا ہے اور ائمہ فن کی ان کے بارے میں آراء کو جمع کیا جاتا ہے اس اہتمام کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ روایتِ حدیث میں کوئی خرابی راہ نہ پائے۔ اسی اہم ضرورت نے فنِ اسماء الرجال کی راہ ہموار کی۔

علم حدیث کی حفاظت کے لئے سند کا باقاعدہ اہتمام اور فنِ اسماء الرجال کی ایجاد مسلمانوں کا ایک کارنامہ ہے۔ جس میں کوئی قوم ان کا مقابلہ نہیں کر سکتی جرح و تعدیل کا یہ فن مسلمانوں کا خاص فن ہے جن لوگوں نے نبی کریم ﷺ کے اقوال و احوال کی روایت، تحریر و تدوین کا کام سرانجام دیا ان راویانِ حدیث میں صحابہ کرامؓ تابعینؒ تبع تابعینؒ اور بعد کے تیسری صدی ہجری تک کے لوگ شامل ہیں۔ جن کی تعداد ایک محتاط اندازے کے مطابق لاکھوں تک پہنچتی ہے۔ صرف نبی ﷺ کے دیکھنے اور ملنے والوں میں سے کم وبیش بارہ ہزار اشخاص کے نام اور حالات ہمیں ملتے ہیں۔ ان تمام رواتِ حدیث کے حالات معلوم کرنے اور ان کے طبقات قائم کرنے میں ہزاروں اکابرینِ امت نے اپنی عمریں کھپادیں وہ قریہ بہ قریہ پہنچے راویوں سے ملے، ان کے متعلق ہر قسم کی معلومات مہیا کیں اور جو لوگ خود ان کے عہد میں بقیدِ حیات نہیں تھے ان کے ملنے والوں سے یا ان کے توسط سے ان سے اوپر کے لوگوں سے ان کے حالات دریافت کیے اور جس حد تک انسانی امکان میں ہوسکتا تھا ان حاصل شدہ معلومات کی چھان پھٹک کی۔ اس طرح سے وہ عظیم الشان اور فقید المثال فن معرضِ وجود میں آیا جسے فنِ اسماء الرجال کہا جاتا ہے اس کے تحت اصحابِ روایت حدیث و آثار کے اسماء، القاب، سوانح، سیرت و امانت و دیانت کا حال قلم بند کیا گیا ائمہ محدثین کی ان کے بارے میں رائیں جمع کی گئیں۔ ان کی جرح و تعدیل کی گئی اور ان کے طبقات کی تعیین کی گئی گویا جس کسی نے رسول اللہ ﷺ کی نسبت کے ساتھ کوئی بات کہنے کی جرات کی اس کی ساری زندگی نہایت بے لاگ اور بے رحم نقادوں کا ہدف بن گئی۔ اور آخرت سے پہلے اس کو سارا حساب اسی دنیا میں دینا پڑ گیا۔

اس فن میں اگر کوئی قوم مسلمانوں کی حریف ہوسکتی تھی تو وہ اہل کتاب ہوسکتے تھے لیکن ان کا

حال یہ ہے کہ اس طرح کا انتظام اپنے نبیوں کے اقوال کی حفاظت کے لئے تو درکنار انہوں نے اپنے آسمانی صحیفوں تک کے لئے نہیں کیا وہ اس میدان میں نہایت ہی پیچ نکلے۔ ان کی مذہبی کتابوں کی تو وہ حیثیت بھی نہیں ہے جو ہمارے ہاں ہماری تاریخ کی کتابوں کی ہے۔ ہمارے ہاں تاریخ کی بھی روایت ملے گی تو اس کی سند موجود ہوگی۔ اور اس کے لئے کوئی معیار بہر حال مطلوب ہوگا۔ لیکن ان کے ہاں ان کی سب سے بڑی کتاب، کتابِ مقدس کے لئے بھی یہ اہتمام نہیں ملتا اسی طرح انجیلیں حضرت مسیح علیہ السلام کے بعض حواریوں جیسے لوقا، یوحنا، مرقس وغیرہ سے منسوب تو ہیں لیکن ان کے اولین راویوں تک کے اپنے حالات کسی کو معلوم نہیں۔ انجیلوں کی روایت حواریوں سے کس کس نے کی اس کا تو سرے سے تذکرہ ہی نہیں ملتا۔ جن قوموں نے اپنے آسمانی صحیفوں کی حفاظت میں کمزوری دکھائی وہ اپنے رسولوں کے اقوال کی حفاظت کا بھلا کیا اہتمام کرتیں۔ یہاں یہ نکتہ نہایت اہم اور قابل توجہ ہے کہ اس زمانہ میں حدیث کے طالب علموں کو جملہ رواۃ حدیث کے بارے میں جرح وتعدیل کے لئے بہر حال سلف کی تحقیقات پر ہی قناعت کرنی پڑے گی اور مجرد ان ہی کی تحقیقات کی کسوٹی پر کسی سند کے راویوں کا درجہ متعین کیا جائے گا۔ چنانچہ اب کسی حدیث کی سند کو متقدمین کی فراہم کردہ انہی معلومات کی روشنی میں جانچا پرکھا جائے گا۔ اس لئے کہ ذرائع تحقیق مرورِ زمانہ سے اب معدوم ہو چکے ہیں۔ اس میں ہمارے ان اکابرین فن نے تحقیق کی معراج کی بلندیوں کو چھوا ہے۔ اور انسانی امکان کی حد تک اس فن کی خدمت کی ہے۔

سند کو کسی حدیث کے صدق وکذب کے فیصلہ میں ایک اہم بلکہ اولین عامل کی حیثیت حاصل ہے ظاہر ہے کہ کسی حدیث کی تحقیق کے لئے سب سے پہلے اس کی سند پر نظر پڑے گی۔ اور اس کے متن پر غور کرنے سے پہلے اس کی جانچ کرنا پڑے گی۔ اس جائزے کی روشنی میں اس روایت کا درجہ متعین کیا جائے گا۔ سند کی اس اہمیت سے انکار کی کسی کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے لیکن حدیث کے بعض غالی حامیوں کا یہ خیال ہے کہ کسی حدیث کی صحت کے ثبوت کے لئے مجرد اس کی سند کا علم اصول

کے معیار پر پورا ہونا کافی ہے۔یعنی ان کے نزدیک صحت حدیث کے لئے صرف سند کی صحت اور اس کا قابل اعتماد ہونا فیصلہ کن امر ہے۔ ہمارے نزدیک ان کا یہ خیال صحیح نہیں ہے۔ یہ غلو پر مبنی اور محض حسنِ ظن ہے یہ سلف کی ساری تحقیقات جن کا ہم نے اوپر اجمالی خاکہ پیش کیا، کو گہنا دیتا ہے اس لئے اس مسئلے پر ہم ذرا تفصیلی بحث کریں گے۔سند کے تمام محاسن لطائف عظمت اہمیت اور اس کے مطابق معیار ہونے کے باوجود اس میں بعض ایسے فطری خلا رہ جاتے ہیں جن کی تلافی کے لئے ضروری ہے کہ حدیث کی صحت کو جانچنے کے لئے سند کے سوا بعض دوسرے طریقے بھی اختیار کیے جائیں۔مجرد سند پر اعتبار کر کے کسی روایت کی صحت اور حسن وقبح۔کے متعلق پوری طرح سے اطمینان نہیں کیا جا سکتا اس کو مثال سے آپ یوں سمجھ سکتے ہیں کہ جب ہمیں کسی درخت کی تحقیق مقصود ہو تو محض اس کی جڑ کی کیفیت کا مطالعہ کافی نہیں ہوگا۔ بلکہ جڑ کے علاوہ اس کے تنے ٹہنیوں پتوں اور پھل پھول وغیرہ کا بھی مکمل جائزہ لینا پڑے گا تب کہیں جا کر اس درخت کے متعلق ہم جامع اور حتمی رائے قائم کر سکیں گے۔

سند کی تحقیق میں جو خلا باقی رہ جاتے ہیں وہ معمولی غور وتدبر سے سمجھ میں آجاتے ہیں مثلاً پہلا خلا اس میں یہ ہے کہ اپنے تعلق وعلاقہ سے بعید ہزاروں بلکہ لاکھوں آدمیوں کے عقیدہ وکردار ان کے علم وعمل اور ان کے تعلقات ومعاملات کی ایسی تحقیق کہ ان کے متعلق یہ طے کیا جا سکے کہ علم رسول کے حمل ونقل کے باب میں ان پر اطمینان کیا جا سکتا ہے یا نہیں۔کوئی آسان کام نہیں ہے بے شک محدثین نے اس میدان میں بڑی جاں فشانیاں کی ہیں۔لیکن یہ کام ہے بہت مشکل ۔اس نوعیت کی تحقیق اگر ہم اپنے گاؤں یا قصبہ یا شہر کے لوگوں کے بارے میں کرنا چاہیں تو چنداں آسان نہیں۔ چہ جائے کہ ہزاروں میل دور کے لوگوں کے بارے میں جو مختلف ادوار میں پھیلے ہوئے ہوں اس قسم کی تحقیق کے بارے میں محتاط رائے یہ ہو سکتی ہے کہ فی الجملہ ہمیں ان لوگوں کے کوائف معلوم ہیں اور اب ان کی شخصیات مجہول نہیں رہی۔ان کے بارے میں کسی رائے کو حتمی یا قطعی کہنا مشکل اور غالباً اپنی معلومات پر ضرورت سے زیادہ اعتماد ہے آدمی کے کردار واخلاق کے معاملہ میں قابل اطمینان رائے

اسی صورت میں قائم کی جا سکتی ہے جب معاملات میں اس سے عملاً سابقہ پڑا ہو۔

حضرت عمرؓ جیسے صاحب علم وفراست کی رائے یہی ہے ان کی نسبت مشہور ہے کہ ایک صاحب نے ان کے سامنے کسی دوسرے شخص کی تعریف کی تو انہوں نے دریافت فرمایا کہ کیا تمہارا اس کے ساتھ کبھی پڑوس رہا ہے انہوں نے جواب دیا کہ نہیں تب انہوں نے پوچھا کیا تم نے اس کے ساتھ کوئی تجارتی سفر کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ نہیں۔ اس پر حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ تب تمہیں اس کا حال کیسے معلوم ہو سکتا ہے کہ وہ کیسا آدمی ہے؟ مطلب یہ ہے کہ جب تک آدمی کسی کے ساتھ کوئی معاملہ نہ کرے اس کے ساتھ کسی کاروبار یا تجارت میں شریک نہ رہا ہو۔ اس کے ساتھ سفر نہ کیا ہو اس کا پڑوس نہ رہا ہو مسجد میں ایک دوسرے سے میل ملاپ نہ رہا ہو دیگر دنیاوی معاملات میں ایک دوسرے سے تعاون نہ رہا ہو۔ ربط ضبط کا ماحول نہ رہا ہو۔ تو اس کے بارے میں واقعہ یہ ہے کہ آسانی کے ساتھ رائے نہیں قائم کی جا سکتی ان حالات میں بعض اوقات ایک ذہین وفطین آدمی بھی دھوکہ کھا سکتا ہے۔

سند کی تحقیق میں دوسرا اغلاط جرح وتعدیل کے کام کی نزاکت سے پیدا ہوتا ہے ہر محقق یہ نہیں جانتا کہ جرح کس چیز پر ہونی چاہئے یعنی یہ جاننا کہ کیا باتیں جرح کے حکم میں داخل ہیں اور کیا باتیں تعدیل کے مقتضیات میں سے ہیں ہر شخص کا کام نہیں ہے کردار کی اساسات کیا ہیں؟ بدکرداری کی بنیادیں کیا ہیں؟ یہ چیزیں اتنی آسان نہیں کہ ہر خاص وعام اس کا کما حقہ ادراک کر سکے۔ اس بے خبری کی مثالیں ماضی میں رہی ہیں اور خود مشائخ نے ان کا تذکرہ کیا ہے موجودہ دور کے غلوئے عقیدت ونفرت سے اس مشکل کا ایک سرسری اندازہ کیا جا سکتا ہے جرح وتعدیل کا کام فقاہت، بصیرت، تجربے اور معقولیت کا متقاضی ہے انسان ہمیشہ انسان ہی رہے ہیں فرشتے نہیں رہے ہیں فن اسماء الرجال کے ماہرین کا معیار اخلاق بصیرت وبصارت۔ بے شک ہم سے اونچا رہا ہے لیکن وہ بہرحال آدمی ہی تھے رواۃ حدیث کے متعلق ان کی فراہم کردہ معلومات اور ان پر مبنی آراء عام انسانی جبلت میں موجود تعصب کے شائبہ سے پاک نہیں ہو سکتیں۔ جو حق یا مخالف دونوں صورتوں میں پایا جاتا ہے

جرح وتعدیل کے فن کے مقتضیات میں سے ہے کہ کسی کے متعلق معلومات فراہم کرنے والا شخص جچا تلا آدمی ہونا چاہیے۔ اور اس سے زیادہ جچا تلا، متوازن اور زیرک اس کو ہونا چاہیے جو جرح وتعدیل کرتا ہے ہمارے نزدیک جرح وتعدیل کے کام کی مشکلات کا لحاظ کرتے ہوئے محتاط طرز عمل یہ ہے کہ سلسلہ روایت یعنی سند کے راویوں کے متعلق اس فن کی فراہم کردہ معلومات کی روشنی میں فی الجملہ ایک رائے قائم کی جائے لیکن اس رائے کو قطعیت کا یہ رنگ نہیں دیا جاسکتا کہ کسی حدیث کی صحت کا معیار اسی رائے کو ٹھہرالیا جائے۔

سند کی تحقیق میں تیسرا خلا یہ ہے کہ ہمارے آئمہ نے اہل بدعت خصوصاً شیعہ اور روافض سے روایات لینے میں بڑی مسامحت برتی ہے۔ یہ لوگ دوسرے معاملات میں تو بڑے بیدار ثابت ہوئے لیکن صاف معلوم ہوتا ہے کہ اس معاملہ میں انہوں نے واقعی چشم پوشی سے کام لیا امام مالکؒ سے متعلق تو بے شک اس معاملے میں احتیاط منقول ہے لیکن دوسرے حضرات اہل بدعت سے روایات لینے میں کوئی قباحت نہیں خیال کرتے تھے بس اتنی احتیاط فرماتے تھے کہ ان کے خیال میں وہ اپنی بدعت کا باقاعدہ داعی نہ ہو۔ گویا ان کے نزدیک محض مبتدع سے روایات لینے میں کوئی قباحت نہیں تھی۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ از روئے قرآن، از روئے حدیث اور حدیث کے مجموعی مزاج کے تقاضے کے لحاظ سے مجرد اہل بدعت کے گروہ سے ہونا ضعف کے لئے کافی ہے اگرچہ راوی اپنی بدعت کا داعی نہ رہا ہو اس کی وجہ یہ ہے کہ شیعیت، رفض، باطنیت اور اس قبیل کے دوسرے مذاہب اصل دین سے انحراف پر قائم ہیں اپنے مذہب کو ثابت کرنے کی خاطر جب تک یہ اصل دین میں جھوٹ نہ بولیں تو اپنا گروہی فریضہ نہیں ادا کرتے۔ انہیں اپنی بدعت کے حق میں دلیل فراہم کرنے کے لئے روایات کے سہارے کی ضرورت پڑتی ہے اور ان کے لئے روایات میں خیانت کے سوا کوئی چارہ نہیں کیونکہ ان کے مذاہب بہرحال بدعت ہی کے اوپر قائم ہے کسی ماثور حقیقت کے اوپر قائم نہیں سواد امت سے ان فرقوں کا اختلاف کسی ایک آدھ آیت یا چند حدیثوں کی توجیہ میں نہیں ہے بلکہ بیشتر دین کے ماخذ میں

اختلاف ہے جس سے ان کا مذھب بالکل الگ ہوگیا ہے اب اگر کسی کو ان فرقوں کے ساتھ صلح کل کے فلسفے کو نبھانا اور بھائی چارہ اور دوستی قائم کرنا ہو تو وہ ضرور ایسا کرے لیکن دین کے معاملے میں اس باطل فلسفے کو راہ نہیں دی جاسکتی ہمارے نزدیک اہلِ بدعت کی روایات قبول کرنے کی یہ گنجائش فتنوں کا دروازہ کھولنے کے مترادف ہے اور ماضی میں اس کا باعث بنی ہے مجرد کسی کا مبتدع ہونا اس کے ساقط الروایۃ ہونے کے لئے کافی ہے اور ان فرقوں میں سے کسی کی روایت قابلِ قبول نہیں ہونی چاہیے خواہ وہ قسم کھاکے روایت کرے کہ میں سچ ہی روایت کروں گا ہمارے نزدیک یہی صحیح مسلک ہے جو قرآن وسنت کے مطابق ہے۔

سند کی تحقیق میں چوتھا خلا یہ ہے کہ ہمارے اکابر حدیث نے حلال وحرام کے متعلق حدیثیں قبول کرنے میں فی الجملہ احتیاط برتی ہے لیکن ترغیب وترہیب اور فضائل وغیرہ کی روایات میں انہوں نے عمداً تساہل برتا ہے الکفایۃ فی علم الروایۃ میں امام احمد بن حنبلؒ کا قول نقل ہوا ہے۔

وہ فرماتے ہیں۔ اذا روینا عن رسول اللہ ﷺ فی الحلال والحرام والسنن والاحکام تشددنا فی الاسانید واذا روینا عن النبی ﷺ فی فضائل الاعمال ومالایضع حکماً ولا یرفعہ تساھلنا فی الاسانید (جب ہم رسول اللہ ﷺ سے حلال وحرام اور سنن واحکام کے بارے میں روایت کرتے ہیں تو سند کے معاملے میں پوری احتیاط برتتے ہیں لیکن اگر معاملہ فضائلِ اعمال وغیرہ کا ہو جس سے نہ کوئی حکم قائم ہوتا ہو، نہ کوئی حکم منسوخ ہوتا ہو تو اس کی سند میں ہم تساہل برتتے ہیں) (الکفایۃ فی علم الروایۃ باب التشدد فی احادیث الاحکام والتجوّز فی فضائل الاعمال ص ۱۳۴) گویا محدثین نے سند کی صحت کو صرف ان روایات کی ضمن میں درخورِ اعتناء سمجھا جن میں کسی نوعیت کے احکام تھے ترغیب وترہیب کی کمزور روایت کو مفید سمجھا گیا کہ ان کے باعث لوگ نیکی کی طرف رجوع کریں۔ فضائل کی روایات سے بھی نیکی کے عمل کو مہمیز ملتی تھی اس لئے ان کو سند کے ضعف کے باوجود کتابوں میں جگہ دیدی گئی۔ تذکرہ راویان شمائل ترمذی میں عربی عبارات کے ترجمہ پر اس لئے بھی کم توجہ دی گئی کہ یہ علماء اور اربابِ فن ہی کے لئے ہے عام اردو خوان طبقہ غلط فہمی میں مبتلا ہوسکتا ہے۔ (عبدالقیوم حقانی)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تذکرہ راویان شمائل ترمذی

(۱) ﴿ قتیبۃ ﴾

آپ کا نام علی، لقب قتیبہ، کنیت ابورجاء، والد کا نام سعید اور دادا کا نام عبداللہ ثقفی تھا۔ بلخ کے ایک گاؤں بغلان کے رہنے والے تھے، سن پیدائش ۱۴۸ھ اور سن وفات ۲۴۰ھ ہے ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں ثقة ثبت من مشائخ البخاری ومسلم. رحل الی العراق والمدینة ومکة والشام ومصر وسمع مالک بن انس وخلقاً کثیراً من الاعلام روی عنه البخاری والترمذی وخلق کثیر من الأئمة (جمع ۱۱) ابن ماجہ کے سوا باقی تقریباً تمام ائمہ نے آپ سے حدیث کا علم اخذ کیا وکان ماموناً حافظاً عالماً صاحب سنن (مناوی ص ۱۱)

(۲) ﴿ مالک بن انسؒ ﴾

یہ معروف فقہی دبستان کے بانی حضرت امام مالک بن انسؒ ہیں وھو من کبار اتباع التابعین ۹۵ھ میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۹ھ میں مدینہ منورہ میں انتقال ہوا (الاکمال فی اسماء الرجال) نو سو علماء ومشاہیر اہل علم سے حدیث حاصل کی بلغ مشائخه تسع مائة (جمع ۱۲)

وقال البخاری اصح الاسانید مالک عن نافع عن ابن عمر فاذا قال الشافعیؒ حدثنا مالک عن نافع عن ابن عمر کانت سلسلة الذهب کما قال شیخنا (م ۷) امام مالکؒ نے ایک ہزار

حدیث اپنے ہاتھ سے لکھی امام شافعیؒ فرماتے ہیں ما تحت السماء اصح من مؤطا تاہم محدثین کے نزدیک ان کا یہ ارشاد صحیحین کے وجود سے پہلے کا ہوگا کیونکہ صحیحین کا درجہ سب پر فائق ہے۔

(۳) ﴿ ربیعہؒ ﴾

ربیعہ لقب ابوعثمان القرشی المدنی کنیت اور فروخ نام ہے حافظ فقیہ ثبت مجتھد بصیر الرای (مناوی ۱۲) مدینہ منورہ کے فقہا میں سے ایک فقیہ تھے وقال مالک ذھبت حلاوۃ الفقہ بموتہ (مناوی ۱۲)

(۴) ﴿ انس بن مالکؓ ﴾

ابن نضر خزرجی انصاری تھے حضور اقدس ﷺ کے خادم خاص تھے دس سال تک آنحضرتؐ کی خدمت کا شرف حاصل کیا آپ سے دو ہزار چھ سو چھتیس احادیث مروی ہیں آپؐ نے حضرت انسؓ کے مال و اولاد اور عمر میں برکت کی خصوصیت سے دعا فرمائی تھی ان کی زمین سال میں دو دفعہ فصل دیتی تھی۔ سو برس سے زائد عمر پائی صحابہ میں سب سے آخر میں ۹۳ھ میں وفات پائی وھو آخر صحابی مات بالبصرۃ (مناوی ص ۱۲)

(۵) ﴿ حُمیدؒ ﴾

حامد کی تصغیر ہے سوائے امام بخاریؒ کے بہت سے لوگوں نے ان سے روایت کی ہے ۱۴۳ھ میں ان کا انتقال ہوا (مناوی ص ۱۶) امام ترمذیؒ کے استاذ ہیں لفظ بصری حرف با کے فتح کسرہ اور ضمہ تینوں کے ساتھ پڑھا جاتا ہے تاہم بالکسر قلیل بلکہ اقل ہے (جمع ص ۱۶)

(۶) ﴿ عبدالوہابؒ ﴾

دوسرے راوی ہیں ابومحمد ان کی کنیت ہے بصرہ کے اشراف میں سے ہیں ثقہ اور جلیل ہیں۔ وفات سے تین برس قبل ضعف دماغ ہوگیا تھا ۱۰۸ھ ان کا سن پیدائش ہے اور ۱۹۴ھ میں وفات ہوئی۔ امام شافعیؒ امام احمد بن حنبلؒ اور امام ابن راہویہؒ جیسے اساطین علم نے ان سے روایت کی ہے آپ

عرب کے مشہور قبیلہ ثقیف سے تعلق رکھتے ہیں (مناوی ص ۱۶)

(۷) ﴿ حمید الطّویلؒ ﴾

یعنی ابوعبید الخزاعی البصری ہیں ان کو حمید الطّویل کہتے ہیں چونکہ ان کا ہمسایہ حمید القصیر تھا اس لئے دونوں میں امتیاز کے لئے ان کو حمید الطّویل کہا گیا انما قیل له الطویل لقصره و لطول يده او لكون جاره طويلا (جمع ۱۶) طول ید میں طوالت کی بات بھی عجیب ہے جب وہ میت کے پاس آتے تو ان کا ایک ہاتھ میت کے سر پر ہوتا تو دوسرا ہاتھ پاؤں پر ہوتا تھا (مناوی ص ۱۶)

ان کے نام میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے شارحین حدیث نے ان کے کئی نام ذکر کیے ہیں جن میں تیرویه. داؤدیه. طرخان. مہران. عبدالله. عبدالرحمن. مخلد وغیرہ مشہور ہیں (مناوی ص ۱۶)

علماء کی ایک جماعت نے ان سے روایت کی ہے ثقہ ہیں حجت ہیں تابعین میں سے ہیں الشیخ عبدالرؤف مناویؒ فرماتے ہیں ومن تركه فانما تركه لدخوله في عمل السلطان (مناوی ص ۱۶) وعابه زائدة لدخوله في شئي من امر الامراء وهو من صغار التابعين (جمع ص ۱۶) ۱۴۲ھ یا ۱۴۳ھ نماز پڑھتے ہوئے ان کا انتقال ہوا مات وهو قائم يصلي (مناوی ص ۱۶)

(۸) ﴿ محمد بن بشار عبدیؒ ﴾

امام ترمذیؒ کے استاذ ہیں کنیت ابوبکر ہے بندار سے معروف ہیں بندار کا عربی میں معنیٰ سوق العلم ہوتا ہے مشہور و معروف محدث بلکہ اصحاب صحاح ستہ کے استاذ ہیں وهو من كبار الآخذين عن تبع التابعين (جمع ۱۸) حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں هو شيخ الائمة الستة (مناوی ص ۱۸) امام ابوداؤدؒ فرماتے ہیں كتبت عنه خمسين الف حديث (مناوی ۱۸) مشاہیر ثقات میں ہیں علماء نے ان کے ثقہ ہونے پر اتفاق کیا ہے العبدی کی نسبت قبیلہ عبدقیس کی وجہ سے ہے رجب ۲۵۲ھ میں انتقال ہوا

(۹) ﴿ محمد بن جعفرؒ ﴾

نام ہے ابوعبداللہ کنیت ہے البصري الهذلي ہیں غندر سے مشہور ہیں حضرت ابن جریجؒ کی مجلس درس

میں بہت سوال کرتے تھے ایک روز انہوں نے آپ سے فرمایا ماتریدہ یا غندر پس اسی روز سے اسی نام سے مشہور ہو گئے (مناوی ۱۸)

بڑے عابد، زاہد، ثقہ متدین اور عبادت گزار تھے ان کے حالات میں لکھا ہے ایک دن افطار ہوتا تھا اور ایک دن روزے سے ہوتے تھے یفطر یوماً ویصوم یوماً (مناوی ۱۸) ائمہ ستہ نے صحاح میں آپ سے تخریج کی ہے ستر برس کی عمر میں ۱۹۳ھ میں آپ کا انتقال ہوا۔

(۱۰) ﴿ شعبہؒ ﴾

ابن حجاج، امام ثوریؒ نے انہیں امیر المؤمنین فی الحدیث قرار دیا ہے ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کان اماماً من ائمة الدین ورکناً من ارکان الدین وھو من کبار اتباع التابعین (جمع ۱۹) امام شافعیؒ فرماتے ہیں لولا شعبة ماعرف الحدیث بالعراق امام احمد بن حنبلؒ کا ارشاد ہے لم یکن فی زمن شعبة مثله ۱۶۰ھ میں ان کا انتقال ہوا۔

(۱۱) ﴿ ابو اسحٰقؒ ﴾

میرک شاہؒ فرماتے ہیں آپ کا نام عمرو بن عبداللہ السبیعی الھمدانی الکوفی ہے مشہور تابعی ہیں کثیر الروایت ہیں حضرت علیؓ اور حضرت ابن عباسؓ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ بڑے زاہد، عابد صائم الدھر اور قائم اللیل تھے، بارہا جہاد میں شریک ہوئے۔

شیخ عابد غزا مرات کان صوّاماً قوّاماً (مناوی ص ۱۹) حضرت براء بن عازبؓ اور زید بن ارقمؓ سے سماع کیا اعمشؒ، شعبہؒ اور ثوریؒ نے آپ سے روایت کی ہے ۱۲۷ھ یا ۱۲۹ھ میں انتقال ہوا (مناوی ۱۹)

(۱۲) ﴿ البراء بن عازبؓ ﴾

ابو عمارہ کنیت ہے الانصاری الاوسی ہیں مشاہیر صحابہ کرامؓ سے ہیں جنگ خندق میں موجود تھے ۷۲ھ میں مصعب بن زبیرؓ کے دور میں کوفہ میں انتقال ہوا (مناوی، جمع ۱۹)

(۱۳) محمود بن غیلانؒ

امام ترمذیؒ کے استاذ ہیں کنیت ابو احمد المروزی ہے بڑے اکابر اور تابعین نے ان سے حدیث اخذ کی ہے شیخینؒ اور ,, صاحب المصنف ،، نے بھی ان سے تخریج کی ہے ثقة حافظ خرج له الشیخان والمصنف (مناوی ص ۱۴) رمضان المبارک ۲۳۹ھ میں انتقال ہوا (مناوی ص ۲۲)

(۱۴) وکیعؒ

وکیع ابن الجراح نام، کنیت ابوسفیان الکوفی ثقہ حافظ اور عابد تھے اکابرین طبقہ سابعہ میں سے ایک ہیں من کبار الطبقة السابعة ثقة حافظ عابد (جمع ۲۲) نیشاپور کے ایک قریہ کے رہنے والے ہیں امام الجرح والتعدیل تھے وکیعؒ نے امام ابوحنیفہؒ سے حدیث بھی پڑھی ہے اکثر ائمہ کے استاذ تھے ہمیشہ امام اعظم ابوحنیفہؒ کے قول پر فتویٰ دیتے تھے وكان يفتي بقول ابي حنيفةؒ وكان قد سمع منه شيئا كثيرا (جمع ۲۳) بغداد آئے تو وہاں حدیث بیان کرتے رہے۔

امام احمدؒ فرماتے ہیں ما رايت اوعى للعلم منه ولا احفظ اور حماد بن زیدؒ نے کہا ہے لو شئت لقلت انه ارجح من سفيان (مناوی ۲۳) عاشورا کے روز ۱۹۷ھ میں انتقال ہوا۔

(۱۵) سفیان ثوریؒ

نام سفیان بن سعید ثوری، کنیت ابوعبداللہ ہے ۹۶ھ یا ۹۷ھ یا ۹۹ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۶۰ھ میں انتقال ہوا صاحب الاکمال نے لکھا ہے کہ سفيان الثوری امام المسلمين اور اللہ کی مخلوق پر حجۃ ہیں واليه المنتهى في علم الحديث تمام لوگوں نے آپ کے دین زہد و ورع اور ثقہ ہونے پر اجماع کیا ہے كان اماما عالما ثبتا حجة زاهدا ورعا مجمعا على صحة حديثه وروايته (جمع ۲۳) اور اس میں کسی کو بھی اختلاف نہیں ہے فرماتے ہیں " احد اقطاب المسلمين اور احد الائمة المجتهدين " خلق کثیر نے آپ سے سماع کیا عمرؒ، اوزاعیؒ، ابن جریجؒ، مالکؒ، شعبہؒ، ابن عیینہؒ، فضیل بن عیاضؒ اور بہت لوگوں نے ان سے روایت کی ہے۔ ۱۶۱ھ میں بصرہ میں وفات پائی امام اعظم ابوحنیفہؒ کے ہمعصر تھے

آپ سے دس سال بعد وفات پائی، ابتداء میں امام ابوحنیفہؒ سے مخالفت تھی مگر جب ابوحنیفہؒ کے طریق علم، مسلک اور علمی وفقہی عظمت کا علم ہوا تو آپ کے مداح بن گئے ان کا اجتہاد بھی امام اعظم ابوحنیفہؒ کے ساتھ ملتا جلتا ہے۔

خود امام ترمذیؒ بھی آپ کی عظمت کے قائل ہیں بلکہ آپ کے اجتہاد کو ابوحنیفہؒ کے اجتہاد کے ساتھ ساتھ لاتے ہیں جگہ جگہ کہتے ہیں قال ثوری واھل کوفۃ۔

سفیان ثوریؒ مقبولین الہیٰ اور مستجاب الدعوات لوگوں میں سے تھے ملا علی قاریؒ تحریر فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ کسی بات پر خلیفہ ابوجعفر ان پر ناراض ہو گیا اور وہ سفر مکہ میں تھا جب ناراضگی اور کدورت بڑھی تو اس نے حکم دیا بلکہ آدمی بھیجے کہ میرے مکۃ المکرمہ پہنچنے سے پہلے پہلے دو لکڑیاں کھڑی کردی جائیں تا کہ ان پر میرے سامنے امام ثوریؒ کو سولی پر لٹکایا جاسکے اس وقت سفیان بن عیینہ بھی مکہ مکرمہ میں موجود تھے بلکہ وہ سفیان (الثوری) کان مضطجعاً وراسہ فی حجر فضیل بن عیاض ورجلہ فی حجر ابن عیینۃ (جمع ۲۳) لوگوں نے انہیں مشورہ دیا کہ خلیفہ نے آپ کو سولی پر لٹکانے کا فیصلہ کیا ہے یاابا عبداللہ اختف ولا تشمت بنا اعداء نا فقام ودخل المسجد وتعلق باستار الکعبۃ وقال انا بریٔ منھا ان دخل ابوجعفر مکۃ (جمع ص ۲۳)

خدا کی قدرت کہ ابوجعفر مکے میں داخل ہی نہ ہو سکا فمات ابوجعفر قبل ان یدخل مکۃ (جمع ۲۳) اور اس طرح امام ثوریؒ سے یہ مصیبت ٹل گئی۔

(۱۶) ﴿ محمد بن اسماعیلؒ ﴾

یہ معروف محدث صاحب صحیح امام بخاریؒ ہیں نام محمد، کنیت ابوعبداللہ ہے آپ کو الجعفی بھی کہا جاتا ہے کیونکہ آپ کے جد اعلیٰ مغیرہ (جو مجوسی تھے) یمان البخاری کے ہاتھ پر ایمان لائے یمان البخاری جعفی تھے۔ جعفی یمن میں ایک قبیلہ ہے جو جعفی بن سعد کے ساتھ منسوب ہے ۱۹۴ھ میں پیدا ہوئے ۲۵۶ھ میں قریہ خرتنگ میں وفات پائی۔ دس سال کی عمر میں مکتب میں بیٹھے اٹھارہ (۱۸) سال کی عمر میں صاحب تصنیف ہوئے "قضایا الصحابۃ والتابعین" آپ کی پہلی تصنیف ہے پھر صحیح البخاری تصنیف

فرمائی جس نے کتاب اللہ کے بعد اصح الکتب کا مقام پایا ادب المفرد، التاریخ الاوسط والصغیر جامع الکبیر مسند الکبیر وغیرہ کتب بھی آپ کی تصنیف ہیں محمد بن اسحاق ؒ فرماتے ہیں ۔

ما رایت تحت ادیم ھذہ السماء اعلم بالحدیث من محمد بن اسماعیل البخاری ؒ امام احمد بن حنبل ؒ فرماتے ہیں مااخرجت خراسان مثل محمد بن اسماعیل ۔روی الحاکم ابوعبداللہ فی تاریخ نیسابور باسنادہ عن احمد بن حمدون قال جاء مسلم بن الحجاج الی البخاری فقبل بین عینیہ وقال دعنی اقبل رجلیک یا استاذ الاستاذین ویا سید المحدثین و یاطبیب الحدیث فی علله (مقدمہ صحیح البخاری ۳) محدثین آپ کو امیر المومنین فی الحدیث اور ناصر الحدیث النبویۃ کے القاب سے یاد کرتے ہیں آپ نے صحیح البخاری تیس پاروں میں ترتیب دی چھ لاکھ احادیث صحیحہ سے سات ہزار دوسو پچھتر (۷۲۷۵) احادیث کا انتخاب فرمایا اگر مکررات کو حذف کر دیا جائے تو باقی چار ہزار حدیثیں رہ جاتی ہیں ۔علماء نے لکھا ہے کہ نوے ہزار علماء نے بخاری شریف کی سند بلا واسطہ آپ سے حاصل کی ہے۔ شیخ ابراھیم البیجوری ؒ فرماتے ہیں البخاری جبل الحفظ وامام الدنیا عمی فی صباہ فابصر بدعاء امہ (ص۱۵ و مناوی ۲۴)

عبدالواحد بن آدم طراوسی ؒ نے حضور اقدس ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپ ﷺ مع جماعت صحابہ ؓ کے کھڑے انتظار کر رہے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں نے سلام عرض کیا آپ ﷺ نے جواب مرحمت فرمایا میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! آپ یہاں کیسے تشریف لائے ارشاد فرمایا انتظر محمد ابن اسماعیل البخاری بعد میں تحقیق سے ثابت ہوا کہ وہی وقت اور تاریخ امام بخاری ؒ کے وصال کی تھی امام بخاری ؒ کا ایک خاص وصف یہ بھی تھا کہ وہ دائیں اور بائیں دونوں ہاتھوں سے برابر لکھ سکتے تھے ملا علی قاری ؒ فرماتے ہیں کان یکتب بالیمین والیسار و روی عنه انه قال احفظ مائة الف حدیث صحیح ومائتی الف حدیث غیر صحیح (جمع ص ۲۴)

(۱۷) ﴿ ابونعیم ؒ ﴾

نام الفضل بن دکین اور کنیت ابونعیم ہے امام بخاری ؒ کے اکابر شیوخ سے ہیں من کبار شیوخ

البخاری (جمع ۲۴) ۱۲۹ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۱۹ھ میں انتقال فرمایا ملا علی قاریؒ نے لکھا ہے ذکر الرافعی فی کتاب التدوین انه رمی بالتشیع قیل و کان مزاحاً ذادعابة مع فقهه و دینه و کان فی غایة الاتقان والحفظ وهو حجة (جمع ص ۲۴)

(۱۸) ﴿المسعودیؒ﴾

ان کا پورا نام عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن عتبہ بن عبداللہ بن مسعود ہے المسعودی حضرت عبداللہ بن مسعودؓ صحابی کی طرف نسبت ہے ابن مسعر نے کہا اعلم احدا اعلم بعلم ابن مسعود منه (مناوی ص ۲۴) ۱۶۰ھ میں انتقال ہوا۔ موت سے قبل پریشان خیال ہوگئے تھے قال العصام صدوق اختلط قبل موته (جمع ۲۴) جن لوگوں نے آپ سے سماع اور روایت کی ہے وہ زمانہ پریشان خیالی سے قبل کا تھا اسلئے امام نسائیؒ فرماتے ہیں لاباس به وهو من کبار اتباع التابعین (جمع ص ۲۴)

(۱۹) ﴿عثمان بن مسلمؒ﴾

ملا علی قاریؒ تحریر فرماتے ہیں وعثمان هذا فیه لین اخرج حدیثه الترمذی والنسائی فی مسند علی له (جمع ص ۲۴) امام مناویؒ لکھتے ہیں قال النسائی عثمان هذا لیس بذاک (مناوی ص ۲۴)

(۲۰) ﴿نافع بن جبیر بن مطعمؒ﴾

یہ نام ہے القرشی البخاری ہیں جلیل القدر تابعی ہیں حضرت علیؓ سے سماع کیا ہے اور اپنے والد سے بھی حضرت ابوھریرہؓ اور دیگر بہت سے صحابہ کرامؓ سے روایت کرتے ہیں وهو تابعی جلیل سمع علیا وعدة من الاصحاب وابوه من کبار الصحابة (جمع ۲۴) امام زہریؒ وغیرہ ان سے روایت کرتے ہیں ۹۹ھ میں انتقال ہوا (مناوی ۲۴) ان کے والد جبیر بن مطعمؓ اکابر صحابہ میں سے تھے۔

(۲۱) ﴿علی بن ابی طالبؓ﴾

امیر المومنین اور خلیفہ راشد ورابع ہیں ان کے تذکرہ سے پہلے یہ بات بھی ملحوظ خاطر رہے کہ راویان

حدیث میں علی نام کے نو (۹) راوی ہیں اسلئے بعض شارحین حدیث نے کہا کہ یہاں حضرت علیؓ کے نام کے ساتھ امیر المومنین کہنا چاہیے تھا تا کہ التباس نہ ہوتا تاہم علماء محققین اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ اولاً تو طبقہ صحابہ کرامؓ میں حضرت علیؓ کے نام کا اور کوئی نہیں ہے دوسرے حضرات محدثین کی اصطلاح میں جب آخر سند میں مطلق علی لایا جائے گا تو اس سے امیر المومنین مراد ہوں گے جیسے جب مطلقاً عبداللہ بولا جائے تو مراد حضرت عبداللہ بن مسعودؓ ہوتے ہیں اور جب روایت میں علی بن ابی طالب کی تصریح ہے تو پھر کیا اشتباہ رہا کہ ان توجیہات کی ضرورت پڑے۔ حضرت علیؓ کی کنیت ابوالحسن اور ابوتراب ہے صاحب اکمال لکھتے ہیں وھو اول من اسلم من الذکور فی اکثر الاقوال (الاکمال فی اسماء الرجال) بعض حضرات لکھتے ہیں کہ آپ نے پندرہ برس (۱۵) بعض کے نزدیک سولہ برس (۱۶) اور بعض حضرات کے ہاں دس برس (۱۰) کی عمر میں اسلام قبول کیا خوش نصیب اتنے کہ حضور اقدس ﷺ کی گود مبارک میں پرورش پائی' سوائے غزوہ تبوک کے تمام غزوات میں شریک ہوئے۔ غزوہ تبوک میں حضور اقدس ﷺ نے جب آپ کو اپنا نائب بنا کر مدینہ منورہ میں ٹھہرایا تو ارشاد فرمایا انت منی بمنزلة هارون من موسیٰ۔ آپ عالم علوم نبوت' فقیہ اور عالم حکمت الہٰی تھے علم لدنی ملا تھا اور امام الاولیاء تھے۔ لاعطین الرایة هذا رجلاً یحبه الله ورسوله ویحب الله ورسوله چنانچہ یہ علم دوسرے روز حضرت علیؓ کو عطا فرمایا گیا عشرہ مبشرہ سے ہیں ۱۸ رمضان المبارک ۴۰ھ میں عبدالرحمٰن ابن ملجم مرادی خارجی نے جامع کوفہ میں محراب کے اندر آپ پر خنجر سے وار کیا شدید زخمی ہوئے اور تین روز بعد ۲۱ رمضان المبارک کو اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔

(۴۲) سفیانؒ

وکیع باپ کا نام' کنیت ابو محمد الرواسی الکوفی' اپنے باپ اور مطلب بن زیاد سے روایت کرتے ہیں بعض حضرات نے انہیں ضعیف قرار دیا ہے ۲۴۷ھ میں انتقال ہوا کان من المکثرین فی الحدیث (المواهب ۱۶) قال الذهبی ضعیف وقال غیره صلوق (مناوی ۲۷) اگر ضعف کو تسلیم کرلیا جائے تو امام ترمذیؒ اس کو بطور متابع کے لائے ہیں جس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(۲۳) ﴿احمد الضبیؒ﴾

نام ہے والد کا نام عبدۃ (کطلحۃ) ہے بصرہ سے نسبت ہے بنی ضبۃ قبیلہ سے تعلق ہے امام ترمذیؒ کے استاذ ہیں ثقہ راوی ہیں حجۃ ہیں چونکہ اس نام کے دو راوی ہیں لہذا دونوں میں تمیز کرنے کے لئے ایک کے ساتھ الضبی البصری اور دوسرے کے ساتھ الا یلی لکھتے ہیں ۲۴۵ھ میں انتقال ہوا کسی قدر ناصبیت کی طرف مائل تھے۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں رمی بالنصب یعنی بکونہ من الخوارج (جمع ۲۸)

(۲۴) ﴿علی بن حجرؒ﴾

ابوالحسن کنیت ہے مامون ہیں حافظ اور ثقہ ہیں امام بخاریؒ مسلمؒ اور نسائیؒ نے ان سے تخریج کی ہے ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں احد ائمۃ الحدیث سمع کثیر امن ائمۃ الحدیث (جمع ص ۲۸) ۲۴۴ھ میں فوت ہوئے۔

(۲۵) ﴿ابو جعفر محمد بن الحسینؒ﴾

مقبول راوی ہیں سوائے مصنف کے کسی اور نے ان سے تخریج نہیں کی ہے مقبول لکن لم یخرج لہ الا المصنف (مناوی ۲۸) کسی عارضے میں مبتلا ہو گئے تھے مگر ان پر ضعیف کا حکم نہیں لگا ان کا تعلق ابن ابی حلیمہ کے خاندان سے ہے وھو ابن ابی حلیمۃ خلاصہ یہ کہ مذکورہ تینوں راویانِ حدیث احمد الضبیؒ، علی بن حجرؒ، اور ابو جعفرؒ، امام ترمذیؒ کے اساتذہ ہیں ان تینوں حضرات نے جو روایت بیان کی ہے والمعنیٰ واحد اس کا معنیٰ اور مفہوم یکساں ہے الامام المحدث شیخ عبدالرؤف المناویؒ والمعنیٰ واحد کی توضیح میں لکھتے ہیں۔ ای حدثوا بعبارات مختلفۃ حال کون المعنیٰ فی عباراتھم واحد او بعبارات مختلفۃ حال کونھا بحسب المعنیٰ واحد (مناوی ۲۹)

(۲۶) ﴿عیسیٰ بن یونسؒ﴾

قالوا حدثنا عیسیٰ بن یونس اس روایت کو بھی حضرت علیؓ نے نقل کیا ہے مگر اس کی سند پہلی روایت کی

سند سے مختلف ہے مذکورہ تینوں راوی اپنے استاذ عیسیٰ بن یونسؒ سے روایت کرتے ہیں یہ السبیعی الہاخوزی الرملی ہیں بہت بڑے محدث امام اور متقی پرہیزگار آدمی تھے زندگی میں پینتالیس (۴۵) مرتبہ حج کیا اور اتنی ہی تعداد میں جہاد کیے۔ کان علما فی العلم والعمل کان یغز وسنۃ ویحج سنۃ (جمع ۲۹) مالک بن انسؒ، اوزاعی وغیرہما سے آپ نے روایت کی ہے۔ ائمہ ستہ نے ان سے تخریج کی ہے ثقۃ مامون اخرج حدیثہ الائمۃ الستۃ (جمع ۲۹)۱۸۷ھ میں انتقال ہوا۔

ملا علی قاریؒ نے لکھا ہے کہ جب خلیفہ ہارون الرشید ان کے شہر آئے اور گورنر کے ذریعہ اس علاقہ کے تمام محدثین کو اپنے دربار میں بلایا تاکہ وہ ان کے بیٹوں کو حدیث کی تعلیم دیں دونوں بیٹے یعنی مامون اور امین ان سے حدیث پڑھیں خلیفہ کے دعوت نامہ پر تمام محدثین حاضر خدمت ہوئے مگر اس علاقہ میں دو حضرات ایسے بھی تھے جنہوں نے خلیفہ کے حکم کو در خور اعتناء نہیں سمجھا ایک حضرت عیسیٰ بن یونسؒ اور دوسرے عبداللہ بن ادریسؒ دونوں حضرات نے خلیفہ اور گورنر کے قاصد کو صاف صاف کہہ دیا کہ اگر خلیفہ کے بیٹوں کو حدیث سننے کا شوق اور طلب صادق ہے تو عام طلباء کے ساتھ جماعت میں آ کر بیٹھیں اور حدیث سنیں چونکہ ہارون الرشیدؒ خود بھی صاحب علم تھا لہذا وہ ناراض نہیں ہوا اور بیٹوں کو تاکید کی کہ وہ خود جا کر ان حضرات محدثین سے ان کی درسگاہ میں تحصیل علم کریں پھر بیٹوں کو دس دس ہزار اشرفیوں کی تھیلی بھی دی کہ وہ اپنے اساتذہ کی خدمت میں پیش کریں جب دونوں بیٹوں نے حدیث پڑھی اور سبق سے فراغت کے بعد اشرفیوں کی تھیلی پیش کی تو حضرت عیسیٰ بن یونسؒ نے صاف کہہ دیا کہ تم نے حدیث سن لی ہے اب جا سکتے ہو اور یہ تھیلی خلیفہ کو واپس کر دو کہ مجھے ان کی ضرورت نہیں ہے یہ کسی مستحق کو دیدیں۔

جب تھیلی خلیفہ کے پاس واپس پہنچی وہ سمجھا کہ شاید میں نے رقم کم دی ہو دوسرے روز بیس ہزار اشرفیاں بھیجیں مگر استاذ نے وہ تھیلی بھی واپس کر دی اور فرمایا فقال ان ملأتم المسجد الی السقف ذھبا لم آخذ شیئا علی الحدیث (جمع ۲۹) اگر تم مسجد کو چھت تک سونے سے بھی بھر دو میں درس حدیث پر کچھ بھی نہیں لوں گا۔

(۲۷) ﴿عمر بن عبد اللہؒ﴾

یہ عمر بن عبد اللہ غفرہ کے آزاد کردہ غلام ہیں کثیر الارسال ہیں وقال احمد کثیر الارسال (جمع ۲۹) امام ترمذیؒ نے ان سے اخراج کیا بعض حضرات نے کہا ہے کہ انہوں نے ابن عباسؓ کو پایا ہے حضرت انسؓ اور سعید بن المسیبؒ سے سماع کیا ہے ابن مسعودؓ نے انہیں ثقہ کہا ہے امام نسائی اور ابن معین نے ضعیف بیان کیا ہے ۱۴۵ھ میں انتقال ہوا۔

(۲۸) ﴿ابراہیم بن محمدؒ﴾

کنیت ابو القاسم' حضرت علیؓ کے بیٹے محمد بن حنفیہ کے فرزند ہیں یہ حضرت فاطمہ کے بطن سے نہیں تھے حضرت علی کی جو اولاد فاطمہ کے بطن سے ہے وہ فاطمی کہلاتی ہے ان کے ماسوا اولاد کو علوی کہتے ہیں بلکہ ایک دوسری خاتون سے تھے جس کا تعلق قبیلہ بنی حنیف سے تھا بنی حنیف مسیلمہ کذاب کا قبیلہ تھا حضرت ابوبکر صدیقؓ نے ان کے خلاف لشکر کشی کی تھی معرکہ کی جنگ تھی مسیلمہ کذاب قتل ہوا فتح کے بعد غنائم تقسیم ہوئے خولہ نامی ایک لونڈی حضرت علیؓ کے حصہ میں آئی جو خولہ حنفیہ کہلاتی تھی حضرت ابوبکر صدیقؓ نے حضرت علیؓ کو عطا فرمائی تھی محمد بن حنفیہ اس کے بطن سے تھے یہ علوی ہیں اور علویوں میں سب سے زیادہ بلند مرتبہ ہیں المشتھر بالعلم والشجاعۃ والعبادۃ وھو افضل اولاد علی بعد السبطین (جمع ۲۹) انہوں نے حضرت امام حسینؓ کے قاتلوں سے انتقام لیا جبکہ بعض شیعہ ان کو اپنا خدا مانتے تھے انھم یعتقدون فی محمد ھذا الالوھیۃ (جمع ۳۰)

اہل تشیع جو حضرت ابوبکر صدیقؓ کی خلافت کے منکر ہیں کے لئے یہ امر لمحہ فکریہ ہے کہ حدیث زیر بحث کا راوی ابراہیم اسی لونڈی کا بیٹا ہے یہ مضبوط جسم والے'' پہلوان'' بہادر اور بڑے متقی و پرہیزگار تھے صدوق من الخامسۃ (مناوی ۲۹) کیونکہ اگر حضرت صدیق اکبرؓ کی خلافت جائز نہیں تھی تو پھر ان کی عطا فرمودہ لونڈی خولہ شرعی لونڈی نہیں بنتی' اور اگر یہ تسلیم کرلیا جائے تو حضرت علیؓ کی خولہ سے پیدا ہونے والی اولاد بھی مشکوک ہوجاتی ہے مگر عجیب بات ہے کہ شیعہ محمد بن حنفیہ کو اپنا امام

اور بعض اللہ تسلیم کرتے ہیں اُدھر حضرت صدیق اکبرؓ کی خلافت کا انکار کرتے ہیں۔

(۲۹) ﴿امام اصمعیؒ﴾

بقول سمعت الاصمعی الخ امام اصمعیؒ کا پورا نام امام اسماعیل بن کریب اصمعی ہے ۲۱۵ھ یا ۲۱۶ھ یا ۲۱۷ھ میں انتقال ہوا۔ یہ امام مسلمؒ کے بھی استاذ ہیں ایک طویل عرصہ تک عرب کے دیہاتوں میں لغت کی تحقیق کرتے رہے ہیں اسلئے احادیث کی تشریح وتوضیح میں ان سے معانی ومطالب نقل کیے جاتے ہیں یہ ہارون الرشید کے زمانے میں ہوئے ہیں اصل اصمع ہے جس کا معنیٰ ذکی القلب ہوتا ہے اصمعی میں یاء نسبت مبالغہ کے لئے لگادی ہے جیسے احمری کہا جاتا ہے اس میں یاء نسبت مبالغہ کے لئے بمعنی سخت سرخ' اسی طرح اوحدی میں یاء نسبت مبالغہ کے لئے ہے بمعنی یگانہ وتنہا ' اصمع ان کے کسی دادا یا پردادا کا نام ہے اور اصمعی اس طرف خاندانی نسبت ہے منسوب الی جدۃ اصمع بصری روی الحدیث عن جماعة من الائمة (جمع ص ۲۹) وہ بظاہر شکل وصورت کے لحاظ سے خوبصورت نہ تھے بلکہ ان کی شکل اچھی نہ تھی' مگر علوم ومعارف کا خزانہ تھے علم حدیث' علم فقہ اور علم لغت پر مکمل دسترس تھے بلکہ امام تھے۔

وکان علمه علی لسانه (جمع ص ۳۵) هو الامام فی اللغة والاخبار (مناوی ص ۳۵) بڑے معتمد اور ثقہ تھے واتفقوا علی انه ثقة (جمع ص ۳۵) علمی عظمت کی وجہ سے سلاطین کے ہاں بھی ان کی خاص قدرومنزلت تھی ہارون الرشید کے خصوصی احباب سے تھے وکان هارون الرشید استخلصه لمجلسه وکان یقدمه علی ابو یوسف القاضی (جمع ص ۳۵)

(۳۰) ﴿جُمیعُ بْنُ عمیر العجلی﴾

جُمَیع مصغر ہے بعض نسخوں میں ان کے باپ کا نام عمر آیا ہے بعض میں عَمرو اور بعض میں عمیر آیا ہے تاہم صحیح عمر ہے یہ قابل اعتماد راوی ہیں ان کا تعلق قبیلہ بنو عجل کے ساتھ تھا بہت سے دیگر صحابہ کرامؓ بھی اس قبیلہ سے تعلق رکھتے ہیں۔

قاضی محمد عاقلؒ نے لکھا ہے چوں جمیع مذکور رافضی بود از راہ تعصب اسم عمر را تخفیف کردہ گاہے نام پدر خود ے گفت وگاہے عمر و ے گفت بنا برآں در نحیا اختلاف افتاد۔ ایک بدبخت رافضی نے تو یہاں تک کہہ دیا لا احب العُمَرَ لانه یُشبه عُمَرَ ۔اس پر اشکال یہ ہوتا ہے کہ امام ترمذیؒ نے رافضی کی روایت کو کیوں نقل کیا علماء محدثین جواب میں کہتے ہیں کہ مبتدعین کی روایت بھی اس وقت قبول ہوتی ہے جب ان کی بدعت کفر وشرک کی حد تک نہ پہنچی ہو۔ دوسرا یہ کہ وہ بدعت میں غلو نہ کریں اور دوسروں کو اس کی دعوت نہ دیں تیسرا یہ کہ وہ روایت میں جھوٹ نہ بولے والاصح ان کانت بدعته لیست بکفر وهو غیر داع الی بدعته فیقبل ان کان متصفاً بالضبط والورع (جمع ص ۳۸)

جمیع تفضیلی روافض میں سے ہے جمیع کے متعلق کتابوں میں لکھا ہے کہ وہ رافضی ہے اسماء رجال کی کتابوں میں آیا ہے کہ جو حضرت علیؓ کو باقی صحابہ کرامؓ پر فضیلت دے اور تعظیم سب کی کرے شیعہ ہے اور جو دیگر صحابہ کرامؓ کی تنقیص کرے وہ رافضی ہے بہر حال روایت متابع کے طور پر ہوگی۔

(۳۱) ﴿ام المومنین حضرت خدیجہؓ﴾

حضرت خدیجہ بنت خویلد حضور اقدس ﷺ کی سب سے پہلی رفیقہ حیات ہیں' بڑی پاکدامن' عفیفہ عابدہ' زاہدہ' قانتہ' صالحہ اور صد درجہ شفیق خاتون تھیں ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں وکانت تدعی فی الجاهلیة الطاهرة (جمع ۳۸) ان کا پہلا نکاح عتیق بن خالد مخزومی سے ہوا جن سے دو اولادیں ہوئیں عبداللہ اور ایک لڑکی۔اس کے بعد حضرت خدیجہؓ کے یہ شوہر فوت ہوگئے۔

پھر حضرت خدیجہؓ کا دوسرا نکاح ابوہالہ سے ہوا ۔ وخالفه ابن حجر حیث قال وکانت تحت ابی هالة ثم تزوجها عتیق (جمع ۳۹)فولدت له ذکرین هالة وهندا (جمع ۳۸) ابوہالہ سے ان کے دو بیٹے ہوئے ہند اور ہالہ اسی ہالہ کے نام پر وہ ابوہالہ کنیت سے معروف ہوئے ابوہالہ کا انتقال ہوا تو حضرت خدیجہؓ کی عمر چالیس سال تھی ابوہالہ کی وفات کے بعد حضور اقدس ﷺ سے نکاح ہوا اس وقت آپ پچیس سال (۲۵) کے تھے ولها یومئذ اربعون سنة (جمع ۳۸) ان کا چھوٹا بیٹا ھند بھی اپنی ماں کے ساتھ حضور اقدس ﷺ کی تربیت میں آیا اور آپؐ کا ربیب بن گیا اور خوش

نصیب تھا کہ اس نے نبوت کے دامن میں پرورش پائی۔

آپ کی تمام اولاد حضرت خدیجہؓ کے بطن سے ہوئی صرف حضرت ابراہیم ماریہ قبطیہ کے بطن سے ہوا۔ وصارت خديجة ام اولاده الذكور والاناث سوى ابراهيم (جمع ۳۹)

سب سے پہلے حضرت خدیجہؓ آپؐ پر ایمان لائیں آپؐ کے مناقب اور فضائل بہت ہیں زمانہ جاہلیت میں آپ مالدار خاتون تھیں انہوں نے ساری دولت حضور اقدس ﷺ کے ایک اشارہ پر آپ کے قدموں میں نچھاور کر دی نبوت کے دسویں سال رمضان المبارک میں انتقال ہوا تو حضور اقدسؐ نے خود قبر میں اتر کر جنت المعلیٰ میں دفن فرمایا۔

(۳۴) ﴿حضرت حسنؓ﴾

عن الحسن بن علي ۔ هند بن ابی هاله نے یہ روایت حضرت حسن بن علیؓ سے لی جو حضور اقدسؐ کے نواسے اور خورد سالہ صحابی ہیں سبط المصطفیٰ وريحانته وسيد شباب اهل الجنة (مناوی ص ۳۹) ابو محمد کنیت تھی، ہجرت کے تیسرے سال رمضان المبارک میں پیدا ہوئے حضور اقدس ﷺ کی رحلت ہوئی تو آپؓ کی عمر سات سال تھی ان سے بائیس روایات منقول ہیں جو انہوں نے براہ راست حضور اقدس ﷺ کی زبان مبارک سے سنی تھیں دونوں بھائیوں (حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ) کے بارے میں حضور اقدس ﷺ نے فرمایا الحسن والحسين سيدا شباب اهل الجنة یعنی حضرت حسن اور حضرت حسین جنت کے نوجوانوں کے سردار ہوں گے۔ یہ حضرت علیؓ کے بڑے صاحبزادے تھے آپ ہی کے نام سے حضرت علیؓ کی کنیت ابوالحسن تھی حضرت فاطمہؓ سے حضرت علیؓ کے تین بیٹے حسن، حسین، محسن اور ایک بیٹی ام کلثوم ہوئیں۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں ولما قتل ابوه بايعه على الموت اربعون الفاً ثم سلم الامر الى معاوية في سنة احدى واربعين تحقيقاً لما اخبر به صلى الله عليه وسلم بقوله ان ابني هذا سيد ولعل الله ان يصلح به بين فئتين عظيمتين من المسلمين مات في سنة خمس واربعين وبقي نسله من حسن بن حسن وزيد بن حسن (جمع ص ۳۹) (جب حضرت حسنؓ کے والد گرامی شہید کر دیے گئے تو چالیس ہزار افراد نے آپ کے

ہاتھوں موت پر بیعت کی، پھر اکتالیس ہجری میں حضرت معاویہؓ خلیفہ منتخب کیے گئے، حضور اکرم ﷺ کی یہ پیشن گوئی سچی ثابت ہوگئی کہ میرا یہ بیٹا پیشوا بنے گا اور امید ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے ہاتھ پر مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں کے درمیان صلح فرمائے گا۔ آپؓ پینتالیس ہجری میں انتقال فرما گئے اور آپؓ نسل حسن بن حسن اور زید بن حسن سے چلی۔

(۳۳) ﴿ہند بن ابی ھالۃؓ﴾

قال سالت خالي هند بن ابی هالة حضرت حسنؓ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے ماموں ھند بن ابی ھالۃ سے پوچھا یہ وہی ہند ہیں جو حضور اقدس ﷺ کے ربیب تھے، حضرت خدیجہؓ کا جب حضور اقدس ﷺ سے نکاح ہوا، تو یہ بھی اپنی ماں کے ساتھ آپؐ کی پرورش اور تربیت میں آئے گویا یہ حضرت فاطمۃ الزہراؓ کے مادری بھائی ہیں اسلئے حضرت حسن انہیں خالی یعنی اپنے ماموں سے پکار رہے ہیں ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں۔ اخا امه الاضافي وهي فاطمة الكبرىٰ سيدة نساء العالمين بنت سيد المرسلين (جمع ص ۳۹)

شیخ عبدالرؤفؒ فرماتے ہیں هو ربيب المصطفىٰ وهالة اسم لدارة القمر قتل مع علي يوم الجمل وقيل مات في طاعون عمواس وبقي مدة لم يجد من يدفنه لكثرة الموتى حتى نادىٰ مناد وا ربيب المصطفىٰ فترك الناس موتاهم ورفعوه على الاصابع حتى دفن (مناوی ص ۳۹)

(۳۴) ﴿ابو موسیٰ محمد بن مثنیٰؒ﴾

۔ یہ امام ترمذیؒ کے استاذ ہیں بڑے ثقہ، متقی، صاحب ورع اور پرہیزگار امام تھے، اصحاب صحاح ان کے شاگرد ہیں اخرج حديثه الائمة الستة في صحاحهم (جمع ۵۳) ۲۵۲ھ میں ان کا انتقال ہوا۔ ابن عیینۃ اور غندر سے روایت کرتے ہیں وخرج له الجماعة (المواهب ۲۸)

(۳۵) ﴿محمد بن جعفرؒ﴾

ابو عبداللہ کنیت تھی لقب غندر تھا حافظ کبیر جلیل القدر تھے (مناوی ۵۴) ۱۹۲ھ یا ۱۹۳ھ یا ۱۹۴ھ

میں انتقال ہوا اس سے قبل حدیث نمبر ۳ صفحہ نمبر ۵۰ میں ان کا ذکر کیا گیا ہے۔

(۳۶) ﴿شعبۃؒ﴾

ابن الحجاج ہیں جس کا تذکرہ حدیث نمبر ۳ صفحہ نمبر ۵۰ میں گزر چکا ہے قال الشافعی لولا شعبة ماعرف الحديث بالعراق (المواهب ۱۳) بہت عبادت گزار تھے قال ابوبكر البكراوى مارائيت احداً اعبد الله من شعبة لقد عبدالله حتى جفّ جلده على عظمه واسود (تذكرة الحفاظ ص ۱۹۳ ج ۱) كان متزوجاً بام محمد بن جعفر وللملك جالسه عشرين سنة (المواهب ۲۸)

(۳۷) ﴿سماک بن حربؒ﴾

یہ ابوالمغیرة الکوفی ہیں علماء تابعین میں سے ہیں اسی (۸۰) صحابہ کرامؓ کو پایا ہے ادرک ثمانین صحابیاً (مناوی ۵۴) ثقہ ہیں امام ابن المبارکؒ نے ان کو ضعیف کہا ہے قال ابن المبارک ضعیف الحدیث (المواهب ۲۸) صحاح میں سے چار نے اور امام مسلم نے ان سے تخریج کی ہے وهو ثقة ثبت اخرج له مسلم والاربعة (مواهب ۲۸) ابن حرب کہہ کر سماک بن الولید سے احتراز کیا گیا ۱۲۳ھ میں وفات پائی (مناوی ۵۴)

(۳۸) ﴿جابر بن سمرةؓ﴾

بیٹا بھی صحابی ہے اور باپ بھی امام مسلمؒ، امام ابوداؤدؒ اور جماعت محدثین ان سے تخریج کرتے ہیں صحابيان خرج لابيه البخارى ومسلم وابوداؤد والنسائى وله الجماعة كلهم (المواهب ۲۸) حضرت جابرؓ کی کنیت ابوعبداللہ العامری ہے حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کے بھانجے ہیں کوفہ آ نے ۷۳ھ یا ۷۴ھ یا ۷۶ھ میں انتقال ہوا۔

(۳۹) ﴿ھناد بن سریؒ﴾

کوفہ کے رہنے والے حافظ الحدیث اور عابد زاہد اور ثقہ تھے وكان يقال له راهب الكوفة لعبده (المواهب ۲۹) امام بخاریؒ نے کتاب الخلق میں ان سے روایت نقل کی ہے اور امام مسلمؒ نے بہت

سے روایات کی ان سے تخریج کی ہے خرج له مسلم والاربعة (المواهب ۲۹) ۲۲۳ھ میں انتقال ہوا۔

(۴۰) ﴿عبثر بن قاسمؒ﴾

۔ یہ بھی کوفی ہیں اور ثقہ راوی ہیں کوفي ثقة خرج له الجماعة (المواهب ۲۹) روی عن حصين بن عبدالرحمن ومغيرة الضبي والعلاء بن المسيّب وعنه خلف بن هشام وقتيبة بن سعيد وهناد بن سری ۱۷۸ھ میں وفات پائی (تذکرۃ الحفاظ ص ۲۵۹ ج ۱)

(۴۱) ﴿اشعثؒ﴾

امام بخاریؒ نے اپنی تاریخ میں ان سے روایت نقل کی ہے مسلم نسائی اور ترمذی بھی ان سے تخریج کرتے ہیں ابوزرعہ نے انہیں لین اور بعض نے انہیں ضعیف قرار دیا ہے۔

يعني ابن سوار وهذا من كلام المصنف او هناد او عبثر وكيفما كان فيه الفات على مذهب البعض ولم يقل اشعث بن سوار محافظة على الاقتصار على الاصول او لئلا يتوهم ان ابن سوار لبيان النسب لا لبيان الكنية (مناوی ۵۶)

ولم يقل اشعث بن سوار محافظة على لفظ الشيخ من غير زيادة وهذا دابهم في رعاية الامانة (جمع ۵۶)

(۴۲) ﴿حُمَيد بن عبدالرحمن الرواسیؒ﴾

الرواسي اپنے جد کی طرف منسوب ہیں وهو منسوب لجده رواس وهو الحارث بن كلاب (المواهب ۳۰) حضرت ابواسحٰق وعطیہ سے روایت کرتے ہیں اور ان سے سفیان وابن المبارک نے تخریج کی ہے ۱۹۰ھ میں انتقال ہوا (مناوی ۵۷)

علامہ ذھبی نے آپؒ کو الحافظ الامام المتقن کے الفاظ سے ذکر کیا ہے۔ اثنى عليه احمد ووثقه ابن معين وقال ابوبكر بن شيبة قل من رائيت مثله (تذكرة الحفاظ ص ۲۸۸ ج ۱)

(۴۳) ﴿ زہیرؒ ﴾

یہ خدیج کے بیٹے ہیں زہیر اور خدیج دونوں تصغیر کے ساتھ پڑھے جاتے ہیں اصحاب صحاح ستہ نے ان سے تخریج کی ہے وھو ثقة حافظ (المواھب ۳۰) ۱۷۳ھ میں ان کا انتقال ہوا۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں زہیر دو ہیں ایک زہیر بن حرب بن شداد النسائی ہے جن سے امام مسلمؒ نے ہزار سے بھی زیادہ احادیث روایت کی ہیں اور دوسرے زھیر بن محمد التمیمی ہیں ضعف لعدم استقامة روایة اھل الشام عنه قال ابو حاتم حدث بالشام من حفظه فکثر غلطه وزھیر فی ھذ الحدیث ھو التمیمی لان الاول لم یدرک ابا اسحق عرفت ذلک من الرجوع الی تاریخ وفاة ابی اسحق (جمع ص۵۷)

(۴۴) ﴿ ابوداؤد المصاحفیؒ ﴾

نام سلیمان بن سلم ہے ابوداؤد کنیت ہے مصاحفی مصاحف کی طرف نسبت ہے جس کا مفرد مصحف آتا ہے قرآن مجید کو مصحف کہتے ہیں جب کوئی نسبت جمع کی طرف کی جائے تو جمع کو مفرد کی طرف لوٹایا جاتا ہے وکان القیاس ان ینسب الی المفرد وھو مصحف (المواھب ۳۰) گویا مصحفی ہونا چاہئے شارحین حدیث کہتے ہیں کہ مصاحفی غیر قیاسی ہے یہ صحف سے ماخوذ ہے بمعنی لکھنے کے قرآن یا کتابیں لکھا کرتے ہوں گے اور یہی ذریعہ روزگار ہوگا اسلئے مصاحفی کہلائے۔ ابوداؤد المصاحفی ثقہ ہیں ۲۳۸ھ میں ان کا انتقال ہوا ہے

(۴۵) ﴿ النضرؒ ﴾

ابو الحسن المازنی النحوی البصری نزیل مرو ثقة ثبت اخرج حدیثه الائمة الستة (جمع ۵۸) وقد التزموا اللام فی النضر وحذفھا فی نصر فرقاً بینھما (المناوی ۵۸) روی عن ھشام بن عروة وحمید الطویل وعنه اسحق بن راھویة واسحق الکوسج .قال العباس بن مصعب کان اماماً فی العربیة والحدیث وھو اول من اظھر السنة بمرو وخراسان الف کتبا کثیرة وولی قضاء مرو

۲۰۳ھ کے آخری دن ان کا انتقال ہوا (تذکرۃ الحفاظ ص ۳۱۴ ج ۱)

(۴۶) ﴿صالحؒ﴾

صالح بن ابي الاخضر ہشام بن عبد الملک کے مولیٰ ہیں امام زھریؒ کے خادم تھے امام ترمذیؒ نے ان کو ضعیف کہا ہے لینہ البخاری (المناوی ۵۸) لیکن امام ذھبیؒ نے ان کو صالح الحدیث قرار دیا یخرج له الاربعة (المواهب ۳۰)

(۴۷) ﴿ابن شہابؒ﴾

نام محمد بن مسلم بن شہاب ہے یہ حدیث کے معروف امام زہری ہیں المنسوب الی زهرة بن کلاب (جمع ۵۸) فقیہ کبیر تھے الفقيه الحافظ تابعی صغیر متفق علی جلالته واتقانه (المناوی ۵۸) اپنے وقت کے عظیم محدث حافظ الحدیث اور جلیل القدر تابعی ہیں دس صحابہ سے روایت کی ہے۔

امام ابو اللیثؒ فرماتے ہیں ما رايت اجمع ولا اكثر علما منه محدثین کی ایک جماعت نے ان سے تخریج کی ہے قيل لمكحول من اعلم من رايت قال ابن شهاب (المواهب ۳۰) اس کی مرویہ احادیث ۲۲۰۰ ہیں قال ابو داؤد حديثه الفان ومائتان النصف منها مسند (تذکرۃ الحفاظ ص ۱۰۹ ج ۱) آپؒ کا حافظہ بہت قوی تھا اس کے بھتیجے محمد بن عبد اللہ سے روایت ہے کہ انه حفظ القرآن فی ثمانين ليلة (تذکرۃ الحفاظ ص ۱۱۰ ج ۱) ۱۲۳ھ یا ۱۲۵ھ میں انتقال ہوا۔

(۴۸) ﴿ابو سلمہؒ﴾

یہ حضرت عبد الرحمن بن عوفؓ کے بیٹے ہیں کبیر تابعی ہیں قرشی زہری اور مدنی ہیں احد الائمة واحد فقهاء المدينة السبعة تابعی امام جليل وفي موته اقوال (مناوی ص ۵۸) ان کے نام میں اختلاف ہے بعض نے عبد اللہ بعض نے اسماعیل اور بعض نے ابراہیم بتایا ہے (مواہب ص ۳۰) وقال مالک ابن عوف الزهري المدني الحافظ اسمه كنيته (تذکرۃ الحفاظ ص ۶۳ ج ۱) ۹۴ھ یا ۱۰۴ھ میں انتقال فرمایا (تذکرۃ الحفاظ ص ۶۳)

(۴۹) ﴿ ابوھریرہؓ ﴾

حضرت ابوھریرہؓ مشہور صحابی ہیں ابوھریرہ کنیت ہے وسبب التکنیة ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رای ھرة فی کمه فناداہ بھا (الاتحافات ص ۳۵) ہجرت کے نویں سال ایمان لائے ان کے نام میں چالیس اقوال ہیں زمانہ جاہلیت میں ان کا نام عبد شمس تھا فغیرہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم الی عبدالرحمن علی الاصح من اربعین قولاً۔ حضور اقدس ﷺ نے آپؓ کا نام تبدیل کرکے عبدالرحمٰن رکھ دیا، یہی صحیح قول ہے۔ باپ کا نام صخر الدوی تھا امام شافعیؒ کا ارشاد ہے احفظ من روی الحدیث فی دھرہ (مواھب ص ۳۰)

شیخ عبدالرؤفؒ فرماتے ہیں کان ذکیاً فقیھا صاحب لیل وصوم (مناوی ص ۵۸) مدینہ منورہ کے والی مقرر ہوئے ان سے پانچ ہزار تین سو چوہتر ۵۳۷۴ روایات نقل ہیں۔

وھو اکثر الصحابة روایة باجماع العلماء (مناوی ص ۵۸) ۵۷ھ یا ۵۹ھ میں مدینہ منورہ میں انتقال ہوا اور جنت البقیع میں مدفون ہیں۔

حضرت ابوھریرہؓ پر علامہ طالب ہاشمی اور مولانا مفتی غلام الرحمٰن صاحب کی تصنیفات جامع ہیں۔

(۵۰) ﴿ قتیبہؒ ﴾

کنیت ابورجاء البلخی ہے ثقہ راوی ہیں۔ خراسان کے مشہور محدث اور حافظ تھے قال النسائی ثقة مامون آپؒ نے مالک لیث سے سماع کی وروی عنه الجماعة سوی ابن ماجة قال ابن سیار وکان ثبتا صاحب سنة کتب الحدیث عن ثلاث طبقات شعبان ۲۴۰ھ میں انتقال فرمایا (تذکرۃ الحفاظ ۴۳۶ ج ۲)

مزید تفصیل راوی نمبر (۱) میں دیکھ لیں۔

(۵۱) ﴿ اللیث بن سعد ﴾

متقی پرہیزگار اور صاحب ورع بزرگ تھے سالانہ اسی ہزار سے نوے ہزار تک دینار آمدن تھی مگر زکوۃ کبھی واجب نہ ہوئی کہ رقم کے آتے ہی فقراء پر صرف کردیا کرتے تھے۔ کان دخله فی کل سنة

ثمانين الف دينار وما وجبت عليه زكواة (مواهب ص ۳۱) خود مجتہد تھے مگر زیادہ تر رجحان ابوحنیفہؒ کے مسلک کی طرف تھا عظیم محدث بلکہ صاحب مسلک امام تھے امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ امام مالکؒ سے بھی زیادہ فقیہ تھے انه كان افقه من مالك (جمع ص ۵۹) مگر لائق تلامذہ نہ ملے اسلئے ان کے مسلک کی حفاظت نہ ہو سکی۔ كان نظير مالك في العلم لكن ضيع اصحابه منهبه (مواهب ص ۳۱) مصر میں مقیم ہوئے اور بروز جمعہ ۱۵ شعبان ۱۷۵ھ میں انتقال ہوا۔ امام شافعیؒ امام لیثؒ کی علمی عظمت، شہرت اور روایات سے واقف تھے وہ بھی زندگی کے آخری لمحات تک مصر میں مقیم رہے اور وہاں وفات پائی۔

(۵۲) ﴿ابوزبیرؒ﴾

نام محمد بن مسلم المكي الاسدي ہے حافظ الحدیث اور ثقہ تھے حافظ ثقة عند جمع لكن قال ابو حاتم لا يحتج به واقره الذهبي (مناوی ص ۵۹) ۱۲۸ھ یا ۱۲۹ھ میں وفات پائی وخرج له الجماعة. (مواهب ص ۳۱)

(۵۳) ﴿جابر بن عبداللہؓ﴾

یہ صحابی بن صحابی ہیں انصاری ہیں حضور اقدس ﷺ کے ساتھ سترہ (۱۷) غزوات میں شریک ہوئے۔ غزا مع النبي صلى الله عليه وسلم سبع عشرة غزوة (مواهب ص ۳۱) وهو احد المكثرين عن رسول الله صلى الله عليه وسلم (جمع ص ۶۰) حضرت ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں ان کے والد جنگ احد میں شہید ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے پھر سے زندہ کر کے دریافت فرمایا ما تريد يا عبد الله؟ عرض کیا میں دوبارہ دنیا میں لوٹا دیا جاؤں وہاں پھر آپ کی رضا کے لئے دوبارہ شہید کر دیا جاؤں۔ والمعنى اريد زيادة رضاك وهي الشهادة بعد الشهادة (جمع ص ۵۹) اور یہ مقام و مرتبہ بہت اونچا عظیم اور بلند ہے۔ بخلاف حال ابو یزید کے جب ان سے کہا گیا۔ کیا چاہتے ہو عرض کیا میں کچھ نہیں چاہتا میرا کچھ ارادہ ہی نہیں ہے اس موقع پر بعض السادة من اهل السعادة نے کہا ہے

اريد وصاله ويريد هجري فاترک ما اريد لما يريد

میں محبوب کی ملاقات اور وصال چاہتا ہوں جبکہ وہ میری جدائی ہجر اور مفارقت چاہتا ہے پس میں اپنے ارادہ اور چاہت سے ان کی چاہت کے مقابلہ میں دستبردار ہوتا ہوں گویا جو وہ چاہتا ہے میں بھی وہی چاہتا ہوں ۔شاعر نے محبت کے عدم ارادہ کو ارادہ کہا یہ بہت پسندیدہ اور مستحسن عمل ہے حدیث قدسی میں ہے تريد واريد ولا يكون الا ما اريد رب فرماتے ہیں بندے تم بھی چاہتے ہو اور میں بھی چاہتا ہوں مگر ہوگا وہی جو میں چاہتا ہوں۔ البتہ ملا علی قاریؒ نے یہ بھی کہا ہے کہ بعض لوگوں کا یہ قول کہ

ليس لي في سواک حظ فكيف ماشئت فاختبرني

فجراة یعنی یہ محض جذباتی فیصلہ اور بے جا جرات ہے بندہ کئی بار آزمایا گیا ہے امتحان لیا گیا مگر نہ تو اس نے صبر کیا اور نہ شکر فما ايسر الدعوى وما اعسر المعنیٰ (جمع ص ۲۰)

(۵۴) ﴿یزید بن ھارونؒ﴾

ابو خالد کنیت ہے الواسطی نسبت ہے نہایت متقی احد الاعلام حافظ الحدیث اور بڑے عابد و زاہد تھے متقن عابد اخرج حديثه الائمة الستة وهو احد الائمة المشهورين بالحديث والفقه سمع كثيرين من التابعين وتبعهم (جمع ص ۶۴) قال ابن المديني مارائيت احفظ من يزيد بن هارون وقال احمد كان يزيد حافظا متقنا ۲۰۶ھ میں انتقال ہوا (تذکرۃ الحفاظ ص ۳۱۸ ج ۱)

(۵۵) ﴿سعید الجریریؒ﴾

ابو ایاس کنیت تھی الجریری اپنے دادا جُریر (مصغر) کی طرف نسبت ہے وهو ثقة . ت خرج له الجماعة (مواهب ص ۳۲) هو محدث اهل البصرة روى عنه الائمةالستة (جمع ص ۶۴) ۱۴۴ھ میں انتقال ہوا۔

(۵۶) ﴿ابو الطفیلؒ﴾

جلیل القدر صحابی ہیں عامر بن واثلہ نام ہے ولد عام الهجرة اوعام احد (مواهب ص ۳۳) یہ مکہ

المکرمہ میں قیام پذیر تھے۔ صحابہ کرامؓ میں سب سے آخر میں ان کا انتقال ہوا۔ امام اعظم ابوحنیفہؒ نے جن صحابہ کرامؓ سے ملاقات کی آپؓ ان میں سے ایک ہیں ان کا تعلق حضرت علیؓ کی جماعت سے تھا اسلئے علوی کہلاتے تھے۔

کان من شیعة علی ومحبیه (مواھب ص ۳۳) ان کی تاریخ وفات میں اختلاف ہے بعض حضرات نے کہا ہے پہلی صدی ہجری کے آخر میں انتقال ہوا جبکہ اسماء الرجال کی کتب میں ۱۱۰ھ اور بعض روایات میں ۱۰۲ھ نقل ہوا ہے۔

(۵۷) ﴿عبداللہ بن عبدالرحمٰنؒ﴾

الدارمی التمیمی ہیں بعض نے سمرقندی بتایا ہے لا الطائفی الثقفی کماوھم بعض الشراح (مواھب ص ۳۳) اور یہ بھی کہا گیا ہے سمرقند کے جید عالم تھے اپنے زمانہ کے امام تھے وھو حافظ کبیر ثقة ثبت (مواھب ص ۳۳) ۲۵۵ھ میں انتقال ہوا۔ وقیل صاحب السنن (جمع ص ۶۶)

(۵۸) ﴿ابراہیم بن المنذر الحزامیؒ﴾

المنذر' الانذار سے اسم فاعل ہے۔ الحزامی' خاندانی نسبت ہے ان کا کوئی جدامجد حزام ہوگا اسی نام سے قبیلہ بنو حزام کی تشکیل ہوئی اور حزامی اسی نسبت کا نام ہے۔

صدوق تکلم فیه احمد بن حنبل لاجل القرآن وروی عنه اصحاب الستة (جمع ۶۶) خرج له البخاری والترمذی وابن ماجة (مناوی ص ۶۶) ھو الامام المحدث الثقة ۲۳۶ھ محرم میں وفات پائی (تذکرہ ص ۴۷۰ ج ۲)

(۵۹) ﴿عبدالعزیز بن ثابت زھریؒ﴾

ان کے والد کا نام عمران بن عبدالعزیز ہے زہری' قبیلہ بنوزھرہ کی طرف نسبت ہے۔ شیخ ابراہیم البیجوریؒ فرماتے ہیں وھو متروک الحدیث لکثرة غلطه فانه حدث من حفظه لاحتراق کتبه فکثر غلطه ولھذا قال الذھبی لایتابع فی الحدیث لکن خرج له المصنف (مواھب ص ۳۳)

(۶۰) ﴿اسماعیل بن ابراہیم الاسدیؒ﴾

ثقہ ہیں ثبت ہیں بخاری نسائی اور ترمذی (شمائل میں) ان سے روایت کرتے ہیں ابـن اخـی موسیٰ بن عقبہ اسماعیل کے لئے صفت ثانی یا بدل یا اس کے لئے عطف بیان ہے ولیس صفة لابراهیم فانه اخو موسیٰ فکیف یوصف بانه ابن اخی موسیٰ (مواہب ص ۳۳) ۱۲۹ھ میں انتقال ہوا۔

(۶۱) ﴿موسیٰ بن عقبہؒ﴾

آل زبیر کے مولیٰ ہیں مدینہ منورہ کے نامور علماء میں شمار ہوتے ہیں کان اماماً فی المغازی روی عنه السفیانان وخرج له الجماعة (المواہب ۳۴) مغازی میں ان کی تصنیف بھی ہے قال احمد بن حنبل علیکم بمغازی موسیٰ بن عقبة بلکہ علامہ ذہبیؒ نے تو واقدی کا یہ قول بھی کہ کان موسیٰ مفتیا فقیها نقل کیا ہے (تذکرۃ ۱۴۸ ج ۱) ۱۴۱ھ میں انتقال ہوا۔

(۶۲) ﴿کریبؒ﴾

یہ مصغر ہے ابن ابو مسلم ہیں المدنی الہاشمی نسبت ہے خـرج لـه الـجـمـاعة ثقة ثبت (مواہب ص ۳۴) ۹۸ھ میں مدینہ منورہ میں انتقال ہوا۔

(۶۳) ﴿حضرت عبداللہ بن عباسؓ﴾

ابـو الـخـلـفـاء کنیت ہے ولادت ہجرت سے تین سال قبل مکۃ المکرمہ میں ہوئی حضور اقدس ﷺ کے چچازاد بھائی ہیں حضرت عباسؓ آپ ﷺ کے چچا تھے حضرت عبداللہؓ صغار صحابہؓ میں شامل ہیں۔ باپ بیٹا دونوں جلیل القدر صحابی ہیں آپ ﷺ کی وفات کے وقت حضرت عبداللہؓ کی عمر دس (۱۰) سال تھی بعض نے ۱۳ سال بتائی ہے۔ احمدؒ نے ان سے بلاواسطہ اور بالواسطہ ۱۴۰۰ روایات نقل کی ہیں جبکہ بعض روایات ایسی بھی ہیں جو حضرت عبداللہؓ نے خود حضور اقدس ﷺ کی زبان مبارک سے سن کر نقل کی

ہیں۔ روی الفا وستمائة وستین حدیثا (۴۹) امت میں سب سے بڑے مفسر قرآن ہیں ترجمان القرآن لقب ہے اور حبر امت ہیں اور کیوں نہ ہوتے کہ حضور اقدس ﷺ نے خود اپنی زبان مبارک سے ان کے لئے دعا فرمائی اللھم علمه الکتاب اللھم فقهه فی الدین (بخاری ج ۱ ص ۲۶ و ۵۳۱) شیخ عبدالروف لکھتے ہیں حبر الامة و ترجمان القرآن و ابن عم حبیب الرحمن و ابی الخلفاء عبد اللّٰہ (مناوی ص ۶۷) آپؓ علم و فضل جود و سخا میں معروف تھے۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی خالہ حضرت میمونہؓ امہات المومنین میں شامل تھیں اسلئے آپؓ ہر وقت حضور اقدس ﷺ کے پاس رہتے تھے آپؐ کے طور طریقوں سنتوں اور اعمال کو قریب سے دیکھنے اور سیکھنے کا موقع ملا کچھ عرصہ کوفہ کے گورنر بھی رہے یہ حضرت علیؓ کا دور خلافت تھا مگر یہ منصب راس نہ آیا بالآخر چھوڑ دیا اس کے بعد طائف میں مقیم ہوگئے قبر مبارک بھی طائف میں ہے آپ کے نام سے طائف میں ایک قدیم مسجد بھی ہے آپ کی قبر مبارک اس مسجد کی دیوار کے ساتھ ہے ۸۷ھ یا ۶۸ھ میں انتقال ہوا۔ ابن الحنفیہ نے فرمایا مات ربانی ھذہ الامة و ھو احد الستة المکثرین الروایة و مناقبه اکثر من ان تذکر و ھو احد العبادلة الاربع (مناوی ص ۶۷)

(۶۴) ﴿حاتم بن اسماعیلؒ﴾

حاتم قاتم کے وزن پر ہے ابن اسماعیل سے مراد الحارثی ہیں اخرج حدیثه اصحاب السنن الستة (مواھب ص ۳۴) ۱۸۷ھ میں انتقال ہوا۔

(۶۵) ﴿جعد بن عبدالرحمنؒ﴾

جعد، سعد کے وزن پر ہے ایک نسخہ میں جعید (بالتصغیر) نقل ہوا ہے جعد سے امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ نے روایت کی ہے ثقة خرج له الشیخان و ابوداؤد و النسائی (مناوی ص ۶۸)

(۶۶) ﴿سائب بن یزیدؓ﴾

صحابی رسولؐ ہیں۔ ہجرت کے دوسرے سال پیدا ہوئے ۸۰ھ میں انتقال ہوا خورد سال صحابہؓ سے

ہیں حضرت عمرؓ اور دیگر صحابہؓ سے روایت کرتے ہیں قال النعبی وروایته فی الکتب کلها (مواهب ص ۳۴) مات بالمدینة سنة احدی وتسعین ۹۱ وقیل سنة ست وثمانین ۸۶ (مناوی ص ۶۷)

(۶۷) ﴿سعید بن یعقوب الطالقانیؒ﴾

طالقان ایران کے علاقہ قزوین کا ایک شہر ہے سعید بن یعقوبؒ اسی شہر کے رہنے والے تھے ثقہ ہیں ابوداؤدؒ ترمذی اور نسائی نے ان سے روایت کی ہے قال ابن حبان ربما اخطأ (مناوی ص ۴۷) ۲۴۴ھ میں انتقال ہوا۔

(۶۸) ﴿ایوب بن جابرؒ﴾

علاقائی نسبت الیمانی ہے بعد میں کوفہ چلے آئے تو الکوفی کہلائے ابوداؤدؒ اور ترمذیؒ نے ان سے تخریج کی ہے یہ سماکؒ، بلالؒ بن المنذر اور خلف سے روایت کرتے ہیں۔ قتیبہ بن سعید اور ابن ابی لیلیٰ ان سے روایت کرتے ہیں قال ابوزرعه ضعیف (مواهب ص ۳۶)

(۶۹) ﴿سماک بن حربؒ﴾

تابعی جلیل (جمع ص ۴۷) ابو المغیرہ کنیت ہے النهلی نسبت ہے اَسّی (۸۰) صحابہ کرامؓ کو پایا وھو ثقة لکن ساء حفظه ولذالک قال ابن المبارک ضعیف الحدیث وکان شعبة یضعفه (مواهب ص ۳۶) ۱۲۳ھ میں انتقال ہوا

(۷۰) ﴿ابو مصعب المدنیؒ﴾

نام مطرف بن عبدالله الهذالی ہے بعض نے احمد بن ابی بکر الزهری بتایا ہے المدنی، مدینة الرسول کی طرف نسبت ہے بعض نسخوں میں المدینی آیا ہے جو مدائن کی طرف نسبت ہے جو بغداد کا ایک شہر ہے مگر ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں وفی الصحاح النسبة لطیبة مدنی ولمدینة المنصور یعنی بغداد مدینی فالمدینی هنا لا یصح لانه من طیبة (جمع ص ۴۷) بعض نے مدینی اور مدنی کا یہ فرق کیا ہے کہ المدینی من اقام بطیبة والمدنی من اقام بها ثم فارقها ابومصعب کنیت ہے۔ ابن معین نے

انہیں ثقہ کہا ہے من کبار الفقهاء (مناوی ص ۴۳) ابوداؤد ترمذی اور نسائی نے ان سے روایت کی ہے شمائل ترمذی میں ان سے صرف یہی ایک روایت منقول ہے ولیس له فی هذا الکتاب سوی هذا الحدیث (۴۳) ۲۲۰ھ میں ۸۳ سال کی عمر میں وفات پائی

(۷۱) ﴿یوسف بن الماجشونؒ﴾

نام یوسف بن یعقوب بن ابی سلمة بن الماجشون ہے رخساروں میں سرخی کی وجہ سے ماجشون کہلائے وہ عظیم المرتبت امام تھے امام مالکؒ کے پیروکار تھے ماجشون لفظِ فارسی ماہ گون سے معرب ہے جس کا معنی چاند کے مانند کے ہیں۔

بعض نے مے گون سے معرب لیا ہے یعنی شراب کی مانند سرخ اور خوبصورت ہے وانما قیل له الماجشون لحمرة خدیه وهذه لغة لعل المدینة (جمع ص ۴۳) آپؒ اپنے والد زہری مقبری سے روایت کرتے ہیں اور ان سے امام احمدؒ روایت کرتے ہیں جبکہ شیخین ترمذی نسائی اور ابن ماجہ نے ان سے تخریج کی ہے۔ ثقہ ہیں ۲۸۵ھ میں انتقال ہوا۔

(۷۲) ﴿عن ابیه﴾

مراد یعقوب بن ابی سلمة بن الماجشون ہے ابن حبان نے ان کی توثیق کی ہے یہ حضرات صحابہ کرامؓ سے بطریق ارسال روایت نقل کرتے ہیں روی عن الصحابة مرسلاً (مواهب ص ۳۶) اور اعرج سے بھی روایت نقل کرتے ہیں۔ جبکہ ان کے دو بیٹے خود اپنے والد سے نقل کرتے ہیں امام مسلمؒ نے ان سے تخریج کی ہے ۱۲۴ھ میں انتقال ہوا۔

(۷۳) ﴿عاصم بن عمر بن قتادہؒ﴾

المدنی الاوسی الانصاری الظفری ہیں ذہبی کا قول ہے کہ ثقہ ہیں وکان کثیر الحدیث علامة بالمغازی خرج له الجماعة (مناوی ص ۴۳) اخرج حدیثه الائمة الستة (جمع ص ۴۳) ۱۲۰ھ میں فوت ہوئے۔

(۷۴) ﴿حضرت رمیثہؓ﴾

حذیفہ کے وزن پر ہے یہ عمرو بن ھشام کی بیٹی ہے والدۃ القعقاع صحابیۃ صغیرۃ خرج لھا النسائی والمصنف (مناوی ص ۷۳) لھاحدیثان احدھما ھذا وثانیھما فی صلاۃ الضحیٰ رویتہ عن عائشۃ (مواھب ص ۳۷)

(۷۵) ﴿ابو عاصم﴾

ان کا نام ضحاک ہے النبیل لقب ہے ابو عاصم کنیت ہے البصری نسبت ہے امام بخاری کے شیوخ سے ہیں۔ الحافظ شیخ البخاری لقب بالنبیل لان الفیل قدم البصرۃ فذھب الناس ینظرونہ فقال ابن جریج مالک لا تلعب قال لا آخذ عنک عوضاً فقال انت نبیل اولکبر انفہ اولقبہ بہ المھدی ثقۃ من التاسعۃ (مناوی ص ۷٦)

اکابر محدثین میں سے ہیں صاحب مناقب وفضائل ہیں صحاح ستہ کی تمام کتابوں میں ان کی روایات موجود ہیں ۲۱۲ھ میں انتقال ہوا۔

(۷٦) ﴿عزرۃ بن ثابت بن ابی زید الانصاریؓ﴾

البصری ہیں اصحاب صحاح ستہ ان سے تخریج کرتے ہیں ثقہ ہیں خرج لہ الستۃ (مناوی ۷٦) قال ابن معین وابوداؤد والنسائی ثقۃ (تھذیب التھذیب ص ۱۷۳ ج ۷) ۲۱۴ھ یا ۲۱۵ھ میں انتقال ہوا۔

(۷۷) ﴿علباء ابن احمر الیشکریؒ﴾

البصری ہیں عکرمہ وغیرہ سے روایت کرتے ہیں ان سے ابن واقد وغیرہ نے روایت کی ہے۔ وھو ثقۃ صدوق خرج لہ المصنف ومسلم والنسائی وابن ماجۃ (مواھب ۳۸)

ابن حبان نے اس کو ثقات میں ذکر کیا ہے عن احمد بن حنبل لاباس بہ لا اعلمہ الا خیراً (تھذیب التھذیب ص ۲۴۲ ج ۷)

(۷۸) ﴿عمر ابن اخطب الانصاریؓ﴾

ابوزید کنیت ہے الانصاری البدری الحضرمی ہیں جلیل القدر صحابی ہیں امام مسلم اور حضرات اربعہ نے ان سے تخریج کی ہے صحابی جلیل من الاربعة اللذین جمعوا القرآن فی زمنه صلی الله علیه وسلم (جمع ص ۷۶)

(۷۹) ﴿ابو عمار الحسینؒ﴾

حریث الخزاعی باپ کا نام ہے قبیلہ بنو خزاعہ سے تعلق ہے سفیان بن عیینہؒ فضیل بن عیاضؒ اور وکیعؒ وغیرہ ان سے تخریج کرتے ہیں ثقہ ہیں امام مسلم اور امام بخاری نے بھی ان سے روایات اخذ کی ہیں ۔شیخ ابراہیم الباجوریؒ لکھتے ہیں کہ امام ابن خزیمہؒ کہتے ہیں کہ میں نے ان کو خواب میں سبز رنگ میں ملبوس حضور اقدس ﷺ کے منبر پر بیٹھے ہوئے دیکھا آپ قرآن مجید کی یہ آیت تلاوت کررہے تھے ام یحسبون انا لا نسمع سرهم ونجواهم کیا وہ یہ گمان کرتے ہیں کہ ہم ان کی پوشیدہ اور مخفی سرگرمیوں کو نہیں جانتے ادھر آپ کی قبر مبارک سے حقاً حقاً کی آوازیں آرہی تھیں (مواہب ۳۹) اس خواب سے ابو عمار الحسینؒ کی فضیلت ظاہر ہے تاہم شرعاً خواب کسی چیز کی قطعی دلیل نہیں ہوتا ۲۴۴ھ میں انتقال ہوا۔

(۸۰) ﴿علی بن حسین بن واقدؒ﴾

راوی صدوق ہیں مگر ان پر ارجاء کا الزام لگایا گیا ہے ابو حاتمؒ نے انہیں ضعیف کہا ہے امام نسائی فرماتے ہیں لاباس به امام عبداللہ بن مبارک سے روایت کرتے ہیں اور ان سے ابن راھویہؒ نے روایت کی ہے امام بخاریؒ نے کتاب الادب میں اور ائمہ اربعہؒ نے اپنی اپنی سنن میں ان سے تخریج کی ہے ۲۱۱ھ میں انتقال ہوا۔

(۸۱) ﴿حدثنی ابیؒ﴾

مراد حسین بن واقدؒ ہیں جو عکرمہؒ اور ثابت البنانیؒ سے روایت کرتے ہیں ان سے ابوشقیقؒ اور

دوسرے لوگوں نے روایت کی ہے امام مسلمؒ ان سے تخریج کرتے ہیں ابن معینؒ نے انہیں ثقہ کہا ہے ولم یر تضہ احمد وقال لہ منا کیر (مناوی ۷۸) ۱۵۷ھ میں وفات پائی۔

(۸۲) ﴿عبداللہ بن بریدۃ﴾

ثقات تابعین سے ہیں من ثقات التابعین (مناوی ۷۸) محدثین کی ایک جماعت ان سے تخریج کرتی ہے وثقہ ابوحاتم وغیرہ وخرج لہ الجماعۃ (مواھب ۳۹) اخرج حدیثہ الائمۃ الستۃ فی سننھم (جمع ۷۸) قال ابن حبان ولد عبداللہ سنۃ ۱۱۵ ھ وھو واخوہ سلیمان توامان (تھذیب التھذیب ص۱۳۸ ج۵)

(۸۳) ﴿حضرت بریدہؓ﴾

حضرت بریدہؓ حضور اقدس ﷺ کے جلیل القدر صحابی ہیں وھو صحابی اسلم قبل بدر ولم یشھدھا (مواھب ۳۹) سکن المدینۃ ثم البصرۃ ثم مرو وتوفی بھا (جمع ۷۸) شھد خیبر وفتح مکۃ واستعملہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم علی صدقات قومہ روی عنہ ابنان عبداللہ وسلیمان وعبداللہ بن اوس الخزاعی (تھذیب التھذیب ص ۳۷۸ ج ۱) ۶۲ھ یا ۶۳ھ میں انتقال ہوا۔

(۸۴) ﴿بشر بن الوضاحؒ﴾

بشرؒ محدق کے وزن پر ہے ابوالھیثم کنیت ہے البصری نسبت ہے صدوق تھے ابن حبانؒ نے انہیں ثقہ کہا ہے خرج لہ فی الشمائل روی عن ابی عقیل وغیرہ اور ان سے بندار وغیرہ نے روایت لی ہے (مواہب ۴۳) علامہ ابن حجرؒ نے فرمایا وروی عنہ البخاری فی التاریخ . قال عبدالعزیز بن معاویۃ کان من خیار الناس مات سنۃ ۲۲۶ھ (تھذیب ص ۳۰۵ ج ۱)

(۸۵) ﴿ابو عقیلؒ﴾

الدَّوْرقی نسبت ہے دورق (بفتحۃ الدال وسکون الواو) فارس میں ایک شہر کا نام ہے ان کا نام بشیر تھا عقبہ والد کا نام ہے ثقۃ خرج لہ الشیخان والمصنف ابوالمتوکل اور معبدی سے روایت کرتے

ہیں ان سے بہز نے روایت کی ہے (مواھب ۴۳) تاہم مواہب کے حاشیہ میں مصحح نے لکھا ہے معروف بہز (زا کے ساتھ) ہے بہر نہیں ہے۔ بہز بن حکیم بن معاویہ بن حیدۃ القشیری ۱۰۸ھ یا ۱۰۹ھ میں انتقال ہوا (مناوی ۸۵)

(۸۶) ﴿ابونضرۃ﴾

اجلہ تابعین سے ہیں نام منذر بن مالک ہے قبیلہ عوف کی طرف نسبت کی وجہ سے عوفی کہلاتے ہیں بعض نے کہا عوفہ کوفہ میں ایک محلہ ہے اسی کی طرف منسوب ہیں خرج لہ الجماعۃ (مواھب ۴۳) روی عنہ الستۃ (جمع ۸۵) ۱۰۸ھ یا ۱۰۹ھ میں وفات پائی (مناوی ۸۵)

(۸۷) ﴿حضرت ابوسعید الخدری﴾

نام سعد بن مالک بن سنان ہے انصاری ہیں بنی خدرۃ کی طرف نسبت کی وجہ سے الخدری کہلاتے ہیں اخرج حدیثہ ارباب الصحاح الستۃ (جمع ۸۶)

حضور اقدس ﷺ کے دست مبارک پر اس بات پر بیعت کی تھی کہ دین اسلام کے راستہ میں کسی بھی ملامت کرنے والے کی پرواہ نہیں کروں گا۔ بایع المصطفیٰ علی ان لا تاخذہ فی اللہ لومۃ لائم (مناوی ۸۶) ولابیہ صحبۃ وشھد مابعد احد (جمع ۸۶) ومات سنۃ اربع وستین وخرج لہ الجماعۃ (مناوی ۸۶) ویروی ان ابا سعید کان من اھل الصفۃ صحیحین میں (۴۳) احادیث آپ سے منقول ہیں اور صرف امام بخاریؒ نے (۱۶) اور امام مسلمؒ نے (۵۲) احادیث روایت کی ہیں (تذکرۃ الحفاظ ص۴۴ ج۱)

(۸۸) ﴿ابوالاشعث احمد بن مقدامؒ﴾

ان کا تعلق قبیلہ بنی عجل کے ساتھ ہے اس لئے العجلی کہلاتے ہیں البصری نسبت ہے ابوالاشعث کنیت ہے وفی روایۃ ابوالشعثاء (مناوی ۸۶) صدوق ہیں امام بخاریؒ اور امام نسائیؒ ان سے روایت کرتے ہیں قال ابن خزیمۃ کان کیساً صاحب حدیث (تھذیب ص ۷۱ ج ۱) ۲۵۳ھ

میں انتقال ہوا۔

(۸۹) ﴿حماد بن زیدؒ﴾

ابواسمٰعیل کنیت ہے بہت متقی اور ثقه امام تھے صحاح نے ان سے تخریج کی ہے اخرج حدیثه فی الصحاح (جمع ۸۶) ابن معینؒ کا قول ہے لیس احد اتقن منه وقال ابن یحیٰ مارایت احدا احفظ منه (جمع ۸۷)

قال ابن مهدی مارایت بالبصرة افقه منه ولا اعلم بالسنة منه (مناوی ۸۶) ۹۸ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۷۹ھ میں انتقال ہوا۔ (تهذیب ص ۱۰ ج ۳)

(۹۰) ﴿عاصم الاحولؒ﴾

احول' ناقص العین کو کہتے ہیں یہ لفظ تعارف کیلئے ہے تحقیر کے لئے نہیں عاصم کے والد ابوعبدالرحمٰن سلیمان البصری ہیں ثقه راوی ہیں ابن قطان کے سوا کسی نے بھی ان کے بارے میں کوئی بات نہیں کی ہے اوران کی بات کرنے کی وجہ بھی یہ ہے کہ عاصم حکمران جماعت میں شریک ہوگئے تھے کہ مدائن کے قاضی بن گئے تھے لم یتکلم فیه الاابن القطان (جمع ۸۷)

صحاح میں ائمہ ستہ نے ان سے تخریج کی ہے ثقة خرج له الستة (مواهب ۴۳) وقال سفیان حافظ البصرة اربعة فذکره منهم (مناوی ۸۷) قال احمد شیخ ثقة من حفاظ الحدیث (تهذیب ص ۳۹ ج ۵) ۱۴۱ھ یا ۱۴۲ھ میں انتقال ہوا۔

(۹۱) ﴿عبداللہ بن سرجسؓ﴾

صحابی رسول ہیں بعض نے مزنی اور بعض نے المخزومی نسبت بتائی ہے بصرہ میں سکونت پذیر تھے اخرج حدیثه الائمة الستة (جمع ۸۷) روی عن النبی ﷺ وابی هریرةؓ وعنه عاصم الاحول وقتادة وغیرهم (تهذیب ص ۲۰۳ ج ۵)

(۹۲) ﴿اسماعیل بن ابراہیم﴾

ثقہ راوی ہیں۔

(۹۳) ﴿عبدالرحمٰن﴾

باپ کا نام ابوالزناد اور اصل نام عبداللہ بن ذکوان ہے المدنی ہیں قریش کے مولیٰ ہیں صــــدوق ہیں وثقہ مـالک (مواھب ۳۵) امام بخاریؒ نے تعلیق میں اصحاح اربعہ اور مسلم نے اپنی صحیح میں تخریج کی ہے صـدوق اخـرج حديثه البخاری فی التعليق ومسلم والاربعة فی صحاحهم تغير حفظه لما قدم بغداد (جمع ۹۱) جب بغداد تشریف لائے تو علمی مقام ملا احد العلماء الكبار كان يفتی ببغداد (مواھب ۳۵) اور حافظہ کمزور ہوگیا تھا ۱۷۴ھ میں بغداد میں انتقال ہوا۔

(۹۴) ﴿ھشام بن عروہؓ﴾

ان سے خلق کثیر نے روایت کی ہے ائمہ میں ان کا شمار ہوتا ہے۔ كان حجة اماما وهو احد الاعلام (مواھب ۳۵) قـال ابـوحـاتـم ثقة امام فی الحديث(تهذيب ۳۵ ج ۱۱)قال هشام مسح ابن عمر برأسی ودعالی قال ابن سعد كان هشام ثقة ثبتا كثير الحديث حجة (تذكرة الحفاظ ص ۱۴۴ ج ۱)۱۴۷ھ میں انتقال ہوا۔

(۹۵) ﴿عن ابیہؓ﴾

یعنی عروۃ بن زبیر بن العوامؓ جلیل القدر تابعی عالم فقیہ عابد ثقہ اور صائم الدھر تھے كان رجلاً صالحاً لـم يـدخـل فـی شـئ من الفتن (تهذيب ص ۱۶۴ ج ۷)ولد في آخر خلافة عمرؓ مات سنة اربع وتسعين (تذكرة الحفاظ ص ۶۲ ج ۱) وهو احدفقهاء المدينة السبعة المذكورين في قوله

الا كل من لم يقتدى بائمة	فقسمته ضيزى عن الحق خارجه
فخذهم عبيدالله عروة قاسم	سعيد ابوبكر سليمان خارجه

عروہ کا سن وفات ۹۳ھ یا ۹۴ یا ۹۵ھ بتایا جاتا ہے كان ثقة فقيهاً عالماً ثبتاً ماموناًيصوم الدهر (مناوی ۹۱)

حضرت عروہؒ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ کی بڑی بہن حضرت اسماءؓ کے فرزند تھے ام المومنین سے اکثر روایات بیان کرنے والے عروۃ ہی ہیں۔

(۹۶) ﴿ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہؓ﴾

سیدہ عائشہ صدیقہؓ، صدیقہ بنت الصدیق ہیں حضرت ابوبکر صدیقؓ کی بیٹی اور حضور اقدس ﷺ کی سب سے کم عمر زوجة ہیں بڑی فقیهة فصيحة العارفة بليغة عالمة محدثة تھیں ایام العرب میں انہیں مہارت حاصل تھی روایت حدیث میں المكثرة تھیں۔ المراة فی القرآن المبشرة بالجنة (اتحافات ۶۵) ان کو نو (۹) سال تک حضور اقدس ﷺ کی زوجیت ورفاقت اور صحبت کا شرف حاصل رہا امہات المومنین میں صرف سیدہ عائشہؓ ہی کو یہ شرف اور فضیلت حاصل ہے کہ ان کا نکاح دوشیزگی کی حالت میں ہوا باقی تمام ازواج مطہرات بیوہ یا مطلقہ تھیں آپ سے ۲۲۱۰ احادیث مروی ہیں صرف بخاری میں آپ سے ۲۴۲ احادیث مروی ہیں۔ وكناها رسول الله ﷺ بام عبدالله وهو ابن اختها اسماء (اتحافات ۶۵)

سیدہ عائشہؓ کے ذریعہ حضرات صحابہ کرامؓ کے بہت سے مسائل حل ہوتے تھے جب اکابر صحابہؓ بھی کسی مسئلہ میں پریشان ہوجاتے تھے تو سیدہ عائشہ صدیقہؓ کے پاس آ کر مسئلہ دریافت کرلیا کرتے تھے دین کا ایک بہت بڑا حصہ سیدہ عائشہؓ کے ذریعہ سے پھیلا۔ كان فقهاء اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم يرجعون اليها (تذكرة الحفاظ ص ۲۷ ج ۱) وقال عروة ما رائيت احداً من الناس اعلم بالقرآن ولا بفريضة ولا بحلال وحرام ولا بشعر ولا بحديث العرب ولا النسب من عائشة رضى الله عنها (تذكرة الحفاظ ص ۲۸ ج ۱)

حضرت امیر معاویہؓ کے زمانہ میں مدینہ منورہ میں انتقال ہوا۔ ۵۶، ۵۷ یا ۵۸ ہجری میں انتقال ہوا۔ جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارتحال ہوا تو سیدہ عائشہؓ کی عمر اٹھارہ (۱۸) برس تھی ان تشرفت بصحبته تسع سنين وقيل ثماني سنين وخمسة اشهر رضى الله عنها (اتحافات ۶۵)

(۹۷) ﴿احمد بن منیعؒ﴾

ابوجعفر کنیت اور البغوی نسبت ہے حافظ ہیں ثقة ہیں اور صاحب مسند ہیں اصحاب ستہ نے ان سے تخریج کی ہے ثقة حافظ روی عنه اصحاب الصحاح (جمع ۹۳) اور محدثین کی ایک جماعت نے ان سے روایت کی ہے خرج له الستة وروى عنه الجماعة (مواهب ۲۰۶) ذكرانه اقام يختم القرآن اربعين سنة في كل ثلاث ومات سنة اربع واربعين ومائتين (مناوی ۹۳)

(۹۸) ﴿ابوقطنؒ﴾

نام عمرو بن الھیثم ہے البصری نسبت ہے صدوق ثقة اخرج حديثه الائمة الستة (جمع ۹۳) روى عن شعبة ومالک وابوحنيفة وعنه احمد ويحيٰ بن معين قال ابن المديني ثقة من الطبقة الرابعة . ابن حبان نے آپؒ کو ثقات میں ذکر کیا ہے ۱۹۸ھ میں انتقال ہوا (تهذيب ص ۱۰۱ ج ۸)

(۹۹) ﴿وہب بن جریرؒ﴾

الازدی البصری ہیں ابن معین اور العجلی نے کہا ہے کہ ثقہ ہیں نسائی فرماتے ہیں لاباس به تكلم فيه عفان یہ ہشام بن حسان اور ابن عوف سے روایت کرتے ہیں اور احمدؒ ان سے روایت کرتے ہیں اصحاب ستہ نے ان سے تخریج کی ہے رجب ۲۰۶ھ میں سفرِ حج سے واپس آ رہے تھے تو دمشق میں شہید ہوئے اور بصرہ میں دفن ہوئے قتل على مرحلة من دمشق راجعاً من الحج فحمل ودفن بالبصرة (مناوی ۹۳)

(۱۰۰) ﴿حدثنی ابی﴾

جن کا نام جریر اور کنیت ابوالنضر ہے احد الائمة الكبار الثقات بعض نے انہیں صغار تابعین میں شمار کیا ہے آخر عمر میں اختلاط ہو جاتا تھا تب اولاد نے انہیں روایت کرنے سے منع کر دیا فلم يسمع منه احد بعد الاختلاط (مناوی ۹۴) امام بخاریؒ فرماتے ہیں ربما يهم قال غيره في حديثه عن قتادة ضعف خرج له الستة مات سنة سبعين ومائتين (مناوی ۹۴)

(۱۰۱) ﴿حضرت قتادہؒ﴾

جلیل القدر تابعی ہیں والد کا نام دِعامہ ہے ابوالخطاب کنیت ہے البصری ہیں ثقہ ہیں ۶۰ھ میں مادر زاد نابینا پیدا ہوئے۔ قد اتفقوا علی انہ احفظ اصحاب الحسن البصری (جمع ۹۴) ابن المدینی سے روایت ہے کہ حضرت قتادہؒ کے دروازہ پر کسی سائل نے آواز دی اور لوٹ گیا اسی دوران حضرت قتادہؒ کے گھر سے ایک پیالہ چوری ہوگیا اس واقعہ کے دس سال بعد حضرت قتادہؒ کو حج کرنے کی سعادت حاصل ہوئی اسی سفر میں ایک اعرابی نے ان کے قافلہ یا قیامگاہ کے قریب سوال کیا حضرت قتادہؒ نے اس کی آواز سنی تو اول وھلہ میں فرمایا صاحب القدح ھذا یعنی دس سال قبل پیالے چرانے والے صاحب یہی سائل ہیں اسے پکڑا گیا اور پوچھا گیا تو اس نے اپنے جرم کا اقرار کرلیا وقد اخرج حدیثہ الائمۃ کلھم (جمع ۹۴) وقال الکشاف لم یکن فی ھذہ الامۃ اکمہ ممسوح غیرہ اجمعوا علی علمہ وزھدہ (مناوی ۹۴) ۱۱۷ھ میں انتقال ہوا۔

یہاں پر اپنے شیخ ومربی، امیر المؤمنین فی الحدیث محدث کبیر شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحقؒ کے مبارک الفاظ میں تصنیف کی خیر وبرکت کے لئے ان کا تذکرہ نقل کیا جارہا ہے حضرت شیخ الحدیثؒ کا تو اپنا انداز تھا اور ان کی تو بات ہی کچھ اور تھی۔

حضرت قتادہؒ تابعین سے ہیں مادرزاد نابینا تھے اللہ تعالیٰ نے ان کو بہت بڑے حافظہ سے نوازا تھا ایک روز کسی نے حضرت قتادہؒ کے سامنے حضرت جابرؓ کا صحیفہ پڑھا تو قتادہ نے ان سے کہا کہ مجھ سے سورہ بقرہ بھی سن لو اور جابر کا صحیفہ بھی یعنی جس طرح سورہ بقرہ یاد ہے اسی طرح میں نے حضرت جابرؓ کا صحیفہ بھی یاد کرلیا ہے قتادہؒ حضرت حسن بصریؒ کے اجلہ تلامذہ میں سے ہیں ایک روز حضرت سعید بن المسیبؒ کی درسگاہ میں جا شریک ہوئے چونکہ سوالات زیادہ کیا کرتے تھے اسلئے تیسرے روز حضرت سعید بن المسیبؒ نے دریافت فرمایا اے نابینا! آپ سوالات تو زیادہ کرتے ہیں سبق بھی کچھ سمجھ لیتے ہو یا نہیں۔ حضرت قتادہؒ نے عرض کیا کہ تین دن کے سارے اسباق واحادیث آپ مجھ سے سن لیجئے سب یاد ہیں جب سنانا شروع کیا تو فرماتے ہیں فلاں حدیث آپ نے یوں بیان فرمائی اور یوں

استنباط کیا حسن بصریؒ نے یوں بیان فرمائی اور یوں استنباط کیا۔ میں یہ کہتا ہوں اور یوں استنباط کرتا ہوں ہر حدیث میں تینوں آراء کا اظہار کرتے رہے۔

سعید بن المسیب نے جب یہ منظر دیکھا تو فرمایا ما رأیت مثلک قط اور پھر فرمایا اخرج عنی یا اعمیٰ فقد ارفقت علمی۔ (حقائق السنن ۱۴۸)

(۱۰۲) ﴿محمد بن یحییٰ بن ابی عمرؒ﴾

صدوق ہیں اصل میں عدنی ہیں ضعیف السند (جمع ۹۴) کان امام زمانہ (مناوی ۹۴) ابوحاتم کہتے ہیں کان فیہ غفلۃ (جمع ۹۴) امام مسلم نے اپنی صحیح میں ان سے اکثر روایتیں لی ہیں واخرج الترمذی والنسائی وابن ماجۃ حدیثہ (جمع ۹۴) شمائل میں جہاں کہیں بھی ابن ابی عمر کا نام آتا ہے مراد محمد بن یحییٰ ہوتے ہیں۔ ۲۵۸ھ میں وفات پائی۔

(۱۰۳) ﴿سفیان بن عیینہؒ﴾

ابو محمد بن ابی عمران کنیت ہے الھلالی الکوفی ہیں اعور تھے احد الاعلام الکبار (مناوی ۹۴) ثقۃ ثبت عالم زاہد عابد تھے۔ کوفی سکن مکہ قال الشافعی لولا مالک وسفیان لذھب علم الحجاز وسمع من سبعین من التابعین (مناوی ۹۴) روی سفیان الثوری عن القطان عن ابن عیینۃ وھذا الطریق من روایۃ الاکابر عن الاصاغر بواسطۃ خرج لہ الجماعۃ (مناوی ۹۴) ۱۹۸ھ میں انتقال ہوا

(۱۰۴) ﴿ابن ابی نجیحؒ﴾

نام عبداللہ ہے روی حدیثہ الترمذی وغیرہ ولم یترجم لہ احد (جمع ۹۴) آپ طاؤس اور مجاہد سے روایت کرتے ہیں اور ان سے شعبہ ابن علیہ اور عطاء نے روایت کی ہے وثقہ احمد (مناوی ۹۴) ۱۳۱ھ میں انتقال ہوا۔

(۱۰۵) ﴿مجاہدؒ﴾

والد کا نام جبر یا جبیر تھا مخزومی ہیں علم اور فقہ کے امام ہیں احد الاثبات الاعلام اجمعوا علی امامتہ

وقدر آی ھاروت وماروت ' حالت سجدہ میں مکۃ المکرمہ ۱۰۳ھ میں انتقال ہوا خرج لہ الستۃ (مناوی ۹۴) حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے جلیل القدر شاگرد اور تلمیذ رشید تھے یہ بھی مشہور ہے کہ انہوں نے حضرت ابن عباسؓ سے تیس مرتبہ قرآن شریف کی تفسیر پڑھی تھی ۔روی عن علی وسعد بن وقاص والعباد لۃ الاربعۃ وغیرہ اور اس سے ایوب سختیانی ' عطاء اور عکرمہ روایت کرتے ہیں ۔قال ابن معین وابوزرعۃ ثقۃ (تھذیب ص ۳۹ ج ۱۰)

(۱۰۶) ﴿ام ھانیؓ﴾

نام فاختہ یا عاتکہ یا ھند تھا ابو طالب کی بیٹی ہیں حضرت علیؓ کی بڑی ہمشیرہ ہیں اور قدیم الاسلام ہیں فتح مکہ کے وقت ایمان لائیں حضور اقدس ﷺ اکثر ان کے ہاں آیا جایا کرتے تھے اور یہ سعادت بھی ام ھانی کو حاصل ہے کہ آپؐ ان کے گھر میں استراحت فرما تھے کہ معراج ہوگئی ۔ام ھانی مہاجرہ نہیں ہیں ہجرت کے بعد بھی مکہ میں مقیم رہیں حضور اقدس ﷺ کا ان سے نکاح کرنے کا ارادہ بھی ہوا مگر اللہ تعالی نے منع فرمادیا کہ آپؐ ان خالہ زاد ماموں زاد اور چچازاد عورتوں سے نکاح کر سکتے ہیں جنہوں نے آپؐ کے ساتھ ہجرت کی ہے۔

وخطبھا صلی اللہ علیہ وسلم فاعتذرت فاعذرھا(مواھب ۴۷) ان سے ۴۶ احادیث منقول ہیں روایاتھا عن رسول اللہ ﷺ ستۃ واربعون حدیثا (جمع ۹۴) وھی التی قال المصطفیٰ یوم الفتح قد اجرنا من اجرت یا ام ھانی روی عنھا ابنھا جعدۃ وعروۃ وطائفۃ ماتت فی خلافۃ معاویۃ (مناوی ص ۹۵)

(۱۰۷) ﴿سوید بن نصرؒ﴾

نصر نون کے فتح کے ساتھ' قال العسقلانی فی المقدمۃ ھذہ الکلمۃ اذانکرت کانت بالصاد المھملۃ واذا عرفت کانت بالضاد المعجمۃ ودو ثقۃ اخرج حدیثہ الترمذی والنسائی (جمع ۹۵) روی عن ابن المبارک وابن عیینۃ خرج لہ المصنف والنسائی مات سنۃ اربعین ومائتین ۔

(مناوی ۹۵)

(۱۰۸) ﴿عبداللہ بن مبارکؒ﴾

بہت بڑے محدث فقیہ اور امام ہیں ۱۱۸ھ میں پیدا ہوئے ایک غزوہ سے واپسی پر ۱۸۱ھ میں انتقال ہوا۔ بہت بڑے عابد زاہد جواد حافظ الحدیث اور ثقہ امام تھے۔ امام اعظم ابوحنیفہؒ کے شاگرد رشید اور امام بخاریؒ کے استاذ ہیں۔ شیخ ابراہیم البیجوریؒ فرماتے ہیں وھو احد الائمة الاعلام اخذ عن اربعة الاف شیخ جمع علما عظیما من فقه وادب وتصوف و نحو وزهد ولغة وشعر ثقة ثبت خرج له الستة (مواھب ۴۷) احقر مؤلف نے ایک اردو رسالہ بھی لکھا ہے، امام عبداللہ بن مبارکؒ کے حیرت انگیز واقعات، کے نام سے شائقین اسے دیکھیں سوانح پڑھ کر دل کی دنیا بدل جاتی ہے۔

(۱۰۹) ﴿معمرؒ﴾

باپ کا نام راشد ہے البصری ہیں نزیل یمن ہیں اخرج حدیثه الائمة غیر تابعی ہونے کے باوجود آپ سے چار تابعین بھی روایت کرتے ہیں وھو احد الاعلام الثقات خرج له الستة (مناوی ۹۵) قال عبدالرزاق كتبت عن معمر عشرة الاف حدیث وعن ابن جریج قال علیکم بمعمر فانه لم یبق فی زمانه اعلم منه (تذکرة الحفاظ ص ۱۹۰ ج ۱) ۱۵۴ھ میں انتقال ہوا۔

(۱۱۰) ﴿ثابتؒ﴾

البنانی سے معروف ہیں نسبة الی القبیلة ابومحمد کنیت ہے البصری ہیں ثقة بلا مدافعة جلیل القدر عابد العصر قال احمدؒ ثابت اثبت من قتادة وقال الذهبی ثابت کان اسمه صحب انس بن مالک اربعین سنة (مناوی ۹۵) ۱۲۳ھ میں انتقال ہوا۔

(۱۱۱) ﴿یونس بن یزیدؒ﴾

ای ابن ابی النجارد (مواھب ۴۸) ایلی ہیں اخرج حدیثه الائمة (جمع ۹۶) عن ابن المبارک انی اذا نظرت فی حدیث معمر ویونس یعجبنی کانهما خرجامن مشکوة واحد (تهذیب ص ۴۹۵ ج ۱۱) وثقه النسائی وضعفه ابن سعد وتناقض احمد فیه مات سنة اربع اوتسع

وخمسين اوستين ومائة (مناوی ۹۶)

(۱۱۲) ﴿عبید اللہؒ﴾

والد کا نام عبد اللہ ہے ان کے والد بھی اکابر علماء میں شمار ہوتے تھے جلیل القدر تابعین سے تھے کان عبدالله من اعيان الراسخين (مواهب ۳۵) اوران کا دادا عتبہ بھی حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ کا بھائی تھا تابعی كبير وجده عتبه اخو عبدالله بن مسعود (جمع ۹۲) خود عبید اللہ بھی عظیم فقیہ تھے وهو فقيه ثبت احد الفقهاء، ومن تلامذته عمر بن عبدالعزيز خرج له الستة (مواهب ۳۵) مات سنة ثمان اوتسع وتسعين خرج له الستة (مناوی ۹۲)

(۱۱۳) ﴿عبد الرحمٰن بن مہدیؒ﴾

۱۳۵ھ میں پیدا ہوئے ثقة ثبت عدل حافظ عارف بالرجال (جمع ۹۸) احد اعلام الحفاظ الثقات اهل المناقب العلية، خرج له الستة، مات بالبصرة سنة ثمان وتسعين ومائة (مناوی ۹۸)

(۱۱۴) ﴿ابراھیم بن نافع المکیؒ﴾

مخزومی ہیں ثقة حافظ روى عنه الائمة الستة قال ابن مهدى كان اوثق شيخ بمكة. ابن حبانؒ نے اس کا تذکرہ ثقات میں کیا ہے (تهذيب ص ۱۵۲ ج ۱)

(۱۱۵) ﴿اسحٰق بن موسیٰؒ﴾

الانصاری ہیں ابن عیینہ، اشجعی، ابن وہب اور العنبری وغیرہ سے روایت کرتے ہیں اوران سے ابن بکیر، مسلم، مصنف اور نسائی روایت کرتے ہیں صدوق ہیں۔

صدوق ثقة متقن من العاشرة (مناوی ۱۰۰) قال الخطيب ورد بغداد وحدث بها وكان ثقة ابن حبانؒ نے بھی آپؒ کو ثقات میں شمار کیا۔ قال البغوى مات ۲۴۴ھ بحمص (تهذيب ص ۲۲۰ ج ۱)

(۱۱۶) ﴿معن بن عیسیٰ﴾

ثقة ثبت اخرج حديثه الستة الا ابن ماجة (جمع ۱۰۰) احد ائمة الحديث كان يوسّد عَتَبَةَ الامام مالک فلا يتلفظ بشئي الا كتبه قال ابن المديني اخرج الينا معن اربعين الف مسئلة سمعها من مالک، روى عن مالک وابن ابي ذئب ومعاوية بن صالح (مواهب ۳۹) قال ابو حاتم اثبت اصحاب مالک واتقنهم وكان ثقة كثير الحديث ثبتا مامونا. رضي الشافعي بروايته مات بالمدينة في شوال سنة ثمان وتسعين ومائة (تهذيب ص ۲۵۲ ج ۱۰)

(۱۱۷) ﴿یوسف بن عیسیٰ﴾

کنیت ابو یعقوب ہے وهو ثقة فاضل من العاشرة اخرج له الشيخان وابو داؤد والمصنف والنسائي (مناوی ۱۰۱) روى عن الفضل بن موسىٰ ووكيع وابن عيينة وعنه البخاري ومسلم والترمذي والنسائي ذكره ابن حبان في الثقات (تهذيب ص ۳۶۹ ج ۱۰) ۲۴۹ھ میں انتقال ہوا۔

(۱۱۸) ﴿ربیع بن صبیح﴾

السعدی البصری ہیں صدوق سیئ الحفظ اخرج حديثه البخاري في تاريخه والترمذي وابن ماجة (جمع ۱۰۱) القطان انہیں پسند نہیں کرتے تھے۔ امام احمدؒ فرماتے ہیں لا باس به ابن معینؒ نے انہیں ضعیف قرار دیا ہے شعبہؒ نے کہا کہ وہ تو سادات المسلمین سے تھے وقال عفان احاديثه مقلوبة روى عن الحسن وعطاء وعنه ابن مهدي اخرج له البخاري في تاريخه. والمصنف وابن ماجة مات سنة ستين وقيل سبعين ومائة وهو اول من صنف الكتب بالبصرة (مناوی ۱۰۱) وقال الجزري الربيع بن صبيح كان عابداً لكنه ضعيف في الحديث وقال ابن حبان كان عابداً ولم يكن الحديث من صناعته فوقع في حديثه المناكير قيل ومن مناكيره في هذا الحديث كان ثوبه ثوب زيات لكن قال القاري والمناوي له شواهد وذكر شواهده بعدة طرق (عربي حاشيه خصائل) قال ابو زرعة شيخ صالح صدوق وقال ابن عدي له احاديث صالحة مستقيمة ولم ار له حديثا منكراً جدا و ارجو

انه لا باس به ولا بروايته (تهذيب ص ۱۴۳ ج ۳)

﴿یزید بن ابانؒ﴾ (۱۱۹)

ابان سحاب کے وزن پر ہے اکثر محدثین اور نحاۃ نے غیر منصرف قرار دیا ہے جبکہ بعض اسے منصرف قرار دیتے ہیں اور اس میں اس حد تک مبالغہ کر گئے کہ بقول ان کے من لم یصرف ابان فهو اتان (مناوی ۱۰۱) الرقاشی نسبت ہے وهي نسبة لبنتِ قيس بن ثعلبة نسب اليها او لاولادها (مناوی ۱۰۱) حماد بن سلمہ روایت کرتے ہیں کہ وہ عابد و زاہد تھے لكنه كما قال النسائي متروک والدار قطني واحمد منكر الحديث فالحديث معلول بل عدّه الجزري في تصحيح المصابيح وغيره من المناكير ومن لم جزم الحافظ العراقي بضعفه (مناوی ۱۰۲) قال ابن عدى له احاديث صالحة عن انس وغيره وارجو انه لا باس به لروايات الثقات عنه ذكره البخاري في الاوسط في فصل من مات في عشر ومائة الى عشرين ومائة (تهذيب ص ۲۷۱ ج ۱۱)

﴿ابو الاحوصؒ﴾ (۱۲۰)

نام میں اختلاف ہے بعض نے عوف بن مالک اور بعض نے سلام بن سلیم (بالتخفيف في الاول وبالتصغير في الثاني) بتایا ہے ثقة متقن (جمع ۱۰۳) ان سے چار ہزار احادیث مروی ہیں وثقه الزهري وابن معين وقال الحاكم ليس بالمتين من السابعة مات هو ومالک وحماد سنة تسع وسبعين ومائة (مناوی ۱۰۳) تذکرۃ الحفاظ میں آپ کا ذکر ان الفاظ سے کیا گیا الحنفي مولاهم الكوفي الحافظ احد الثقات شاتمین صحابہؓ کے بہت مخالف تھے۔ قال العجلي صاحب سنة واتباع (تذكرة الحفاظ ص ۲۵۰ ج ۱)

﴿اشعثؒ﴾ (۱۲۱)

باپ کا نام ابوالشعثاء ہے اپنے والد اور الاسود سے روایت کرتے ہیں جبکہ ان سے شعبہؒ نے روایت کی ہے ثقة خرج له الستة (مواهب ۵۰) ۱۲۵ھ میں انتقال ہوا۔

(۱۴۲) ﴿عن ابیه﴾

نام سلیم بن اسود بن حنظلۃ ہے المحاربی الکوفی ہیں روی عن عمر وابن مسعود وابی ذر ولازم علیا وھو ثقة ثبت مات سنة اثنین وثمانین وغلط من قال ادرک النبی صلی الله علیه وسلم خرج له الجماعة (مناوی ۱۰۳) قال ابو حاتم لا یسأل عن مثله قال العجلی والنسائی ثقة (تهذیب ص ۱۳۵ ج ۴) اخرج حدیثه البخاری فی التاریخ والباقی فی صحاحهم (جمع ۱۰۳)

(۱۴۳) ﴿مسروق بن الاجدعؒ﴾

جید محدث اور فقیہ ہیں ثقة امام همام قدوة عابد زاهد من الاعلام الکبار کان اعلم بالفتیا من شریح اخرج الائمة حدیثه (مناوی ۱۰۴) بچپن میں شرپسندوں کے ہاتھوں اغواء ہوئے جس کی وجہ سے ان کا نام مسروق پڑ گیا سرق فی صغره ثم وجد فسمی به (جمع ۱۰۳) جلیل القدر تابعین میں سے ہیں ام المؤمنین سیدہ عائشہؓ کے رشتہ دار اور شاگرد ہیں۔ قال ابو اسحٰق حج مسروق فما نام الا ساجداً اس کی بیوی سے منقول ہے کہ اتنی طویل نماز پڑھتے کہ قدموں میں ورم آ جاتا قد صلی خلف ابی بکر الصدیقؓ ۶۳ھ میں وفات پائی (تذکرۃ الحفاظ ص ۴۹ ج ۱)

(۱۴۴) ﴿یحییٰ بن سعیدؒ﴾

۱۲۰ھ میں پیدا ہوئے ورع زہد عبادت تقویٰ اور حفظ میں اپنے زمانے کے امام تھے کان امام زمانه حفظاً وورعاً وزهداً وهو الذی رسم لاهل العراق رسم الحدیث (مواهب ۵۱) حمید اور اعمش سے روایت کرتے ہیں اور ان سے احمد اور ابن معین نے روایت کی ہے علم وعمل میں سب سے ممتاز اور سردار تھے کان راساً فی العلم والعمل قال احمد ما رایت مثله وقال بندار امام زمانه حفظاً وورعاً وزهداً کان یقف بین یدیه احمد وابن معین وابن المدینی یسئلونه عن الحدیث هیبةً له واجلالاً (مناوی ۱۰۶) ایک رات انہوں نے خواب میں دیکھا کہ ایک کرتے پر لکھا ہوا ہے . بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم براءۃ لیحییٰ بن سعید (مناوی ۱۰۶) شیخ ابراھیم الجیوریؒ لکھتے ہیں واقام اربعین سنة یختم

القرآن فی کل یوم ولیلة ولم یفته الزوال فی المسجد اربعین سنة وبشر قبل موته بعشر سنین بلمان من اللّٰہ یوم القیامة (مواهب ۵۱) ۱۹۸ھ میں انتقال ہوا۔

(۱۲۵) ﴿ھشام بن حسانؒ﴾

ثقة تھے کان من اکابر الثقات امام عظیم الشان قال الذهبی واخطا شعبة فی تضعیفه وحسان صیغة مبالغة من الحسن فیصرف لان نونه حینئذٍ اصلیة فان کان من الحس فلا یصرف للعلمیة وزیادة الالف والنون حینئذٍ ونظیره ماقیل لبعضهم اتصرف عفان قال نعم ان هجوته ای لانه حینئذٍ من العفونة لا ان مدحته ای لانه من العفة (مواهب ۵۱) فی التذکرہ هو الامام ابوعبداللّٰہ الازدی الفردوسی روی عن الحسن ومحمد وعکرمة وغیرهم وعنه السفیانان والحمادان وابوعاصم وغیرهم قال ابن عینة کان اعلم الناس بحدیث الحسن . وکان یدیم الصوم سوی یوم الجمعة من اجل امه فلما ماتت سرد الصوم مات فی اول صفر سنة ثمان واربعین ومائة (تذکرة الحفاظ ص ۱۶۳ ج ۱)

(۱۲۶) ﴿حسن بصریؒ﴾

جلیل القدر تابعی ہیں صاحب فضیلت ہیں وهو امام جلیل القدر وهو افضل التابعین اومن افضلهم (جمع ۱۰۲) ائمہ ستہ نے اور ایک جماعت نے ان سے تخریج کی ہے اخرج حدیثه الائمة الستة (جمع ۱۰۲) خرج له الجماعة (مناوی ۱۰۶) سلوک وتصوف کے بھی امام تھے۔
شیخ عبدالرؤف" فرماتے ہیں کہ ان کی والدہ ماجدہ ام المؤمنین حضرت ام سلمہؓ کی خادمہ تھیں بچپن میں حسن بصریؒ رونے لگے تو حضرت ام المؤمنین نے انہیں اپنا تھن دیا تو اللہ تعالیٰ نے اس میں برکت دی حتی صار عالما زاهداً فقیهاً فصیحاً تضرب الامثال بنسکه وهو کثیر الارسال والتدلیس (مناوی ۱۰۶) فضیل بن عیاض فرماتے ہیں ادرک الحسن من اصحاب رسول اللّٰہ ﷺ مائة وثلاثین (جمع ۱۰۶) علامہ ذہبیؒ فرماتے ہیں حافظ علامة من بحور العلم فقیه النفس کبیر الشان عظیم النظر الخ مات سنة عشر ومائة (تذکرة الحفاظ ص ۷۲ ج ۱)

(۱۲۷) عبداللہ بن مغفلؓ

جلیل القدر صحابی ہیں صحابی مشهور من اصحاب الشجرة (مواهب ۵۲) فرماتے ہیں کہ میں حضور اقدس ﷺ کے ساتھ تھا جب آپ الشجرۃ کے نیچے تشریف فرما تھے اور بیعت رضوان لے رہے تھے قال کنت ارفع اغصانها عن المصطفیٰ صلی الله علیه وسلم (مناوی ۱۰۷) فتح مکہ کے روز سب سے پہلے داخل مکہ ہوئے اور بلند آواز سے تکبیر کہی بصرہ میں ۵۷ھ میں انتقال ہوا۔

(۱۲۸) حسن بن عرفہؒ

صلوق ثبت من العاشرة خرج له المصنف والنسائی وابن ماجة (مناوی وجمع ۱۰۷) آپؒ عمار بن یونس ابن مبارک وغیرہ سے روایت کرتے ہیں اور آپؒ سے ترمذی ابن ماجہ وغیرہ نے روایت کی ہے قال یحییٰ بن معین ثقة ذکرہ ابن حبان فی الثقات ۲۵۷ھ میں انتقال ہوا (تہذیب ص۲۵۲ ج۲)

(۱۲۹) عبدالسلام بن حربؒ

ابوعبدالرحمٰن کنیت ہے ثقہ ہیں حافظ ہیں حجة ہیں ابن معین اور ابن سعد نے ضعیف قرار دیا ہے من کبار مشیخة الکوفة وثقاتهم ومسند یهم ولد فی حیاة انس بن مالک . خرج له الجماعة (مناوی ۱۰۷) ۱۸۷ھ میں انتقال ہوا۔

(۱۳۰) یزید بن ابی خالدؒ

ملا علی قاریؒ اور شیخ مناویؒ نے لکھا ہے کہ یہ نسخہ کی غلطی ہے صحیح بات یہ ہے کہ لفظِ ابن زائد ہے اسلئے کہ ابوخالد تو یزید کی کنیت ہے ابوخالد ان کا باپ نہیں بلکہ باپ خالد ہے۔ نسبت رملی ہے ثقة عابد ورع یحفظ اربع وعشرین الف حدیث (مناوی ۱۰۷) امام لیث ٗابن علیہ ٗوکیع اور خلف سے روایت کرتے ہیں جبکہ ان سے ابوداؤد ٗالفریابی ٗابن قتیبہ روایت کرتے ہیں۔

امام آجریؒ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے زمانے میں ان سے زیادہ خدا سے ڈرنے والا نہیں

دیکھا ہم جب کبھی بھی ان کی محفل میں حاضر ہوتے تو انہیں حدیث بیان کرتے ہوئے پاتے' حدیثوں میں کبھی وعدے ہوتے کبھی وعیدیں' جب ہم حاضر ہوتے دلوں کی دنیا بدلتی اور رونا نصیب ہوتا۔ ۲۳۷ھ میں انتقال ہوا۔

(۱۳۱) ﴿ابوالعلاء الاودیؒ﴾

نام داؤد بن عمرو الدمشقی ہے منسوب الی اودبن صعب (جمع ۱۰۷) ابوالسلام اور مکحول سے روایت کرتے ہیں ان سے ھشیم اور اصل واسطے نے روایت کی ہے ابوزرعہ نے کہا کہ لا باس بہ دوسرے حضرات نے انہیں ثقہ قرار دیا ہے خرج لہ ابو داؤد وابن ماجة والمصنف (مناوی ۱۰۷) قال العجلی وابن معین ھو ثقة (تھذیب)

(۱۳۲) ﴿حمید بن عبدالرحمنؒ﴾

دادا کا نام عوف اور ماں کا نام ام کلثوم ہے اپنے باپ اور عمر سے روایت کرتے ہیں جبکہ ان سے ان کے بیٹے زہری اور قتادہ نے روایت کی ہے خرج لہ الجماعة (مناوی ۱۰۷) ۱۷۵ھ میں انتقال ہوا۔

(۱۳۳) ﴿ابوداؤدؒ الطیالسی﴾

سلیمان نام ہے دادے کا نام الجارود ہے البصری ہیں ثقة حافظ فارسی الاصل (مواھب ۵۳) روی عنہ البخاری فی التاریخ والترمذی فی الشمائل (جمع ۱۰۸) روی عن ابان بن یزید العطار وجریر بن حازم وغیرھما وعنہ احمد بن حنبل وعلیٰ المدینی عن وکیع قال ابوداؤد جبل العلم وقال العجلی بصری ثقة وکان کثیر الحدیث قال یونس بن حبیب قدم علینا ابوداؤد واملیٰ علینا من حفظہ مائة الف حدیث اخطاء فی سبعین موضعاً فلما رجع الیٰ البصرة کتب الینا بانّی اخطأت فی سبعین موضعاً فاصلحوھا (تھذیب ج۴ ص ۱۶۰) ۲۰۳ھ میں انتقال ہوا۔

(۱۳۴) ﴿ھمامؒ﴾

ان کے والد کا نام یحییٰ ہے جبکہ ھمام بن منبہ دوسری شخصیت ہیں العوذی البصری ہیں۔ علماء بصرہ

میں ممتاز علمی مقام تھا أحد علماء البصرة وثقاتها قال أبو حاتم ثقة في حفظه شئ وقال أبوزرعة لابأس به وربما وهم (مناوی ۱۰۸) أخرج حديثه الائمة الستة (جمع ۱۰۸) قال احمد هو ثبت في كل مشائخه حسن عطاء نافع وغيرهم سے روایت کرتے ہیں اور آپؒ سے ابن مہدیؒ حبان شیبان بن فروخ وغیرہم روایت نقل کرتے ہیں مات في رمضان سنة اربع وستين ومائة (تذكرة الحفاظ ج ا ص ۲۰۱) ۱۶۴ھ میں انتقال ہوا۔

(۱۳۵) ﴿اسحٰق بن منصورؒ﴾

دادے کا نام بہرام ہے کنیت ابو یعقوب ہے احد الائمة الزهاد المتمسكين بالسنة لكنه يتشيع (مناوی ۱۱۰) صدوق تكلم فيه تشيع روى عنه الستة (جمع ۱۱۰) روى عن ابن عيينة وعبدالرزاق وابي داؤد الطيالسي وغيرهم وعنه الجماعة سوى ابى داؤد وابو حاتم وابو زرعة قال مسلم ثقة مامون احد الائمة من اصحاب الحديث قال النسائي ثقة ثبت (تهذيب ج ا ص ۲۱۹) ۲۵۱ھ میں انتقال ہوا۔

(۱۳۶) ﴿یحییٰ بن موسیٰؒ﴾

بلخی و سجستانی ہیں اصل میں کوفی ہیں ثقة من العاشرة روى عن ابن عيينة ووكيع وعنه الحكيم الترمذى وغيره خرج له البخارى وابوداؤد والنسائي (مناوی ۱۱۰) قال ابوزرعة والنسائي ثقة قال موسىٰ بن هارون كان من خيار المسلمين ولقب يحيىٰ بخت لانها كلمة كانت تجرى على لسانه (تهذيب ج ا ص ۲۵۳) ۲۴۰ھ میں انتقال ہوا۔

(۱۳۷) ﴿عبدالرزاقؒ﴾

باپ کا نام نافع الحمیری ہے یہ عبدالرزاق بن ہمام ہیں ۱۲۶ھ میں پیدا ہوئے جن سے تمام صحاح ستہ والوں نے احادیث نقل کی ہیں الامام احد الاعلام ثقة لكنه يخطئى وقد صنف كتباً وقد عمىٰ آخراً كان يتشيع خرج له الستة (مناوی ۱۱۰) حافظ كبير مصنف شهير وكان شيخاً لأجلة أصحاب

الحدیث (جمع ۱۱۰) ۲۱۰ھ میں انتقال ہوا۔

(۱۳۸) ﴿محمد بن عمرؒ﴾

دادے کا نام ولید الکندی الکوفی ہے منسوب الی کندۃ قبیلۃ من قبائل العرب ومحلۃ بالکوفۃ (جمع ۱۱۲) قال ابو حاتم صدوق والنسائی لاباس بہ (مناوی ۱۱۲) اخرج حدیثہ الترمذی والنسائی وابن ماجۃ (جمع ۱۱۲) ۲۵۶ھ میں انتقال ہوا

(۱۳۹) ﴿یحییٰ بن آدمؒ﴾

ثقۃ حافظ من کبار التاسعۃ روی عن مالک ومسعر وعنہ احمد واسحٰق خرج لہ السنۃ (مناوی ۱۱۲) طبقہ رواۃ میں بلند پایہ مقام رکھتے ہیں کتاب الاموال کے مصنف ہیں کتاب چھوٹی ہے مگر نافع ہے روی عن عیسی بن طہمان والثوری وجریر بن حازم وعنہ احمد وابو کریب قال ابن معین والنسائی ثقۃ وقال ابو حاتم کان یتفقہ وھو ثقۃ (تھذیب ج ۱۱ ص ۱۵۴) ۲۰۳ھ میں انتقال ہوا۔

(۱۴۰) ﴿شریکؒ﴾

یہ معروف قاضی شریک ہیں النخعی الکوفی ہیں پہلے واسط میں قاضی رہے پھر کوفہ میں ھو شریک بن عبداللہ بن ابی شریک النخعی لا شریک بن عبداللہ بن ابی نمیر کما وھم فیہ بعض الشراح صدوق ثقۃ حافظ لکن کان یغلط ویخطئ کثیراً خرج لہ الجماعۃ (مواھب ۵۵) قال العجلی کوفی ثقۃ وکان حسن الحدیث وکان اروی الناس عنہ ومن سمع منہ بعد ماولی القضاءففی سماعہ بعض الاختلاط ولد ۹۰ھ ومات سنۃ سبع وسبعین ومائۃ (تھذیب ج ۴ ص ۲۹۴)

(۱۴۱) ﴿عبیداللہ بن عمرؒ﴾

ثقہ ہیں ثبت ہیں اکابر فقہاء میں ان کا شمار ہوتا ہے قدمہ احمد بن صالح علی مالک فی الروایۃ عن نافع (مواھب ۵۵) قدمہ ابن معین علی القاسم عن عائشۃ وعلی الزھری عن عروۃ عنھا (جمع ۱۱۲) ۱۴۴ھ، ۱۴۵ھ یا ۱۴۷ھ میں انتقال ہوا

(۱۴۲) ﴿نافعؒ﴾

حضرت ابن عمرؓ کے مولیٰ اور العدوی ہیں احد الاعلام من ائمة التابعین ثقة ثبت اصله من المغرب اومن نیسابور مات سنة سبع اوتسع عشرة ومائة خرج له الجماعة (مناوی ۱۱۲) روی عن ابی سعید الخدری وعائشة وامّ سلمةوعنه یزید بن حبیب وابو اسحٰق السبیعی قال ابن سعد کان ثقة کثیر الحدیث وقال البخاری اصح الاسانید مالک عن نافع عن ابن عمرقال ابن خراش ثقة نبیل ذکره ابن حبان فی الثقات (تهذیب ج۱۰ ص ۳۶۸) آپؒ فرماتے ہیں میں نے ابن عمرؓ کی تیس سال خدمت کی فاعطاه ابن عامر فیّ ثلاثین الف درهم فقال انی اخاف ان تفتنی دراهم ابن عامر اذهب فانت حر وقیل کان لنافع جاریة اسمها کوکب الصبح (تذکرةالحفاظ ج ۱ ص ۱۰۰)

(۱۴۳) ﴿عبداللہ بن عمرؓ﴾

نام عبداللہ اور کنیت ابوعبدالرحمٰن ہے بہت مشہور اور جلیل القدر صحابی ہیں ان کی مرویات کی تعداد ۱۶۰۳ ہے روی له عن رسول الله صلی الله علیه وسلّم الف وستمائة وثلاثون حدیثاً (مواهب ۵۵) کثیر الصدقه تھے ایک ہی مجلس میں تیس ہزار تک خرچ کر ڈالتے تھے ساٹھ حج کیے اور ایک ہزار عمرہ کرنے کی سعادت حاصل کی ولد بعد البعثة بقلیل وهاجرابوه واستصغر یوم احد وهوابن اربع عشرة سنة وحضر الخندق وبیعة الرضوان وهو شقیق حفصة امّ المؤمنین واحد الستةالمکثرین بل قال ابن رسلان هو اکثر الصحابة حدیثاً کان من اشد الناس اتباعاً للسنة مات سنة ثلاث او اربع وسبعین (مناوی ۱۱۳) هو احد الاعلام فی العلم والعمل ومناقبه جمة اثنی علیه النبی صلی اللّٰه علیه وسلم ووصفه بالصلاح (تذکرة الحفاظ ج ۱ ص ۳۷)

(۱۴۴) ﴿عاصم ابن عمرؓ﴾

بعض حضرات نے یہاں یہ بھی کہا ہے کہ روایت کی سند میں اختلاف ہے سند میں اولین راوی عبداللہ بن عمرؓ نہیں جو امیر المؤمنین حضرت عمر فاروقؓ کے مشہور ومعروف فرزند ہیں اور جن کا

انتقال ۷۷ھ میں ہوا ہے جو عظیم محدث مفسر اور فقیہ تھے جن کا اجمالی تذکرہ بھی کر دیا گیا ہے بلکہ یہ روایت حضرت عمرؓ کے دوسرے صاحبزادے عاصم سے ہے ان کا سلسلہ نسب عبداللہ بن عمر بن حوص بن عاصم بن عمر بن الخطابؓ ہے یا ابن عمرو راصل حوص کے بیٹے ہیں جو آپ کی نسل ہیں۔

(۱۴۵) ﴿ابو کریبؒ﴾

نام محمد بن العلاء ہے الھمدانی الکوفی ہیں الثقة احد الاعلام المکثرین ظهر له بالکوفة ثلاثمائة الف حديث مات سنة ثمان واربعين ومائتين خرج له الستة (مناوی ۳ ا ا) سمع ابن عيينة وابن المبارک وحاتم بن اسمعيل وعنه الجماعة والفريابی وابن خزيمة قال موسی بن اسحق سمعت من ابی کريب مائة الف حديث قال مطين اوصی ابو کريب بکتبه ان تدفن معه فدفنت (تذکرة الحفاظ ج ۲ ص ۴۹۷)

(۱۴۶) ﴿معاویۃ بن ہشامؒ﴾

القصار الکوفی ہیں قال ابو حاتم صدوق وابو داؤد ثقة وابن معين ليس بذاک وخطا الذهبی من زعم انه متروک مات سنة اربع ومائتين خرج له البخاری فی الأدب والخمسة (مناوی ۳ ا ا)

(۱۴۷) ﴿شیبانؒ﴾

صدوق يهم رمی بالقدر اکثر الرواية عنه مسلم واخرج حديثه الترمذی والنسائی (جمع ۳ ا ا)

(۱۴۸) ﴿عکرمۃؒ﴾

حضرت ابن عباسؓ کے شاگرد ہیں والد کا نام عبداللہ ہے احد اوعية العلم لکنه متهم برأی الخوارج وثقه جمع منهم البخاری. روی عن ابن عباس (مولاه) وعائشة وابی هريرة وغيرهم وحدث عنه خلائق منهم ايوب وابوبشر وعاصم الاحول وافتی فی حياة ابن عباس قال عکرمة طلبت العلم اربعين سنة وعن الشعبی قال مابقی احد اعلم بکتاب الله من عکرمة . مات سنة سبع ومائة (۱۰۷ھ) بالمدينة (تذکرة الحفاظ ج ا ص ۹۵) مولیٰ ابن عباس ثبت عالم ولم يثبت تکذيبه عن

ابن عمر وهو من كبار التابعين (جمع ۱۱۳)

(۱۴۹) ﴿محمد بن بشرؒ﴾

احد الاعلام ثقة خرج له الستة (مواهب ۵۲)

(۱۵۰) ﴿علی بن صالحؒ﴾

الکوفی الہمدانی ہیں ایک جماعت نے ان کی توثیق کی ہے قال فی الکاشف وکان رأساً فی العلم والعمل والقراءة .خرج له الجماعة خلاف البخاری (مناوی ۱۱۴) ۱۵۳ھ میں انتقال ہوا۔

(۱۵۱) ﴿ابو جحیفةؓ﴾

صحابی مشهور كان فی وفاة النبی صلى الله عليه وسلم لم يبلغ روى عنه خمسون حديثاً فی البخاری وفی مسلم ثلاثة وفيهما حديثان (جمع ۱۱۵)

آپ وھب الخیر کے نام سے موسوم تھے وكان على المرتضىٰ يحبه ويسميه وهب الخير وجعله على بيت المال قال الذهبی ثقة (مناوی ۱۱۵)

(۱۵۲) ﴿شعیب بن صفوانؒ﴾

الثقفی الكوفی الكاتب قال فی الكاشف قال ابن عدی عامة مايرويه لا يتابع عليه له فی مسلم حديث واحد وقال ابن حجر مقبول (مناوی ۱۱۵) اخرج حديثه البخاری (جمع ۱۱۵)

روى عن ابی اسحٰق السبيعی وعبدالمالک بن عمير وحمزة الزيات وعنه ابوابراهيم وابوداؤدالطيالسی قال ابوحاتم يكتب حديثه ولا يحتج به ذكره . ابن حبان فی الثقات سكن بغداد ومات بها فی ايام هارون (تهذيب ج۴ ص ۳۰۹)

(۱۵۳) ﴿عبدالملک بن عمیرؒ﴾

عمیر مصغّر ہے اللخمی العجلی ہیں ويقال القبطی ' فصيح عالم تغيّر حفظه وربما دلّس قال احمد مضطرب الحديث وقال ابن معين مختلط وثقه جمع (مناوی ص ۱۱۵) اخرج حديثه الستة

(جمع ۱۱۵) ۱۳۶ھ میں انتقال ہوا۔

(۱۵۴) ﴿ إیاد بن لقیطؒ ﴾

العجلی ہیں قال الذھبی ثقة خرج له البخاری فی تاریخه ومسلم وابوداؤد (مناوی ۱۱۵) من الرابعة السدوسی روی عن البراء بن عازب وابی رمثة وعنه ابنه وعبدالملک بن عمیر قال ابن معین والنسائی ثقة ذکره ابن حبان فی الثقات (تهذیب ج ۱ ص ۳۳۸)

(۱۵۵) ﴿ ابو رمثةؓ ﴾

مشہور صحابی ہیں ان کے اصلی نام میں اختلاف ہے بعض نے اس کا نام رفاعہ بعض نے خباب بعض نے جندب اور بعض نے خشخاش بتایا ہے التیمی ہیں تیم الرباب واحترز عن تیم قریش قبیلة من بکر (جمع ۱۱۵) والرباب (بکسر الراء) وهم خمس قبائل ضبة وثور وعکل وتیم وعدی غمسوا ایدیهم فی رب وتحالفوا علیه فصاروا یداً واحدقوا الرب فعل السمن (مواهب ۵۷) گویا قبیلہ تیم ان پانچ قبائل کا وفاق تھا۔

(۱۵۶) ﴿ سریج بن النعمانؒ ﴾

اصل میں خراسان سے ہیں أخذ عن ابن الماجشون وعنه البخاری ثقة (مواهب ۵۷) اخرج حدیثه البخاری والاربعة (جمع ۱۱۷) روی عن فلیح بن سلیمان والحماد وعنه البخاری وابوزرعة واحمد بن حنبل قال ابن سعد والعجلی هو ثقة قال الدار قطنی ثقة مامون (تهذیب ج ۳ ص ۴۹۷) ۲۱۷ھ میں انتقال ہوا

(۱۵۷) ﴿ حماد بن سلمةؒ ﴾

البصری العابد الزاهد المستجاب الدعوة احد الاعلام قال ابن معین اذا رأیت من یقع فیه فاتهمه علی الإسلام وقال ابن عاصم کتب عن حماد بن سلمة بضعة عشر الفاً وقال ابن حجر اثبت الناس فی ثابت لکن تغیراً خیراً خرج له مسلم والاربعة والبخاری فی تاریخه (مناوی ۱۱۷) ۱۶۷ھ

میں انتقال ہوا۔

(۱۵۸) ﴿هشيمٌ﴾

مصغر ہے ابومعاویہ کنیت ہے اسلمی الواسطی ہیں وهو امام ثقة حافظ بغداد (مواهب ۵۸) مدلس عاش ثمانين سنة (مناوی ۱۱۸) اخرج حديثه الستة (جمع ۱۱۸) قال الامام الذهبي سمع الزهري وعمرو بن دينار وايوب السختياني وخلقاً كثيراً وحدث عنه شعبه ويحيىٰ القطان واحمدبن حنبل وغيرهم قال يعقوب الدورقي كان عند هشيم عشرون الف حديث قال ابن المبارك من غيّر الدهر حفظه فلم يغيّر حفظ هشيم ۱۸۳ھ میں انتقال ہوا۔

(تذكرة الحفاظ ص ۲۴۹ ج ۱)

(۱۵۹) ﴿عثمان بن موهبٌ﴾

صوابه عثمان بن عبدالله بن موهب كماصرح به بعد نسبه لجده وهو التميمي مولاهم المدني الاعرج الطلحي اخذ عن ابي هريرة وابن عمر وطائفة وعنه شعبة وعدة ثقة من الرابعة لم يخرج له من الستة الاالنسائي (مناوی ۲۰۰) قال العجلي تابعي ثقة ذكره ابن حبان في الثقات مات ۱۶۰ھ

(تهذيب ص ۱۳۱ ج ۷)

(۱۶۰) ﴿ابو عوانةؒ﴾

الحافظ احد الثقات رأى الحسن وابن سيرين قال عفان هو اصح حديثا عندنا من شعبة مات سنة ست وسبعين ومائة بالبصرة (تذكرة الحفاظ ص ۲۳۶ ج ۱) اسمه الوضاح الواسطي البزاز احد الاعلام سمع قتاده وابن المنكدر ثقة ثبت خرج له الستة (مواهب ۲۰)

(۱۶۱) ﴿ام المؤمنين ام سلمةؓ﴾

التي هي ام المؤمنين وزوجة افضل الخلق اجمعين اسمها هند بنت امية تزوجها رسول الله صلى الله عليه وسلم في شوال وبنىٰ بهافي شوال وماتت في شوال (مواهب ۲۰)

(۱۶۲) ﴿ابراھیم بن ہارونؒ﴾

البلخی العابد الزاهد صدوق ثقة روی عن حاتم بن اسماعیل وخلق خرج له الحکیم الترمذی وغیره (مناوی ۱۲۱) اخرج حدیثه النسائی فی کتابه (جمع ۱۲۱) قال النسائی ثقة (تهذیب ۱۵۳ ج ۱)

(۱۶۳) ﴿النضر بن زرارةؒ﴾

ابو الحسن الکوفی نزیل بلخ مستور (جمع ۱۲۱) زرارۃ کے باپ کا نام عبدالکریم الذھلی ہیں اوردہ الذهبی فی الضعفاء والمتروکین وقال انه مجهول وقال ابن حجر مستور من التاسعة خرج له المصنف فی الشمائل فقط (مناوی ۱۲۱) روی عن عیسی بن طهمان و ابی حنیفة وسفیان الثوری وغیرهم وعنه ابراهیم بن هارون وقتیبة بن سعید واحمد وغیرهم ذکره ابن حبان فی الثقات وذکر ابن سعد انه ولد علی عهد النبی صلی الله علیه وسلم (تهذیب ۴۹۰ ج ۱۰)

(۱۶۴) ﴿ابو جنابؒ﴾

اسمه یحیی بن ابی حیة الکلبی محدث مشهور ربما ضعفوه لکثرة تدلیسه من السادسة اخرج حدیثه ابو داؤد والترمذی وابن ماجة (جمع ومناوی ۱۲۱) روی عن ابیه ویزید بن البراء والضحاک وعنه السفیانان وجریر وهشیم . قال ابن معین لیس به بأس الا کان یدلس قال العجلی یکتب حدیثه وفیه ضعف ذکره ابن حبان فی الثقات (تهذیب ص ۲۰۱ ج ۱۱)

(۱۶۵) ﴿الجهدمةؓ﴾

دحرج کے وزن پر ہے صحابیہ ہیں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام بدل کر لیلیٰ رکھا یہ بشیر بن خصاصیہ کی اھلیہ ہیں ان کے شوہر کا نام زحما تھا آپؐ نے اس کو تبدیل کر کے بشیر رکھ دیا کان اسمه زحما فغیره صلی الله علیه وسلم وسماه بشیرا (مواھب ۶۰) یہ آپؐ کی صحابیہ اور انصار مدینہ سے ہیں۔ روت عن النبی صلی الله علیه وسلم وعنها ایاد بن لقیط وسماک بن حرب وغیره (تهذیب ص ۴۳۵ ج ۱۲)

(۱۶۶) ﴿بشیر ابن الخصاصیہؓ﴾

نسبہ الی خصاصۃ بن عمرو بن کعب بن الغطریف الأکبر وھی ام جدہ الاعلیٰ ضباری بن سدوس واسمھا کبشۃ ووھم من قال انھا امہ وانما ھی جدتہ (مواھب ۲۰)

(۱۶۷) ﴿عبداللہ بن عبدالرحمٰنؒ﴾

حافظ الحدیث ہیں جید عالم ہیں ثبت ہیں سمرقندی الداری ہیں صاحب المسند المشہور ہیں ابوحاتم نے کہا ھو امام اھل زمانہ خرج لہ الجماعۃ ۔ایک جماعت نے ان سے تخریج کی ہے ۲۵۵ھ میں انتقال ہوا (مناوی ۱۲۲) روی عن النضر بن شمیل ویزید بن ھارون وغیرھما وعنہ مسلم وابوداؤد والترمذی والبخاری فی غیر الجامع قال احمد بن حنبل کان ثقۃ وزیادۃ واثنی علیہ خیر وفی الزھرۃ روی عنہ مسلم ثلاثۃ وسبعین حدیثا (تھذیب ص ۲۵۹ ج ۵)

(۱۶۸) ﴿عمرو ابن عاصمؒ﴾

الکلابی العبسی البصری الحافظ روی عن خلق کثیر منھم شعبۃ وعنہ البخاری وخلق قال کتبت عن حماد بضعۃ عشر ألف حدیث قال ابن حجر صدوق خرج لہ الجماعۃ فی حفظہ شئی اخرج حدیثہ الائمۃ الستۃ فی صحاحھم ۲۱۳ھ میں انتقال ہوا (جمع ومناوی ۱۲۲، ۱۲۳) قال ابن معین ثقۃ وقال النسائی لیس بہ بأس (تذکرۃ الحفاظ ص ۳۹۲ ج ۱)

(۱۶۹) ﴿عبداللہ بن محمد بن عقیلؒ﴾

کان احمد وابن راھویہ یحتجان بہ لکن قال ابوحاتم لین الحدیث وقال ابن خزیمۃ لا احتج بہ خرج لہ البخاری وابوداؤد وابن ماجۃ (مواھب ۲۱) وعبداللہ صدوق (جمع ۱۲۳) وامّ عبداللہ زینب بنت علی روی عن عمر وجابر وعدۃ وعنہ معمر وغیرہ مات بعد الاربعین (مناوی ۱۲۳) ذکرہ ابن سعد فی الطبقۃ الرابعۃ من اھل المدینۃ قال العجلی مدنی تابعی جائز الحدیث قال الترمذی صدوق وقد تکلم فیہ بعض اھل العلم من قبل حفظہ قال خلیفہ مات بعد الاربعین ومائۃ (تھذیب ص ۱۳ ج ۶)

(۱۷۰) ﴿محمد بن حمید الرازیؒ﴾

حمید مصغر ہے الرازی رے کی طرف نسبت ہے۔ وھی مدینة کبیرة مشهورة من بلاد الدیلم ان کی کنیت ابوعبداللہ ہے روی عن ابن المبارک وروی عنه احمد ویحییٰ ۔ایک جماعت نے انہیں ثقہ قرار دیا ہے امام بخاریؒ نے کہا فیه نظر ' ابن حجرؒ نے انہیں ضعیف قرار دیا ہے۔ ابن معین نے کہا کہ ،، حسن الرای تھے (جمع ۱۲۶) خرج له ابوداؤد والمصنف وابن ماجة (مواهب ۲۲) امام ذھبیؒ فرماتے ہیں ۲۴۸ھ میں انتقال ہوا(مناوی ۱۲۹) قال ابن حبان ینفرد عن الثقات بالمقلوبات وقال الخلیلی کان حافظا عالما بهذا لشان رضیه احمد ویحییٰ (تهذیب ج ۹ ص ۱۱۲)

(۱۷۱) ﴿عباد بن منصورؒ﴾

الناجی ہیں کنیت ابوسلمة ہے البصری ہیں بصرہ میں قاضی تھے صدوق رمی بالقدر و تغیر بآخره اخرج حدیثه البخاری فی التعلیق والائمة الاربعة فی صحاحهم واختلف فیه (جمع ۱۲۶) روی عن عکرمة وعطاء وابی رجاء وعنه اسرائیل وحمادبن سلمة قال ابن معین حدیثه لیس بالقوی ولکنه یکتب .

ابوداؤد فرماتے ہیں کہ آپ بصرہ کے پانچ دفعہ قاضی مقرر ہوئے ۱۵۲ھ میں انتقال فرمایا (تهذیب ج۵ ص ۹۱) وقال فی الکاشف ضعیف والنسائی لیس بالقوی (مناوی ۱۲۶) ۔

(۱۷۲) ﴿عبداللہ بن صباح الھاشمیؒ﴾

البصری ہیں ثقة من کبار العاشرة۔ شیخین ' ابوداؤد اور نسائی نے ان سے تخریج کی ہے ۲۵۰ھ میں انتقال ہوا۔ آپؒ معتمر بن سلیمان یزید بن ھارون وغیرھما سے روایت کرتے ہیں قال ابوحاتم صالح وقال النسائی ثقة ذکره ابن حبان فی الثقات وفی الزهرة روی عنه البخاری ستة ومسلم ثلاثة (تهذیب ج ۵ ص ۲۳۳)

(۱۷۳) ﴿عبید اللہ بن موسیٰ﴾

السید الجلیل ابو محمد العبسی، مشاہیر حفاظ حدیث میں ہیں تمام قراءتوں پر مکمل عبور تھا انہیں کبھی ہنستے ہوئے نہیں دیکھا گیا۔ قال الذھبی احد الاعلام علی تشیعه وبدعته قال ابن حجر ثقة خرج له الستة (مناوی ۱۲۸) ۲۱۰ھ یا ۲۱۳ھ میں انتقال ہوا۔ قال العجلی ثقة وکان عالماً بالقرآن رأسا فیه ذکره ابن حبان فی الثقات قال ابن قانع کوفی یتشیّع (تهذیب ج ۷ ص ۴۸)

(۱۷۴) ﴿اسرائیل﴾

یونس کے بیٹے اور ابو اسحٰق کے پوتے ہیں السبیعی ہیں ثقة تکلم فیه بلا حجة (جمع ۱۲۸) ان کی کنیت ابو یوسف الکوفی ہے زیاد بن علاء زید بن جبیر اور عاصم الاحول وغیرھم سے روایت کرتے ہیں اور ان سے نضر بن شمیل عبد الرزاق اور وکیع وغیرھم روایت نقل کرتے ہیں۔ قال ابو حاتم ثقة صدوق من اتقن اصحاب ابی اسحٰق امام عجلی نے بھی آپ کو ثقة کہا ہے (تھذیب ج ۱ ص ۲۳۰) ۱۲۰ھ یا ۱۶۲ھ میں انتقال ہوا۔

(۱۷۵) ﴿محمد بن یزید﴾

الکلاعی الشامی حجة ثقة ثبت عابد وعدّ من الأبدال خرج له ابو داؤد والمصنف والنسائی (مواهب ۲۴) قال الذهبی حجة من الأبدال (مناوی ۱۳۹) ۱۹۰ھ میں انتقال ہوا۔ قال احمد بن حنبل کان ثبتا فی الحدیث قال ابن معین وابو داؤد والنسائی ثقة۔ ابن حبان نے بھی ان کو ثقات میں ذکر کیا ہے بڑے مستجاب الدعوات تھے (۱۸۸ھ) یا (۱۹۰ھ) میں وفات پائی (تھذیب ج ۹ ص ۵۲۶)

(۱۷۶) ﴿محمد بن اسحٰق﴾

مغازی اور سیر کے امام ہیں احد الاعلام ہیں۔ کان بحر من بحار العلم له غرائب واختلف فی الاحتجاج به وحدیثه فوق الحسن خرج له البخاری فی التعلیق (مواهب ۲۴) اخرج حدیثه

البخاری فی التعلیق والترمذی فی الشمائل وباقی الأئمة الأربعة فی صحاحهم (جمع ۱۲۹) روی عن عطاء وطبقته وعنه شعبة والسفیانان والحماد ان وخلق (مناوی ۱۲۹)

(۱۷۷) ﴿محمد بن المنکدرؒ﴾

تابعی جلیل ثقة متوله بکاء متزهد روی عن ابی هریرةؓ وعائشة وعنه مالک والسفیانان مات سنة ثلاثین ومائة خرج له الجماعة (مناوی ۱۲۹) قال ابن عیینة کان من معادن الصدق ذکره ابن حبان فی الثقات وقال کان من سادات القراء قال الواقدی یکثر الاسناد عن جابرؓ (۱۲۱ھ) میں انتقال ہوا (تہذیب ج۹ص ۴۱۹)

(۱۷۸) ﴿حضرت جابرؓ﴾

ابن عبداللہ انصاری السلمی ہیں ان مشاہیر صحابہ کرامؓ میں سے ایک ہیں جو کثرت سے روایت کرتے ہیں جہاد بدر اور اس کے بعد ہونے والے جہادوں میں شمولیت فرمائی شام اور مصر بھی گئے ۱۵۴۰ احادیث ان سے مروی ہیں آخری عمر میں نابینا ہو گئے تھے ۹۴ برس کی عمر میں ۷۸ھ میں وفات پائی صحابہ کرامؓ میں سب سے آخری صحابی تھے جو مدینہ طیبہ میں فوت ہوئے۔ صاحب تذکرۃ الحفاظ لکھتے ہیں الفقیه مفتی المدینة فی زمانه حمل عن النبی صلی اللہ علیه وسلم علماً کثیراً نافعا وله منسک صغیر فی الحج اخرجه مسلم قال جابرؓ استغفرلی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم لیلة البعیر خمسا وعشرین مرة وعنه قال کنت امیح الماء یوم بدر.

(تذکرۃ الحفاظ ج ۱ ص ۴۳، تہذیب ج۲ ص ۴۷)

(۱۷۹) ﴿بشر بن المفضلؒ﴾

ابو اسمٰعیل کنیت ہے کان اماماً حجة ثقة روی عن خلق کثیر (مواهب ۴۲) امام ابن المدینی فرماتے ہیں کہ روزانہ چار سو رکعت نفل نماز پڑھنے کا معمول تھا ایک دن روزہ اور ایک روز افطار کیا کرتے تھے۔ خرج له الجماعة کان عثمانیاً (مناوی ۱۲۹) ۱۸۷ھ میں انتقال ہوا

۔ روی عن حمید الطویل وابی ریحانة ومحمد بن المنکدر وعنه احمد واسحٰق ومسدد وغیرهم قال احمد بن حنبل الیه المنتهیٰ فی التثبت بالبصرة وقال ابوزرعة وابوحاتم والنسائی ثقة قال العجلی ثقة فقیه البدن ثبت فی الحدیث صاحب سنة (تهذیب ج۱ ص ۲۰۲)

(۱۸۰) ﴿عبداللہ بن عثمانؒ﴾

دادے کا نام خثیم (مصغر) تھا۔ القاری المکی حلیف الزهریین قال ابوحاتم صالح الحدیث مات سنة اثنین وثلاثین ومائة خرج له البخاری فی التعلیق والخمسة (مناوی ۱۲۹)

(۱۸۱) ﴿سعید بن جبیرؒ﴾

الاسدی الکوفی ہیں احد الاعلام الکبار (مناوی ۱۳۰) ثقة ثبت فقیه روایته عن عائشة وابی موسی مرسلة اخرج حدیثه الائمة الستة فی صحاحهم وهو تابعی جلیل بل قیل افضل التابعین (جمع ۱۳۰) آپ کے علم' جلالت قدر اور زہد پر تمام علماء کا اتفاق ہے حجاج نے آپ کو شہید کیا اور آپ کی شہادت کا قصہ بھی عجیب ہے جب آپ کو حجاج کے حکم پر ان کے سامنے کھڑا کیا گیا تو حجاج نے آپ سے دریافت کیا۔ اے سعید! میرے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے فرمایا انت قاسط عادل' تم تو قاسط بھی ہو اور عادل بھی' حجاج یہ سن کر ناراض اور غضبناک ہوا' حاضرین نے عرض کیا۔
محترم! انہوں نے تو آپ کی مدح وتعریف کی پھر ناراضگی اور غصہ کیوں؟ کہنے لگا ارے جاہلو! تم کیا جانو انہوں نے میری شدید مذمت کی ہے انہوں نے مجھے قاسط کہہ کر ظلم سے منسوب کیا ہے اور مجھے ظالم قرار دیا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے واما القاسطون فکانوا لجهنم حطبا اور مجھے عادل کہہ کر مشرک قرار دیا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ثم الذین کفروا بربهم یعدلون پھر اُن کے شہید کرنے کا حکم دیا فلما قطعت راسه صارت تقول لا اله الا الله جب ان کا سر قلم کیا گیا تب بھی ان کی زبان لااله الا الله پڑھ رہی تھی وعاش بعده خمسة عشر یوماً فقط لد عائه علیه اللهم لا تسلّط علی احد بعدی (مواهب ۶۴) روی عن ابن عباس وابن زبیر وابن عمر رضی اللّٰه عنهم وعنه ابواسحٰق السبیعی وآدم بن سلیمان وایوب وغیرهم قال میمون لقد مات سعید بن جبیر وما علی ظهر

الارض احد الا محتاج الی علمه آپ بہت مستجاب الدعوات تھے اصبغ بن زید واسطی نقل کرتے ہیں کہ ان کا ایک مرغ تھا جن کی آواز (بانگ) پر وہ تہجد کے لئے بیدار ہوتے تھے ایک رات اس نے آواز نہیں دی تو آپ بھی بیدار نہیں ہوئے یہ بات آپ پر بہت گراں گزری فرمایا قطع الله صوته قال فما سمع له صوت بعدها (تهذیب ج ۴ ص ۱۱) حجاج کے متعلق دعاء کی قبولیت کا تذکرہ پہلے ہو چکا ہے۔

(۱۸۲) ﴿ابراھیم بن المستمرؒ﴾

البصری الهللی العروقی ہیں ابن خزیمہ اور جماعت نے ان سے روایت کی ہے نسائی نے کہا صدوق ہیں۔ خرج له ابوداؤد والمصنف والنسائی وابن ماجة (مواهب ۴۴) ذکره ابن حبان فی الثقات وقال ربما اغرب (تهذیب ج ۱ ص ۱۴۳)

(۱۸۳) ﴿عثمان بن عبدالملکؒ﴾

المکی المؤذن مستقیم لین بل قال ابوحاتم منکر الحدیث واحمد لیس بذاک من الخامسة رأی الحسین وروی عن ابن المسیب وعنه ابوعاصم خرج له ابن ماجة (مناوی ۱۳۰) قال ابن معین لیس به بأس ذکره ابن حبان فی الثقات قلت فی اتباع التابعین کانّه لم یصح عنده سماعه من الصحابة وذکر البخاری انه رأی ابن عباسؓ (تهذیب ج ۷ ص ۱۲۵)

(۱۸۴) ﴿سالمؒ﴾

یہ سالم بن عبداللہ بن عمر بن الخطاب ہیں مدینہ منورہ کے مشاہیر فقہاء سبعہ میں سے ایک ہیں جلیل القدر تابعی ہیں کان راساً فی العبادة والزهد کان یلبس الثوب بدرهمین وقد انتهت نوبة العلم الیه واقرانه مثل علی بن الحسین زین العابدین وقاسم ابن محمد مات سنة ست اوسبع ومائة خرج له الجماعة (مناوی ۱۳۰) قال مالک لم یکن احد فی زمانه اشبه منه بمن مضی من الصالحین فی الزهد والفضل وقال احمد واسحٰق اصح الطرق الزهری عن سالم عن ابیه ان کے والد صاحب

فرمایا کرتے

یلومونني في سالم والومهم وجلدة بين العين والانف سالم

مات سنة ست ومائة وقد شاخ رحمہ اللہ تعالیٰ (تذکرة الحفاظ ج ا ص ۸۸)

(۱۸۵) ابن عمرؓ

یہ عبداللہ بن عمر بن الخطاب ہیں غزوہ خندق، بیعت رضوان اور تمام مشاہد اور جہادوں میں شریک رہے کان اماماً واسع العلم متین الدین وافر الصلاح (مناوی ۱۳۰) زہد وتقویٰ کا نمونہ تھے ۷۳ یا ۷۴ھ میں انتقال ہوا۔ تذکرۃ الحفاظ میں ہے۔ ومناقبه جمة اثنى عليه النبي صلى الله عليه وسلم ووصفه بالصلاح وعن ابن الحنفية قال كان ابن عمر حبر هذه الامة قال سعيد بن المسيب لو شهدت لاحد انه من اهل الجنة لشهدت لابن عمر وذكرنا فع ان عبدالله تبع امر رسول الله صلى الله عليه وسلم وآثاره وافعاله حتى كانه خيف على عقله (تذكرة الحفاظ ج ا ص ۳۷)

(۱۸۶) الفضل بن موسیٰؒ

ابوعبداللہ کنیت ہے السینانی ہیں قریہ سینان کی طرف نسبت ہے المروزی ہیں اصحاب ستہ نے ان سے تخریج کی ہے ثقاتِ صغار التابعین سے ہیں الذہبی فرماتے ہیں

ماعلمت فيه ليناً الا ماروى عن ابن المديني انه قال له مناكير روى عن هشام بن عروة وطبقته وعنه ابن راهويه وخلق مات سنة احدى او ثنتين وتسعين ومائة من التاسعة (مناوى ۱۳۱) قال ابن معين وابن سعد ثقة قال ابوحاتم صدوق قال وكيع اعرفه ثقة صاحب سنة ذكره ابن حبان في الثقات (تهذيب ج۸ ص ۲۵۷)

(۱۸۷) ابوتمیلہؒ

ان کا نام یحییٰ بن واضح ہے المروزی الانصاری ہیں۔ اخرج حديثه الستة (جمع ۱۳۱) تميلة بروزن عيلة کے ہے وتميلة دابة برية كالهر امام احمد نے فرمایا لا بأس به۔ ابن معین کہتے ہیں ثقة (مناوى

۱۳۱) ابواسحٰق سے روایت کرتے ہیں اور ان سے احمد ابن ابی شیبہؒ اور الدورقی روایت کرتے ہیں قال ابو حاتم ثقة فی الحدیث ادخله البخاری فی الضعفاء وقال صاحب المیزان لم اره فی الضعفاء للبخاری ذکراً ذکره ابن حبان فی الثقات (تهذیب ج ۱۱ ص ۲۵۷)

(۱۸۸) ﴿زید بن حبابؒ﴾

کنیت ابوالحسن ہے الشکلی خراسانی پھر کوفی ہیں حافظ الحدیث ہیں اصحاب ستہ نے ان سے تخریج کی ہے۔قال الذهبی لا بأس به وقال ابن حجر صدوق ویخطئی فی حدیث الثوری (مواهب ۹۵) حسین بن واقد سے روایت کرتے ہیں اور آپؒ سے احمد وغیرہ نے روایت کی ہے مات سنة ثلاث ومائتین (مناوی ۱۳۱) آپ اندلسمیں قاضی تھے ابن حبان نے آپ کو ثقات میں ذکر کیا ہے۔ قال ابو حاتم صدوق صالح وقال علی بن المدینی والعجلی ثقة (تهذیب ج۳ ص ۳۲۷)

(۱۸۹) ﴿عبدالمومن ابن خالدؒ﴾

الحنفی المروزی ہیں مرو کے قاضی تھے۔ابوحاتم نے کہا لا بأس به السلیمانی نے کہا فیه نظر. الذہبی نے کہا صدوق. خرج له ابوداؤد وقال الحافظ العراقی ولیس له عند المولف الا هذا الحدیث من السابعة خرج له ابوداؤد والمصنف (مناوی ۱۳۱) مذکورہ تینوں راوی عبدالمومن سے روایت کرتے ہیں۔حسن ابن بریدہ اور عکرمہ سے روایت کرتے ہیں اور آپؒ سے ابوتمیلہ، فضل بن موسیٰ وغیرہ روایت نقل کرتے ہیں ذکرہ ابن حبان فی الثقات (تهذیب ج۶ ص ۳۸۳)

(۱۹۰) ﴿زیاد بن ایوب البغدادیؒ﴾

زیاد عماد کے وزن پر ہے ابوھاشم کنیت ہے طوسی ہیں دلویہ ان کا لقب ہے مگر لقب سے وہ غضبناک ہو جاتے تو پھر ان کا لقب احمد پڑ گیا (مناوی ۱۳۲) ثقہ ہیں حافظ الحدیث ہیں اخرج حدیثه الشیخان والترمذی والنسائی (جمع ۱۳۲) روی عن عبداللّٰہ بن ادریس ومروان بن معاویة وعنه البخاری وابوداؤد والترمذی والنسائی قال المروزی عن احمد اکتبوا عنه فانه شعبة الصغیر وقال ابو اسحق

الاصبحانی لیس علی بسیط الارض احد اوثق من زیاد بن ایوب قال ابو حاتم صدوق (۲۵۲ھ) میں وفات پائی (تھذیب ج۳ ص ۳۰۶)

(۱۹۱) ﴿امّه﴾

قال الزین العراقی ویحتاج الحال الی معرفة حالها ولم ار من ترجمها (مناوی ۱۳۲)

(۱۹۲) ﴿عبداللہ بن محمد بن الحجاجؒ﴾

ابن خزیمہؒ وغیرہ نے ان سے علم حدیث اخذ کیا ہے صرف ترمذی ہی ان سے تخریج کرتے ہیں۔ صدوق اخرج حدیثه الترمذی فقط (جمع ۱۳۳) ۲۵۵ھ میں انتقال ہوا۔ ابو یحییٰ آپؒ کی کنیت اور الصواف سے مشہور تھے روی عن ابی عامر العقدی وابی معمر وعنه الترمذی وموسیٰ ابن هارون روی عن البزار وقال هو ختن معاذ بن هشام روی عن الترمذی حدیث اسماء بنت یزید کان کمّ رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم الی الرسغ (تھذیب ج۶ ص ۷)

(۱۹۳) ﴿مُعاذ بن ھشامؒ﴾

مُعاذ میم کے ضمہ کے ساتھ ہے اخرج حدیثه الستة ' البصری ہیں ابن عدی نے کہا صدوق ہیں لیس بحجة وربما غلط ۲۰۰ھ میں انتقال ہوا (جمع 'مناوی ۱۳۳)
ابتدائی سکونت یمن میں تھی پھر بصرہ کو مسکن بنایا روی عن ابیه وابن عون وشعبة وعنه احمد واسحٰق وابن المدینی ذکرہ ابن حبان فی الثقات ابن قانع فرماتے ہیں ثقہ اور مامون ہیں آپؒ فرماتے ہیں میں نے قتادہ سے دس ہزار حدیثیں سنی ہیں (تھذیب ج۱۰ ص۱۷۸)

(۱۹۴) ﴿ابیؒ﴾

مراد ھشام ہیں وهو ابن ابی عبداللہ ' الدستوائی نسبت ہے کیونکہ الدستوائیة کپڑا بیچا کرتے تھے تو اسی طرف منسوب ہوگئے یہ ایک خاص قسم کا کپڑا ہے جو بلادِ اھواز کے ایک خاص شہر سے طلب کیا جاتا تھا اس شہر کا نام دستواء تھا۔ کان یبیع الثیاب التی تجلب من دستواء روی عن قتادة ویونس

الامکاف وعنہ شعبۃ بن الحجاج واسم ابیہ سنبر الربعی قال العجلی بصری ثقۃ ثبت فی الحدیث حجۃ الدانہ یری القدر (تھذیب ج ۱۱ ص ۴۰) قال فی الکاشف کان یطلب العلم للہ وقال ابوداؤد الطیالسی کان ھشام امیر المؤمنین فی الحدیث (مواھب ۲۷) ۱۵۴ھ میں انتقال ہوا

(۱۹۵) ﴿ بدیلؒ ﴾

اسم مصغر ہے ابن میسرۃ سے مزید توضیح کردی گئی ہے تاکہ دوسروں کے ساتھ التباس نہ ہو کیونکہ بدیل کی ایک جماعت ہے۔ العقیلی بھی مصغر ہے یہ ابن میسرہ کی صفت ہے۔ وثقہ جماعۃ وفی نسخ ابن صلیب بالصغیر والصواب الاول لانہ لم یثبت ابن صلیب (مواھب ۲۷) روی عن انس وعبداللہ بن شقیق وعطاء وعنہ قتادۃ وشعبۃ قال ابن سعد وابن معین والنسائی ثقۃ وقال ابوحاتم صدوق ذکرہ ابن حبان فی الثقات فی الطبقۃ الثالثۃ قال البخاری عن علی ابن المدینی مات ۱۳۰ھ (تھذیب ج ۱ ص ۴۲۷)

(۱۹۶) ﴿ شھر بن حوشبؒ ﴾

شھر ' فلس کے وزن پر اور حوشب ' جعفر کے وزن پر ہے حضرت ابن عباسؓ اور حضرت ابوھریرۃؓ سے روایت کرتے ہیں اور ان سے ثابت وغیرہ روایت کرتے ہیں ابن معینؒ اور احمدؒ نے ان کی توثیق کی ہے ابن حجرؒ نے کہا صدوق ربما وھم وقال ابن ھارون ضعیف (مواھب ۲۷) ۱۱۱ یا ۱۱۲ھ میں انتقال ہوا۔ صدوق کثیر الارسال اخرج حدیثہ البخاری فی تاریخہ والخمسۃ فی صحاحھم وقال المصنف فی جامعہ حدیث حسن غریب (جمع ۱۳۴) آپؒ کی کنیت ابوسعید اور شامی لقب ہے امام نسائی نے فرمایا لیس بالقوی وقال العجلی شامی تابعی ثقۃ روی عن اسماء احادیث حسانا (تھذیب ج ۴ ص ۳۲۴)

(۱۹۷) ﴿ حضرت اسماءؓ ﴾

باپ کا نام یزید ہے انصاریہ تھی یہ ہیں کنیت ام سلمہ ہے ان سے مرویات کی تعداد ۸۱ ہے امام بخاریؒ نے ان سے الادب المفرد میں تخریج کی ہے وروی عنھا الاربعۃ۔ علامہ بیجوریؒ فرماتے ہیں قتلت یوم

الیرموک تسعة بخشبة وقتلت ایضاً جماعة من الروم کمافی التقریب (مواهب ۶۷)

(۱۹۸) ﴿عروۃ بن عبداللہ بن قشیرؒ﴾

الجعفی ہیں ابن حجرؒ نے کہا ثقہ ہیں ابن سیرین اور ایک طائفہ سے روایت کرتے ہیں ان سے سفیان وغیرہ روایت کرتے ہیں۔ خرج لہ ابوداؤد وابن ماجة (مواهب ۶۸) ابو مهل الکوفی سے مشہور تھے ذکرہ ابن حبان فی الثقات قال ابوزرعة ثقة (تهذیب ج۷ ص ۱۶۷)

(۱۹۹) ﴿معاویہ بن قرۃؒ﴾

کان عالماعاملاً ثقة ثبتاً ولد یوم الجمل ومات سنة ثلاث عشرة ومائة خرج له الجماعة (مناوی ۱۳۵) روی عن ابیه ومعقل بن یسار وابی ایوب الانصاری وعنه ثابت البنانی وبسطام بن مسلم قال یحییٰ بن معین ثقة وکذا قال العجلی والنسائی وابوحاتم۔ قال مطر الاعنق عن معاویة بن قرة لقیت من الصحابة کثیراً منهم خمسة وعشرون من مزینة قال ابن حبان کان من عقلاء الرجال (تهذیب ج۱۰ ص ۲۱۵)

(۲۰۰) ﴿ابیہؒ﴾

یعنی قرۃ بن ایاس بن ہلال المزنی مراد ہیں صحابی ہیں۔ نزل بالبصرة ومات سنة اربع وستین خرج له الائمة (مناوی ۱۳۵) ابو معاویہ کنیت تھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے اور اس سے اس کے بیٹے معاویہ نے روایت کی قتل فی حرب الازارقة مع عبدالرحمٰن بن عیسیٰ فی زمن معاویة وذکرہ ابن سعد فی طبقة الخندقیین (تهذیب ج۸ ص ۳۳۱)

(۲۰۱) ﴿عبد بن حمیدؒ﴾

حمید مصغر ہے ان کا نام عبدالحمید ہے بعض نے کہا نصر ہے۔ ثقة حافظ ذوتصانیف (مواهب ۶۸) علی بن عاصمؒ نضر بن شمیل اور ایک جماعت سے روایت کرتے ہیں ان سے امام مسلم اور امام ترمذی نے روایت کی ہے۔ ۲۴۹ھ میں انتقال ہوا۔

(۲۰۲) ﴿محمد بن الفضلؒ﴾

کنیت ابوالنعمان ہے نسبت السدوسی البصری ہے حافظ ہیں مکثر ہیں اور ثقہ ہیں لکنہ اختلط آخراً فترک الاخذ عنہ خرج لہ الجماعۃ (مواھب ۶۸) ۲۲۴ھ میں انتقال ہوا۔ آپ عارم کے ساتھ معروف تھے جریر بن حازم و مھدی بن میمون سے روایت کرتے ہیں اور ان سے بخاریؒ وغیرہ روایت کرتے ہیں وفی الزھرۃ روی عنہ اکثر من مائۃ حدیث قال الدارقطنی تغیربآخرہ وما ظھر لہ بعد اختلاطہ حدیث منکر وھو ثقۃ وقال العجلی بصری ثقۃ رجل صالح (تھذیب ج۹ ص ۳۵۷)

(۲۰۳) ﴿حبیب بن الشھیدؒ﴾

طبیب کے وزن پر ہے تابعی صغیر ثقۃ ثبت خرج لہ الستۃ (مواھب ۶۴) الازدی البصری ہیں صغیر ادرک ابا الطفیل (مناوی ۱۳۷) ۱۴۵ھ میں انتقال ہوا۔ وروی عن الحسن بن ثابت وعمرو بن دینار وعنہ شعبۃ والثوری وقال ابن معین والنسائی والعجلی والدار قطنی ثقۃ ذکرہ ابن حبان فی الثقات (تھذیب ج۲ ص ۱۲۲)

(۲۰۴) ﴿سعید بن ایاس الجریریؒ﴾

جریری نسبت ہے۔ مصغراً احد ائمۃ وھو احد الثقات الاثبات وثقہ جمع تغیر قلیلاً ولذا ضعفہ یحییٰ القطان خرج لہ الجماعۃ (مواھب ۷۰) قال ابن معین ھو ثقۃ وقال ابوحاتم الرازی من کتب عنہ قدیماً ھو صالح حسن الحدیث (جمع ۱۳۹) روی عن ابی الطفیل وابی عثمان النھدی وعبداللہ بن بریدۃ وعنہ بشر بن المفضل و ابوقدامۃ والثوری قال العجلی بصری ثقۃ واختلط بآخرہ ۱۴۴ھ میں وفات پائی (تھذیب ج۴ ص ۶)

(۲۰۵) ﴿ھشام بن یونسؒ﴾

الکوفی اللؤلؤی ہیں ثقہ ہیں ابوداؤد اور خود مصنف ان سے روایت کرتے ہیں ۲۵۲ھ میں انتقال ہوا (مناوی ۱۴۵) آپؒ حفص بن غیاث محاربی اور ابن عیینۃ وغیرھم سے روایت کرتے ہیں۔ قال

النسائی ثقة وقال المطین کان صدوقاً ذکرہ ابن حبان فی الثقات (تهذیب ج ۱۱ ص ۵۲)

(۲۰۶) القاسم بن مالک المزنیؒ

الکوفی ہیں المزینة قبیلہ کی طرف منسوب ہیں احمدؒ ابن عرفہ اور دیگر کئی محدثین ان سے روایت کرتے ہیں۔ خرج له الشیخان والنسائی وابن ماجة قال ابن حجر صدوق فیه لین (مواهب ۱۷) اخرج حدیثه الجماعة الا ابا داؤد (جمع ۴۲۰) ۱۹۰ھ میں انتقال ہوا۔ قال ابوداؤد عن احمد کان صدوقا ذکرہ ابن حبان فی الثقات قلت ذکرہ ابن سعد فی اهل الکوفة وقال کان ثقة صالح الحدیث بقی الیٰ بعد التسعین ومائة (تهذیب ج۸ ص ۲۹۸)

(۲۰۷) عون بن ابی جحیفةؒ

شعبہؒ سفیان اور دیگر کئی محدثین ان سے روایت کرتے ہیں وثقوہ خرج له الستة (مواهب ۷۱) قال ابن معین وابو حاتم والنسائی ثقه ذکرہ ابن حبان فی الثقات قال خلیفة مات فی آخر ولایة خالد علی العراق وقال ابن قانع مات ۱۱۶ ھ (تهذیب ج۸ ص ۱۵۱) ۱۱۶ھ میں انتقال ہوا۔

(۲۰۸) علی بن خشرمؒ

المروزی ہیں حافظ ہیں مسلمؒ نسائیؒ اور ابن خزیمہؒ ان سے روایت کرتے ہیں نسائیؒ نے ثقہ کہا ہے ۲۵۷ھ میں انتقال ہوا (مناوی ۱۴۲) وهو ابو الحسن الحافظ قریب بشر الحافی روی عن حفص بن غیاث وعیسیٰ بن یونس وعنه مسلم والترمذی والنسائی ذکرہ ابن حبان فی الثقات قال النسائی ثقة وفی الزهرة روی عنه مسلم تسعة (تهذیب ج۷ ص ۲۷۸)

(۲۰۹) عبید اللہ بن ایادؒ

بن لقیط السدوسی ابو السلیل الکوفی روی عن ابیه وکلیب بن وائل وعبداللّٰه بن سعید وعنه ابن المهدی وابن المبارک ذکرہ ابن حبان فی الثقات وعن ابن معین ثقة وکان عریف قومه قال النسائی والعجلی ثقة ۔۱۶۹ھ میں انتقال ہوا (تهذیب ج۷ ص ۳) صدوق خرج له الستة الا ابن ماجة لکن لینه البزار (مواهب ۷۲)

(۲۱۰) ﴿عفان بن مسلمؒ﴾

الباھلی الصفار البصری الثقة الثبت الذی قال فی حقه یحییٰ القطان وما ادراک ما یحییٰ القطان اذا وافقنی عفان لا ابالی من خالفنی قال الذھبی وقد آذیٰ ابن عدی نفسه بذکرہ له فی الضعفاء لکنه تغیّر قبل موته بایام مات سنة عشرین ومائتین خرج له الستة (مناوی ۱۴۴) روی عن داؤد وشعبة وابوعوانة وعنه البخاری وابوبکر بن ابی شیبه واحمد بن حنبل قال العجلی عفان بصری ثقة ثبت صاحب سنة وقال ابوحاتم امام متقن . قال حنبل بن اسحٰق وامر المامون اسحق بن ابراھیم الظاھری ان یدعو عفان الی القول بخلق القرآن فان لم یجب فاقطع عنه رزقه وھو خمس مائة درھم فی الشھر فاستدعاہ فقرأ قل ھو اللّٰہ احد حتی ختمھافقال مخلوق ھذا قال یا شیخ ان امیر المومنین یقول ان لم یجب اقطع رزقه فقال وفی السماء رزقکم وما توعدون وخرج ولم یجب (تھذیب ج۷ ص ۲۰۵)

(۲۱۱) ﴿عبداللّٰہ بن حسان العنبریؒ﴾

تمیمی ہیں ابوالجنید کنیت ہے حبان سے روایت کرتے ہیں جبکہ ان سے الحوضی روایت کرتے ہیں ۔ قال فی الکاشف ثقة وفی التقریب مقبول من السابعة بخاری نے اپنی تاریخ میں اور ابوداؤد نے اپنی صحیح میں ان سے روایت کی ہے (مواھب ۷۳)

(۲۱۲) ﴿دحیبةؒ﴾

العنبریة مقبولة من الثالثة خرج لھا البخاری فی تاریخه وابوداؤد (مناوی ۱۴۴) روت عن جدھا حرملة بن عبداللّٰہ العنبری وعن جدة ابیھا قیلة بنت مخرمة وعنھا عبداللّٰہ بن حسان العنبری وھی جدته ذکرھا ابن حبان فی الثقات (تھذیب ج۱۲ ص ۴۲۵)

(۲۱۳) ﴿علیبةؒ﴾

شارحین حدیث نے لکھا ہے کہ دحیبة اور صفیة دونوں بہنیں تھیں اور دونوں عبداللّٰہ بن

حسان العنبری کی حقیقی جدات تھیں ایک مادری جدہ (نانی) اور ایک پدری جدۃ (دادی) اور یہ دونوں علیبۃ کی بیٹیاں تھیں اسلئے ترمذی ۳۹۹ میں عبداللہ بن حسان العنبری کی روایت اس طرح ہے ۔
حدثتنی جدتای صَفِیّۃُ ودحیۃ بنتی علیبۃ والصواب عن جدتیہ دحیۃ وصفیۃ (جمع ۱۴۵) اس کی مزید وضاحت یوں بھی کی جاسکتی ہے کہ دحیۃ اور صفیۃ دونوں علیبۃ کی بیٹیاں تھیں پھر دحیۃ اور صفیۃ کی شادیاں ہوئیں۔ دونوں کی اولاد میں سے ایک کا بیٹا اور دوسری کی بیٹی جوان ہوگئیں پھر ان دونوں کا آپس میں نکاح کردیا گیا اسی نکاح میں عبداللہ بن حسان العنبری پیدا ہوئے جو اس حدیث کے راوی ہیں دحیۃ اور صفیۃ میں سے گویا ایک عبداللہ کی نانی اور دوسری دادی ہے جن سے عبداللہ نے روایت اخذ کی ہے یہ دونوں بہنیں صحابیہ رسول حضرت قیلۃ بنت مخرمہ کی پروردہ تھیں جن سے ان دونوں نے روایت اخذ کی تھی (ملخصا از جمع ۱۴۵)

(۲۱۴) ﴿قیلۃ بنت مخرمہؓ﴾

صحابیہ رسول ہیں وقیل العنزیۃ وقیل العنبریۃ صحابیۃ لھا حدیث طویل فی الصحاح خرج لھا البخاری فی الادب وابو داؤد (مناوی ۱۴۵) روی حدیثھا عبداللہ بن حسان العنبری عن جدتیہ صفیۃ ودحیۃ ابنتی علیبۃ وکانتا ربیبتی قیلۃ وکانت جدۃ ابیھا جاءت الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم مع حریث بن حسان وافد بنی بکر بن وائل (تہذیب ج ۱۲ ص ۴۷۳)

(۲۱۵) ﴿حبیب بن ابی ثابتؒ﴾

ابو یحیٰ کنیت ہے الاعور ہیں الاسدی الکاہلی اور الکوفی ہیں صدوق ثقۃ المجتھد الکبیر الشان احد الاعلام الکبار روی عن ابن عباس وجندب وعنہ سفیان وامم مات سنۃ تسع عشرۃ ومائۃ خرج لہ البخاری فی الادب والخمسۃ (مناوی ۱۴۸) قال البخاری عن علی بن المدینی لہ نحو مائتی حدیث قال العجلی کوفی تابعی ثقۃ وقال ابو حاتم صدوق ثقۃ وقال ابن عدی وقد حدث عنہ الائمۃ وھو ثقۃ حجۃ (تہذیب ج۲ ص ۱۵۶)

(۲۱۶) ﴿سمرۃ بن جندبؓ﴾

جلیل القدر صحابی ہیں صدوق الحدیث ہیں عظیم الامانۃ من عظماء حفاظ المکثرین (مواھب ۷۴) مات سنۃ ثمان او تسع وخمسین وقیل ستین (مناوی ۱۴۸)

روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وعن ابی عبیدۃ وعنہ ابناہ سلیمان وسعد وعبداللہ بن بریدۃ کان الحسن وابن سیرین وفضلاء اھل البصرۃ یثنون علیہ قال ابن سیرین کان عظیم الامانۃ صدوق الحدیث یحب الاسلام واھلہ قال ابن عبدالبر مات بالبصرۃ سنہ ثمان وخمسین سقط فی قدر مملوءۃ ماء حارا فکان ذلک تصدیقا لقول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لہ ولابی ھریرۃ وثالث معھمایعنی ابا محذورۃ آخرکم موتا فی النار . وقد جاء فی سبب موتہ غیر ماذکر (تھذیب ج۴ ص ۲۰۷)

قدمت بہ أمہ المدینۃ وھو صغیر ' بعد أن توفی أبوہ 'وتزوجھاأنصاری ' وکان فی حجرہ حتی کبر 'وأجازہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی المقاتلۃ یوم أحد وغزا مع النبی غزوات ' ثم سکن البصرۃ ' وکان زیادیستخلفہ علیھا إذا سارالی الکوفۃ وعلی الکوفۃ إذا سار إلی البصرۃ روی لہ مائۃ حدیث ' اتفق البخاری ومسلم علی حدیثین .(اتحافات ص۱۱۱)

(۲۱۷) ﴿یحییٰ بن زکریاؒ﴾

الہمدانی الکوفی ہیں احد الفقھاء الکبار المحدثین الاثبات قیل لم یغلط قط خرج لہ الستۃ (مواھب ۷۴) ۱۸۳ھ میں مدائن میں انتقال ہوا۔

روی عن ابیہ والاعمش وابن عون وعاصم الاحول وعنہ یحییٰ بن آدم واحمد بن حنبل ویحییٰ بن معین .

قال ابن المدینی ھومن الثقات وقال ایضاانتھی العلم الیہ فی زمانہ قال ابو حاتم مستقیم الحدیث ثقۃ صدوق قال العجلی ثقۃ وھو ممن جمع لہ الفقہ والحدیث وکان علی قضاء المدائن ویعد من حفاظ الکوفیین بالحدیث متقنا ثبتا صاحب سنۃ (تھذیب ج ۱۱ ص ۱۸۳)

(۲۱۸) ﴿ ابیؒ ﴾

مراد زکریا ہیں صدوق مشہور حافظ وثقه احمد وقال ابوحاتم لین (مواهب ۷۴) وقال ابوزرعة صویلح یدلس (مناوی ۱۴۹) ۱۴۹ھ میں انتقال ہوا۔

(۲۱۹) ﴿مصعب بن شیبہؒ﴾

العبدی المکی ہیں من الخامسة خرج له مسلم قال ابوحاتم لا یحمدونه والدار قطنی لین واحمد له مناکیر وابوداؤد ضعیف (مناوی ۱۴۹) روی عن ابیه وعمة ابیه صفیة وطلق بن حبیب وعنه ابنه زرارة وابن جریج ومسعر قال یحییٰ ابن معین والعجلی ثقة وقال ابن سعد کان قلیل الحدیث (تهذیب ج ۱۰ ص ۱۴۷)

(۲۲۰) ﴿ صفیةؒ ﴾

یہ شیبة العبدریة کی بیٹی ہے بنوعبدالدار کی طرف نسبت ہے من صغار الصحابة (مناوی ۱۴۹) روت عن النبی صلی الله علیه وسلم وعائشة وام حبیبة روی عنها ابنها منصور وقتادذکرها ابن حبان فی الثقات (تهذیب ج ۱۲ ص ۴۵۸)

(۲۲۱) ﴿ الشعبیؒ ﴾

مشہور فقیہ ہیں کبار تابعین سے ہیں روی عن خمس مائة صحابی وکان یمازح (مناوی ۱۵۰) یہاں پر شعبی فتح ش کے ساتھ ہے اصل نام عامر بن شراحیل ہے والشعبی (بالضم) هو معاویة ابن حفص الشُعبی نسبة لجده والشِعبی (بالکسر) هو عبدالله بن مظفر الشعبی کلهم محدثون (مواهب ۷۵) علامہ ذھبیؒ نے تذکرۃ الحفاظ میں "الشعبی علامة التابعین ابوعمرو " کے عنوان سے تقریباً دس صفحات میں آپؒ کا تذکرہ فرمایا ہے هو من شعب همدان مولده فی اثناء خلافة عمر فی ما قیل کان اماما حافظا فقیها متفننا ثبتا وکان یقول ما کتبت سوداء فی بیضاء ..وهو اکبر شیخ لأبی

حنیفةؓ روی عن ابی ھریرة وابن عباس وعائشة وعبداللہ بن عمر وعنه اسمٰعیل بن ابی خالد والاعمش وابو حنیفة وخلق قال احمد العجلی مرسل الشعبی صحیح عن ابی بکر قال قال لی ابن سیرین الزم الشعبی فلقد رائیته یستفتی والصحابة متوافرون قال عاصم الاحول ماراٴیت احداً اعلم بحدیث اھل الکوفة والبصرة والحجاز من الشعبی واستعمل ابن ھبیرة الشعبی علی القضاء الخ (تذکرة الحفاظ ج ۱ ص ۷۹)

(۲۲۲) ﴿عروةؒ﴾

ثقة خرج له الستة (مواھب ۷۵) الثقفی الکوفی ولی امرة الکوفة ثقة مات بعد الستین خرج له الستة (مناوی ۱۵۰) آپؒ کا لقب ابو یعفور تھا ۷۵ھ میں حجاج نے آپ کو کوفہ کا والی بنایا روی عن ابیه وعائشة وعنه الشعبی ونافع بن جبیر وعباد بن زیاد وغیرھم قال العجلی کوفی تابعی ثقة قلت وذکره ابن حبان فی الثقات وقال کان من الافاضل اھل بیته (تھذیب ج۷ ص ۱۷۱)

(۲۲۳) ﴿ابیهٖؒ﴾

مراد حضرت مغیرة ہیں مشہور صحابی ہیں وکان من خلعة المصطفیٰ صلی اللہ علیه وسلم خرج له الستة (مناوی ۱۵۰) شھد الحدیبیة وما بعدھا وروی عن النبی صلی اللہ علیه وسلم وعنه اولاده عروۃ وحمزة وعقار وغیرھم قال ابن سعد کان یقال له مغیرة الرأی وشھد الیمامة وفتوح الشام والقادسیة . قال ابو القاسم البغوی کان اول من وضع دیوان البصرة (تھذیب ج۱۰ ص ۲۳۵)

(۲۲۴) ﴿ایوب السختیانیؒ﴾

کبار مشاہیر فقہاء سے ہیں احد المشاھیر الکبار الثقات ثقة ثبت حجة من وجوه الفقھاء العباد الزھاد وحج اربعین حجة خرج له الجماعة (مناوی ۱۵۲) ۱۳۱ھ میں انتقال ہوا۔ صاحب تذکرة الحفاظ ان کا ترجمہ اس طرح ذکر کرتے ہیں۔ ایوب بن ابی تمیمة کیسان الامام ابوبکر السختیانی البصری الحافظ احد الاعلام . قال ابن المدینی له نحو ثمان مائة حدیث وقال شعبة کان ایوب سید العلماء روی عن عمرو بن سلمة وسعید بن جبیر وابی قلابة وعنه شعبة ومعمر والحماد ان

والسفیانان (تذکرۃ الحفاظ ج۱ ص ۱۳۰)

(۲۲۵) ﴿محمد بن سیرینؒ﴾

البصری ہیں اکابر تابعین میں سے ہیں۔ ھو تابعی جلیل مشھور امام فی علم التعبیر اخرج حدیثہ الائمۃ الستۃ وھو من موالی انس کاتبہ علی عشرین الفاً فاداھا وعتق وکان لہ اولاد ستۃ کلھم نجباء محدثون وھم محمد ومعبد وانیس ویحییٰ وحفصۃ وکریمۃ ومن نوادر الاسانید روی محمد عن یحییٰ عن انیس حیث وقع فی الاسناد ثلاثۃ اخوۃ (جمع ۱۵۳) تیس صحابہ کرام کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ کان ثقۃ ماموناً فقیھاً اماماً ورعاً فی فقہٖ فقیھاً فی ورعہ قال ابن عون لم ار فی الدنیا مثلہ ۱۱۰ھ میں انتقال ہوا۔ (مناوی ۱۵۳) صاحب تذکرۃ الحفاظ لکھتے ہیں۔ کان فقیھا اماما غزیر العلم ثقۃ ثبتا علامۃ فی التعبیر رأسا فی الورع وامّہ صفیۃ مولاۃ لابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ (تذکرۃ الحفاظ ج۱ ص ۷۸)

(۲۲۶) ﴿جعفر بن سلیمان الضبعیؒ﴾

بنی ضبعہ قبیلہ کی طرف نسبت ہے بعض نسخوں میں ضبیعی بھی آیا ہے ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں۔ صدوق زاھد لکنہ ینسب الی التشیع (جمع ۱۵۵) کان من العلماء الزھاد علی تشیعہ بل رفضہ وثقہ ابن معین وضعفہ ابن القطان وقال احمد لا باس بہ (مناوی ۱۵۵) علامہ ابن حجر فرماتے ہیں روی عن ثابت البنانی وابن جریج وعطاء بن السائب وعنہ الثوری وعبدالرحمٰن بن مھدی ومالک بن دینار قال ابن حبان کان جعفر من الثقات فی الروایات غیر انہ ینتحل الی اھل البیت ولم یکن بداعیۃ الی مذھبہ قال البزار انما حدیثہ فمستقیم (تھذیب ج۲ ص ۸۱)

(۲۲۷) ﴿مالک بن دینارؒ﴾

ھو تابعی مشھور (جمع ۱۵۵) بصرہ کے علماء اور زھاد سے ہیں نسائی اور ابن حبان نے انہیں ثقہ قرار دیا ہے ائمہ اربعہ نے تخریج کی ہے بخاریؒ نے ان سے اپنی تاریخ میں تخریج کی ہے روی عن

انس مات سنة ثلاثين ومائة (مناوی ۱۵۵) چونکہ صحابی منقطع ہے اسلئے یہ حدیث مرسل ہے فالحدیث مرسل (جمع ۱۵۵) کان ابوہ من سبی سجستان وقیل من کابل روی عن انس بن مالک وابن سیرین وعطاء بن ابی رباح وعنه ابان بن یزید وصدقة بن موسیٰ ذکرہ ابن حبان فی الثقات وقال کان یکتب المصاحف بالاجرة ویتقوت باجرته (تهذیب ج۱۰ ص ۱۳)

(۲۲۸) ﴿ دلهم بن صالح ﴾

دلہم جعفر کے وزن پر ہے ابوداؤدؒ نے کہا لا باس بہ ابن معین نے کہا کہ ضعیف ہے' شعبی وغیرہ سے روایت کرتا ہے۔ خرج له ابو داؤد وابن ماجة والبخاری (مواهب ۸۷) کندہ قبیلہ سے ہیں اسلئے الکندی الکوفی سے معروف ہیں روی عن عطاء وعکرمة وعنه وکیع وابونعیم وعبیداللہ بن موسیٰ قال ابوحاتم هو احب الی من بکیر بن عامر (تهذیب ج۳ ص ۱۸۴)

(۲۲۹) ﴿ حجیر بن عبداللہ ﴾

اخرج حدیثه ابوداؤد والترمذی وابن ماجة (جمع ۱۵۶) قال الذهبی یجهل وحسن له المصنف وفی التقریب مقبول من الثامنة خرج له ابوداؤد (مناوی ۱۵۶) روی عن عبداللہ بن بریدة وعنه دلهم بن صالح اخرجوا له حدیثا واحدا فی المسح علی الخف وحسنه الترمذی ذکرہ ابن حبان فی الثقات (تهذیب ج۲ ص ۱۸۹) ابن بریدہ کا تذکرہ صفحہ ۱۵۴ پر گذر چکا ہے۔ ابن بریدة وهو الصواب' وفی بعض النسخ ابوبریدة وغلطه القسطلانی (اتحافات ۱۱۹)

(۲۳۰) ﴿ الحسن بن عیاش ﴾

الاسدی الکوفی ہیں ان کی معین نے توثیق کی ہے۔ اخرج حدیثه مسلم والترمذی والنسائی (جمع ۱۵۷) مات سنة اثنین وثلاثین ومائة قال الحافظ الزین العراقی ولیس للحسن بن عیاش عند المولف الا هذا الحدیث الواحد (مناوی ۱۵۷) روی عن الاعمش ومغیرة وابی اسحٰق الشیبانی وعنه ابن المبارک وابن مهدی ویحییٰ بن آدم قال النسائی والعجلی ثقة ذکرہ ابن حبان فی الثقات

له فی صحیح مسلم حدیث واحد فی الجمعة وقال الطحاوی ثقة حجة (تهذیب ج ۲ ص ۲۷۰)

(۲۳۱) ﴿ خالد الحذاءؒ ﴾

الحذاء کا معنی پارہ دوز یعنی موچی' جوتے بنانے والا ایک لفظ خصاف بھی بولا جاتے ہیں جوتوں کی مرمت کرنے والے' اس نام سے امام خصافؒ بھی مشہور ہوئے ہیں۔

مگر خالد موچی نہیں تھے بلکہ موچیوں کے بازار میں موچیوں کے ساتھ ان کی نشست و برخاست تھی ویسمی به لقعوده فی سوق الحذائین (مناوی ۱۵۹) بعض کہتے ہیں کہ موچیوں کے خاندان سے شادی کی تھی او لکونه تزوج منهم اولکونه کان کثیراً ما یقول احذ هذا الحذو علی هذا الحدیث لالکونه حذاء (مناوی ۱۵۹) شیخ عبدالرؤف لکھتے ہیں ثقة امام حافظ تابعی جلیل القدر کثیر الحدیث واسع العلم مات سنة احدی واربعین ومائة خرج له الجماعة وقدعیب بدخوله فی عمل السلطان (جمع ۱۵۹) خرج له الجماعة (مواهب ۸۱) ۸۴ھ میں انتقال ہوا۔

(۲۳۲) ﴿ یعقوب بن ابراھیمؒ ﴾

ابویوسف الملنی روی عن ابیه وشعبة وعنه ابن معین واسحٰق قال ابن سعد کان ثقة مامونا یقدم علی اخیه فی الفضل والورع والحدیث قال العجلی ثقة ۲۰۸ھ میں وفات ہوئی (تهذیب ج ۱۱ ص ۳۳۳) ثقة مکثر خرج له الجماعة ویعقوب بن ابراهیم فی الرواة کثیر جدا وکان ینبغی تمییزه (مناوی ۱۶۰)

(۲۳۳) ﴿ ابواحمد الزبیریؒ ﴾

هو محمد بن عبدالله بن الزبیر الاسدی الکوفی روی عن یحییٰ بن ابی الهیثم وعیسیٰ بن طهمان وسفیان الثوری وعنه ابنه طاهر واحمد بن حنبل وبندار قال النصر بن علی سمعت احمد الزبیری یقول لا ابالی ان یسرق منی کتاب سفیان انی احفظه کله وقال ابن نمیر هو صدوق فی الطبقة الثالثة من اصحاب الثوری ما علمت الاخیر ا مشهور بالطلب ثقة صحیح الکتاب وقال

ابوحاتم عابد مجتهد حافظ للحديث له اوهام مات سنة ثلاث ومائتين (تهذيب ج۹ ص ۲۲۷)
زبیری ان کے جدامجد زبیر کی طرف نسبت ہے الکوفی ہیں اخرج حدیثه الستة (جمع ۱۶۰) ثقة ثبت لكنه يخطى في حديث الثوری مات سنة ثمان ومائتين من التاسعة (مناوی ۱۶۰)

(۲۳۴) ﴿عیسٰی بن طہمانؒ﴾

یہ ابوبکر البصری ہیں طہمان عطشان کے وزن پر ہے نزيل الكوفة عن انس وناس وعنه يحيٰى بن آدم وقبيصة وعروة ووثقوه وفي التقريب صدوق خرج له البخاری والنسائی (مناوی ۱۶۰) قال ابوحاتم ثقة لاباس به يشبه حديثه حديث اهل الصدق مابحديثه بأس ابن حبان يتفرد بالمناكير (تهذيب ج۸ ص ۱۹۳)

(۲۳۵) ﴿سعید بن ابی سعید المقبریؒ﴾

ان کا نام کیسان تھا مقبری کی نسبت اس لئے کی جاتی ہے کہ نسبة لزيارة القبور او حفظها او لكون عمر جعله على حفرها فالمقبری صفة لابی سعيد وهو كثير الحديث ثقة وقال احمد لاباس به لكنه اختلط قبل موته بثلاث سنين وروايته عن عائشة وام سلمة مرسلة مات سنة ثلاث وعشرين ومائة او قبلها او بعدها خرج له الجماعة (مناوی ۱۶۱) قال ابن المدينی وابن سعد والعجلی وابوزرعة والنسائی ثقة قال ابن معين هو اثبت الناس في سعيد بن ابی ذئب روی عن سعد وابی هريرة وعنه مالك وابن اسحق وابن ابی ذئب وغيرهم كان ابوه مكاتبا لامرأة (تهذيب ج۳ ص ۳۴)

(۲۳۶) ﴿عبید بن جریجؒ﴾

التيمی روی عن ابن عمر وابن عباس وابی هريرة وعنه زيد بن عتاب وسليمان بن موسیٰ قال ابوزرعة والنسائی ثقة ذكره ابن حبان في الثقات له عندهم حديث واحد عن ابن عمر في لبس النعل السبتية قلت وقال العجلی مكی تابعی ثقة (تهذيب ج۷ ص ۵۷) اخرج حديثه الشيخان وغيرهما وهو مدنی تابعی (جمع ۱۶۱)

(۲۳۷) ﴿ابن ابی ذئبؒ﴾

نام محمد بن عبدالرحمٰن ہے الامام الکبیر الشان ثقة فقیه فاضل عالم باسل کامل روی عن عکرمة ونافع وخلق وعنه معمر وابن المبارک وابن وهب وامم کان عظیم الشان وقال احمد کان افضل من مالک ولما حج المهدی ودخل المسجد النبوی قاموا الاابن ابی ذئب فقیل له قم لامیر المومنین قال انما تقوم الناس لرب العالمین فقال المهدی دعوه قامت منی کل شعرة (مناوی ۱۶۲) وقال ابن حبان فی الثقات کان من فقهاء اهل المدینة وعبّادهم وکان من اقْوَل اهل زمانه للحق قال الخلیلی ثقة اثنی علیه مالک حدیثه فخرج فی الصحیح اذا روی عنه الثقات فشیوخه شیوخ مالک لکنه قدیروی عن الضعفاء ۱۵۸ھ میں وفات ہوئی (تهذیب ج۹ ص ۲۷۰)

(۲۳۸) ﴿صالحؒ﴾

هو ابن النبهان روی عن ابی الدرداء وعائشة وابی هریرة وعنه موسیٰ وابن عقبة وابن ابی ذئب وابن جریج قال مالک لیس بثقة وقال احمد بن حنبل قد روی عنه اکابر اهل المدینة وهو صالح الحدیث ما اعلم به باسا ذکره ابوالولید الباجی فی رجال البخاری (تهذیب ج۴ ص ۴۰۷)

ثقة ثبت مگر آخر عمر میں مزاج میں تغیر آ گیا تھا اسلئے یاتی باشیاء تشبه الموضوعات فاستحق الترک وکان قبل تغیره ثبتاً (مناوی ص ۱۶۲) ۱۲۵ھ میں انتقال ہوا۔

یہ حضرت التوامة کے مولیٰ تھے وهی امرأة لها صحبة وهی من صغار الصحابة (مواهب ۸۲) وسمیت توأمة لانها کانت مع اخت فی بطن وهی اخت ربیعة ابن امیة (جمع ۱۶۲)

(۲۳۹) ﴿السدیؒ﴾

یہ السدی الکبیر سے مشہور ہیں والسدة باب الدار نسب الیها لبیعه المقانع بباب مسجد الکوفة واسمه اسماعیل بن عبدالرحمن (مناوی ۱۶۲) اور ایک دوسرے السدی الصغیر ہیں جن کا نام حفید السدی ہے السدی الکبیر ثقہ ہیں وثقه احمد خرج له الجماعة الا البخاری (مواهب ۸۲) ۱۲۷ھ میں انتقال ہوا۔

(۲۴۰) ﴿من سمع﴾

شیخ البیجوریؒ فرماتے ہیں قال العسقلانی ولم ار فی روایة التصریح باسم من حدث السدی واظنه عطاء بن السائب فانه اختلط آخرا (مواهب ۸۲)

(۲۴۱) ﴿عمرو بن حریثؓ﴾

القرشی المخزومی ہیں صغیر صحابی ہیں خرج له الجماعة (مواهب ۸۳) قال الواقدی مات النبی صلی الله علیه وسلم وهو ابن عشرة وروی عنه ابنه جعفر وخلیفة واصبغ وعطاء بن السائب وغیرهم (جمع ۱۶۲)

(۲۴۲) ﴿الاعرجؒ﴾

احمد کے وزن پر ہے نام عبدالرحمن باپ کا نام هرمز ہے ابوداؤد والمزنی کے لقب سے مشہور ہیں ثقة ثبت عالم (مناوی ۱۶۳) اسکندریہ میں ۱۱۷ھ میں انتقال ہوا۔ روی عن ابی هریرة وابی سعید وابن عباس وعنه زید بن اسلم وصالح بن کسیان والزهری قال ابن سعد کان ثقة کثیر الحدیث قال العجلی مدنی تابعی ثقة قال ابن لهیعة عن ابی النضر کان الاعرج عالما بالانساب والعربیة (تهذیب ج۶ ص ۲۹۰)

(۲۴۳) ﴿محمد بن مرزوق ابوعبداللہؒ﴾

الباہلی ہیں جبکہ محمد بن مرزوق بن عثمان البصری ۔ دوسرے صاحب ہیں اس دوسرے صاحب سے اصحاب ستہ میں سے کسی نے بھی روایت نہیں کی ہے لم یرو عنه احد من الستة کما فی التقریب (مواهب ۸۵) جبکہ ابوعبداللہ الباہلی سے مسلم ابن ماجہ اور ابن خزیمہ روایت کرتے ہیں مات سنة ثمان واربعین ومائتین (مناوی ۱۶۸) اس کی نسبت دادا کی طرف کی گئی ہے جیسے کہ علامہ ابن حجرؒ نے فرمایا کہ یہ دراصل محمد بن محمد بن مرزوق بن بکیر الباہلی ہیں قال ابوحاتم صدوق ذکرہ ابن حبان فی الثقات وفی الزهرة روی عنه (م) سبعة احادیث وذکرہ منسوبا الی جدہ (تهذیب ج۹ ص ۳۸۲)

(۲۴۴) ﴿عبدالرحمٰن بن قیس ابومعاویہؒ﴾

الضبی الزعفرانی ہیں کذبہ ابوزرعۃ وغیرہ (مناوی ۱۶۸) کذا ذکرہ ابن حجر فی التقریب اخرج حدیثہ الستۃ (جمع ۱۶۸) قال ابن حجر سکن بغداد ثم نیسابور روی عن ہشام وشعبۃ وحمید الطویل وعنہ ابوداؤد الطیالسی ومحمد بن مرزوق واحمد بن منصور قال ابن عدی عامۃ ما یرویہ لہ یتابعہ علیہ الثقات (تہذیب ج۶ ص ۲۳۲)

(۲۴۵) ﴿عبداللہ بن وہبؒ﴾

اخرج حدیثہ النسائی وابن ماجۃ ایضاً (جمع ۱۶۸) احد الاعلام الاثبات صاحب التصانیف خرج لہ الجماعۃ (مناوی ۱۶۹) ۱۲۵ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۷۷ھ میں انتقال ہوا۔ روی عن ابیہ وعنہ ابراہیم بن عمر وداؤد بن قیس وابو الہذیل وغیرہم قال بن معین ہو اقدم من اخیہ عبدالرحمن (تہذیب ج۶ ص ۶۷)

(۲۴۶) ﴿ابوعوانۃؒ﴾

ہو الوضاح ثقۃ ثبت من السابعۃ خرج لہ الجماعۃ (مناوی ۱۷۰) روی عنہ الستۃ (جمع ۱۷۰) ہو وضاح بن عبداللہ الیشکری کان من سبی جرجان رأی الحسن وابن سیرین وسمع من معاویۃ بن قرۃ حدیثا واحدا وروی عن اشعث بن ابی الشعثاء وقتادۃ وغیرہم وعنہ شعبۃ وحبان بن ہلال وسعید بن منصور وغیرہم قال ابن سعد کان ثقۃ صدوقا وقال العجلی ابوعوانۃ بصری ثقۃ (تہذیب ج۱۱ ص ۱۰۳)

(۲۴۷) ﴿ابوبشرؒ﴾

امام ترمذی فرماتے ہیں ان کا نام جعفر بن ابی وحشیہ ہے اختلف فیہ ثقۃ وضعفاً (جمع ۱۷۲) ہو جعفر بن ایاس الیشکری الواسطی بصری الاصل ثقۃ مات سنۃ خمس وعشرین ومائۃ وقیل سنۃ ستۃ وعشرین ومائۃ (مناوی ۱۷۱) روی عن عباد بن بشر وسعید بن جبیر وعکرمۃ وعنہ

الاعمش وایوب وشعبة قال ابوزرعة والعجلي والنسائي ثقة وقال ابن معين طعن عليه شعبة في حديثه عن مجاهد قال من صحيفة (تهذيب ج۲ ص ۱۷)

(۲۴۸) ﴿حفص بن عمر بن عبید الطنافسیؒ﴾

الطنافس کے ساتھ منسوب ہیں منسوب الی طنافس جمع طنفسة. البساط الذي له حمل وحصير بن سعف قدره ذراع فكان النسبة للعمل او البيع اشعاراً بانه صار علما له بالغلبة واشتهر به وهو ثقة (جمع ۴ ۱۷) روى عن زهير بن معاوية وعنه علي بن المديني ومحمود بن غيلان قلت قال العجلي كوفي ثقة (تهذيب ج۲ ص ۳۵۲)

(۲۴۹) ﴿محمد بن عبداللہ الانصاریؒ﴾

اس نام کے تین افراد ہیں والمسمیٰ بهذا الاسم ثلاثة (جمع ۴ ۱۷) یہ ان میں سب سے بڑے ہیں ان کے دادے کا نام المثنیٰ ہے دوسرے کے دادے کا نام حفص ہے تیسرے کے دادے کا نام ''زیاد'' ہے اخرج حديثه الستة (جمع ۴ ۱۷) قاضي البصرة قال ابوزرعة صالح الحديث وابن معين ثقة ثبت (مناوی ۴ ۱۷) ۲۱۵ھ میں انتقال ہوا۔ روی عن ابيه وسليمان التيمي وحميد الطويل وعنه البخاري وقتيبة بن سعيد ومحمد بن بشار وغيرهم قال الاحوص عن ابن معين ثقة وقال ابوحاتم صدوق قال النسائي ليس به بأس وذكره ابن حبان في الثقات (تهذيب ج۹ ص ۲۴۴)

(۲۵۰) ﴿ابي يعني عبدالله بن المثنیؒ﴾

صدوق كثير الغلط من السادسة خرج البخاري والنسائي (مناوی ۴ ۱۷) الانصاري البصري روى عن ثمامة بن عبدالله والحسن البصري وثابت البناني وعنه ابنه محمد وابوقتيبة ومسدد وغيرهم ذكره ابن حبان في الثقات وقال ربما اخطأ وقال العقيلي لايتابع على اكثر حديثه (تهذيب ج۵ ص ۳۳۸)

(۲۵۱) ﴿ثمامةؒ﴾

ابن عبدالله بن انس بن مالک الانصاري البصري قاضيها صدوق وثقه احمد واشار ابن معين

الی تضعیفه عزل سنة عشر ومائة مات بعد ذلک بقلیل خرج له البخاری (مناوی ۱۷۳) روی عن جملة انس والبراء بن عازب وعنه ابن اخیه عبدالله بن المثنی وحمید الطویل وحماد بن سلمة قال احمد والنسائی ثقة وقال العجلی تابعی ثقة ذکره ابن حبان فی الثقات (تهذیب ج۲ ص ۲۶)

(۲۵۲) ﴿نصر بن علی الجہضمیؒ﴾

ابوعمرو کنیت ہے ملک عراق کے شہر بصرہ میں ایک محلہ بنام الجہاضم ہے نسبة الی جهاضمة محلة بالبصرة (جمع ۱۷۵) وکان احد الحفاظ الاعلام الثقات طلب للقضاء فقال استخیر فدعا علی نفسه فمات خرج له الجماعة (مواهب ۸۸) روی عن ابیه ویزید بن زریع وعبد الاعلیٰ وعیسیٰ بن یونس وغیرهم روی عنه الجماعة وابوزرعة وابوحاتم قال النسائی وابن خراش ثقة قال ابوبکر بن ابی داؤد کان المستعین بعث الی نصر بن علی لیولیه القضاء فقال لامیر البصرة ارجع فاستخیر اللّٰه تعالیٰ فرجع الیٰ بیته فصلی رکعتین ثم قال اللهم ان کان لی عندک خیر فاقبضنی الیک فنام فنبهوه فاذا هو میت مات ۲۵۰ھ (تهذیب ج۱۰ ص ۳۸۴)

(۲۵۳) ﴿نوح بن قیسؒ﴾

الحرانی ہیں نسبة الی حران وهی قبیلة من الازد وهو بصری صدوق (جمع ۱۷۵) صالح الحال حسن الحدیث وکان یتشیع ووثقه احمد لکن نقل عن یحییٰ تضعیفه وقال البخاری لم یصح حدیثه مات سنة ثلاث او اربع وثمانین ومائة خرج له مسلم والاربعة خلا البخاری (مناوی ۱۷۵) روی عن اخیه خالد بن مقیس وثمامة وایوب وابن عون وعنه یزید بن هارون وعفان ومسلم بن ابراهیم قال ابوداؤد ثقة بلغنی عن یحییٰ انه ضعفه وقال النسائی لیس به بأس وقال ابن شاهین فی الثقات قال ابن معین هو شیخ صالح الحدیث (تهذیب ج۱۰ ص ۴۳۲)

(۲۵۴) ﴿خالد بن قیسؒ﴾

یہ ابن رباح المصری کے بیٹے ہیں ثقة، صدوق و قال البخاری لا یصح حدیثه من التاسعة خرج له مسلم وابوداؤد (مناوی ۱۷۵) روی عن عطاء وعمرو بن دینار وقتادة وابومسلمة وعنه اخوه نوح بن

قيس وعلى بن نصر الجهضمى ومسلم بن ابراهيم قال ابن معين ثقة وذكره ابن حبان فى الثقات قلت وقال العجلى ثقة (تهذيب ج ۳ ص ۹۷)

(۲۵۵) ﴿سعید بن عامرؒ﴾

الضبعی ہیں ابو محمد کنیت ہے البصری ہیں اخرج حديثه الستة (جمع ۱۷۱) احد الاعلام ثقة مامون صالح ربما وهم من التاسعة مات سنة ثمان ومائتين خرج له الستة (مناوی ۱۷۲) روى عن شعبة وهمام بن يحيىٰ وسعيد بن ابى عروبة وعنه احمد وعلى بن المدينى وبندار وغيرهم قال يحيىٰ بن سعيد هو شيخ المصر منذ اربعين سنة وقال ابو حاتم كان رجلا صالحا وكان فى حديثه بعض الغلط وهو صدوق ذكره ابن حبان فى الثقات مولده ۱۲۲ھ مات ۲۰۸ھ (تهذيب ج ۴ ص ۴۴)

(۲۵۶) ﴿حجاج بن منہالؒ﴾

السلمی البصری ہیں ابو محمد کنیت ہے اخرج حديثه الستة (جمع ۷۷) ثقة من التاسعة ورع عالم مات سنة ست او سبع عشرة ومائتين (مناوی ۷۷) روى عن جرير بن حازم والحمادين وشعبة وعنه ابو موسىٰ وبندار والفضل بن عباس قال ابو حاتم ثقة فاضل وقال ابن سعد كان ثقة كثير الحديث وقال العجلى ثقة رجل صالح (تهذيب ج ۲ ص ۱۸۲)

(۲۵۷) ﴿ابن جریجؒ﴾

المکی ہیں مشہور فقیہ ہیں احد الاعلام اول من صنف فى الاسلام قال يحيىٰ هو اثبت من مالك مات سنة خمسين ومائة (مناوی ۷۷) هو عبدالملك بن عبدالعزيز بن جريج ابو الوليد روى عن حكيمة بنت رقيقة وابيه عبد العزيز وعطاء بن ابى رباح وكثيرين وعنه الاوزاعى والليث ويحيىٰ بن سعيد الانصارى وغيرهم قال على بن المدينى نظرت فاذا الاسناد تدور على ستة فذكرهم ثم قال فصار علم هؤلاء الى من صنف فى العلم منهم من اهل مكة عبدالملك بن جريج. قال الميمونى سمعت ابا عبدالله غير مرة يقول كان ابن جريج من اوعية العلم وقال ابو عاصم كان من العباد وكان يصوم الدهر الا ثلاثة ايام من الشهر (تهذيب

ج۲ ص ۳۵۷)

(۲۵۸) ﴿ عبداللہ بن نمیرؒ ﴾

الھمدانی ابوھشام الکوفی ثقة من التاسعة خرج له الجماعة (مناوی ۱۷۸) اخرج حدیثه الستة (جمع ۱۷۸) روی عن اسماعیل بن ابی خالد والاعمش وھشام بن عروة وعنه ابنه محمد وابوخیثمة وعلی بن المدینی وابو کریب قال ابوحاتم کان مستقیم الدھر وقال ابن سعد کان ثقة کثیر الحدیث صدوق ذکرہ ابن حبان فی الثقات (تھذیب ج۶ ص ۵۲)

(۲۵۹) ﴿ محمد بن سہل البغدادیؒ ﴾

التیمی مولاھم ابوبکر اخرج حدیثه مسلم والترمذی والنسائی (جمع ۱۸۵)

(۲۶۰) ﴿ یحییٰ ابن حسانؒ ﴾

ثقة امام رئیس خرج له الجماعة الاابن ماجة مات سنة ثمان ومائتین (مناوی ۱۸۵)

(۲۶۱) ﴿ سلیمان بن بلالؒ ﴾

ثقة امام جلیل ولی خراج المدینة مات سنة اثین وسبعین ومائة خرج له الکل (مناوی ۱۸۵)

(۲۶۲) ﴿ شریک بن عبداللہؒ ﴾

وثقه ابوداؤد وقال ابن معین لا باس به. (مناوی ص۱۸۵)

(۲۶۳) ﴿ ابراھیم بن عبداللہؒ ﴾

ابن حنین ثقة مات بعد المائة خرج له الستة (مناوی ۱۸۵)

(۲۶۴) ﴿ عن ابیه ﴾

مرادعبداللہ بن حنین ہیں ثقة من الثالثة خرج له الجماعة له صحبة کان یخدم المصطفیٰ ثم وھبه للعباس (مناوی ۱۸۵)

(۲۶۵) ﴿احمد بن صالحؒ﴾

المصری ہیں لہ نسبۃ الی مصر ثقۃ حافظ تکلم فیہ لکن اثنیٰ علیہ غیر واحد روی عنہ البخاری وابوداؤد(مواھب ۹۱)

(۲۶۶) ﴿ابورافعؒ﴾

نام عبدالرحمن ہے حماد بن سلمہ کے شیخ ہیں قال البخاری فی حدیثہ منا کیر من الرابعۃ روی لہ الاربعۃ (مناوی ۱۸۶)

(۲۶۷) ﴿ابراھیم بن الفضلؒ﴾

ای ابن سلیمان المخزومی لا ابراھیم بن الفضل بن سوید ومانحن فیہ شیخ مدنی روی عنہ المصنف وابن ماجۃ قال ابن معین ضعیف لا یثبت حدیثہ لیس بشئی وقال جمع متروک وقال احمد لیس بقوی (مواھب ص ۹۲)

(۲۶۸) ﴿ابوالخطابؒ﴾

نام زیاد بن حافظ ہے ثقہ ہیں حافظ ہیں خرج لہ المصنف(مواھب ۹۲)

(۲۶۹) ﴿عبداللہ بن میمونؒ﴾

ضعیف بالاتفاق (جمع ۱۸۷) قال البخاری ذاھب الحدیث وقال ابوحاتم متروک وقال ابوزرعۃ واہ وقال ابن حبان لا یجوز الاحتجاج بہ خرج لہ المصنف (مواھب ۹۲)

(۲۷۰) ﴿جعفر بن محمدؒ﴾

ای الصادق لقب بہ لکمال صدقہ وورعہ اخرج حدیثہ البخاری فی التاریخ ومسلم والاربعۃ وامہ ام فروۃ بنت القاسم بن محمد بن ابی بکر وامھا اسماء بنت ابی بکر ولذلک کان یقول ولدنی الصدیق مرتین (مواھب ۹۲) لقب بالصادق لکمال صدقہ اخرج حدیثہ البخاری فی التاریخ ومسلم والاربعۃ کانت لہ مواعظ جلیلۃ ونصائح غالیۃ قال یوماً لسفیان الثوری اذا انعم اللہ

علیک بنعمة فاحببت بقاء ها فاکثر من الحمد والشکر علیها واذا استبطأت الرزق فاکثر من الاستغفار واذا اکربک امر من سلطان وغیرہ فاکثر من ذکر لاحول ولاقوة الا باللّٰہ مانها جناح الفرج وکنز من کنوز الجنة (اتحافات ۱۴۱)

(۲۷۱) ﴿ عن ابیہ ﴾

ای محمد بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب الملقب بالباقر لانہ بقر العلم ای شقہ وعلم اصلہ وفرعہ وجلیّہ وخفیّہ وامہ ام عبداللّٰہ بنت الحسن بن علی بن ابی طالب وھو تابعی جلیل سمع جابرا وانساً وروی لہ البخاری ومسلم (جمع ۱۸۷)

(۲۷۲) ﴿ الصلت بن عبداللّٰہؒ ﴾

بن نوفل بن حارث بن عبدالمطلب اخرج حدیثہ ابوداؤد والترمذی (جمع ۱۸۷) من السادسة وثقوہ (مناوی ۱۸۷)

(۲۷۳) ﴿ ابن ابی عمرؒ ﴾

نام محمد ہے یحییٰ کے فرزند ہیں ینسب الی جدہ (جمع ۱۸۸)

(۲۷۴) ﴿ ایوب بن موسیٰؒ ﴾

ای ابن عمرو بن سعید بن العاص الاموی اخرج حدیثہ الستة (جمع ۱۸۸) قال الازدی لا یقوم اسناد حدیثہ قال الذهبی ولا عبرة بقولہ مع توثیق احمد ویحییٰ من السادسہ (مناوی ۱۸۸)

(۲۷۵) ﴿ محمد بن عیسیٰؒ ﴾

ان کی کنیت ابوجعفر ہے وھو ابن الطباع اخرج حدیثھا البخاری فی التعلیق الاربعة (جمع ص ۱۹۰) یہ حکاک یعنی نگینہ بنانے والے نقاش الخاتم تھے یہ حافظ مکثر اور اور فقیہ تھے امام ابوداؤد کا ارشاد ہے ان کو چالیس ہزار احادیث یاد تھیں وقال ابوحاتم ثقة مامون ما رأینا احفظ للابواب منہ

روی له الستة (مواهب ص ۹۴)

(۲۷۶) ﴿عباد بن العوامؒ﴾

ابوحاتم نے ان کو ثقہ کہا ہے وقال احمد حدیثه عن ابن ابی عروبة مضطرب (مناوی ۱۹۰)

(۲۷۷) ﴿سعید بن عروبہؒ﴾

اپنے وقت کے امام تھے ان کی بہت سی مولفات ہیں قدری تھے خرج له الستة (مناوی ۱۹۰) ۱۵۷ھ میں انتقال ہوا۔

(۲۷۸) ﴿محمد بن عبید المحاربیؒ﴾

المحاربی عرب کے ایک قبیلہ المحارب کی طرف نسبت ہے امام ابوداؤد ترمذی اور نسائی نے ان سے تخریج کی ہے ۲۴۵ھ میں انتقال ہوا۔

(۲۷۹) ﴿عبدالعزیز بن ابی حازمؒ﴾

قال احمد لم یکن یعرف بطلب الحدیث ولم یکن بالمدینة بعد مالک افقه منه ویقال ان کتب سلیمان بن بلال وقعت الیه ولم یسمعها وقال ابن معین ثقة مات سنة اربع وثمانین ومائة خرج له الجماعة (مناوی ۱۹۰)

(۲۸۰) ﴿سعید بن ابی الحسنؒ﴾

یہ حضرت حسن بصریؒ کے بھائی ہیں ثقہ ہیں خرج له الجماعة' اوساط التابعین سے ہیں اخرج حدیثه الستة وهذا الحدیث مرسل لانه من اوساط التابعین لکن یشهد له الحدیث المتقدم (جمع ۱۹۳) ۱۰۰ھ میں انتقال ہوا روی عن علی وابن عباس وعبدالرحمن بن سمرة وعنه اخوه الحسین وقتادة وسلیمان قال ابوزرعة والنسائی ثقة وذکره خلیفة فی الطبقة الثانیة من قراء اهل البصرة قال العجلی تابعی ثقة (تهذیب ج۴ ص ۱۵)

(۲۸۱) ﴿ابوجعفر محمد بن صدران البصریؒ﴾

صدوق ثقة خرج لہ ابوداؤد والترمذی والنسائی (مناوی ۱۹۴)هو ابن ابراهيم بن صدران المؤذن وقد ينسب الى جده روى عن على بن عبدالاعلىٰ ومعتمر بن سليمان وطالب بن حجير روى عنه ابوداؤد والترمذی والنسائی قال ابوداؤد ثقة وقال النسائي لا بأس به ذكره ابن حبان فى الثقات مات ۲۴۳ ھ (تهذيب ج۹ ص ۱۱)

(۲۸۲) ﴿طالب بن حجیرؒ﴾

امام بخاری نے ان سے ادب مفرد میں تخریج کی ہے اور ترمذیؒ نے بھی وارتضاه المصنف وضعفه القطان (مواهب ۹۴) قال الذهبی صدوق من السابعة (مناوی ۱۹۴) العبدی البصری روى عن هودة بن عبدالله العصری وعنه قيس بن حفص الدارمي ومحمد بن ابراهيم قال ابوزرعة وابو حاتم شيخ ذكره ابن حبان فى الثقات وقال ابن عبد البرهو عندهم من الشيوخ ثقة (تهذيب ج۵ ص ۸)

(۲۸۳) ﴿ہود بن عبداللہؒ﴾

مقبول من الرابعة يعدّ فى البصريين خرج له البخاری فى الادب المفرد (مناوی ۱۹۴) هو ابن عبدالله بن سعد العبدی العصری روى عن جده مزيدة بن جابر وعنه طالب بن حجير ذكره ابن حبان فى الثقات (تهذيب ج ۱۱ ص ۷۵)

(۲۸۴) ﴿جدہؒ﴾

جو والدہ کی طرف سے ہے یعنی نانا ان کا نام مزیدہ بن مالک العصری بن عبدالقیس ہے جمہور کے نزدیک یہی معروف ہے علی ما اختاره الجزری فی تصحيح المصابيح (جمع ۱۹۴)

(۲۸۵) ﴿محمد بن شجاع البغدادیؒ﴾

یہ المروذی ہیں ابن حبانؒ نے انہیں ثقات میں شمار کیا ہے ملا علی قاریؒ نے لکھا ہے اخرج حنيفه

الترمذی والنسائی (جمع ۱۹۵) واحترز به عن محمد بن شجاع المدائنی وهو ضعیف متروک رمی بالبدعة (مناوی ۱۹۵) ۲۴۳ھ میں انتقال ہوا۔

(۲۸۶) ﴿ابوعبیدہ الحدادؒ﴾

بخاری ابوداؤد ترمذی اورنسائی نے ان سے تخریج کی ہے ثقة تکلم فیه الازدی بلا حجة (مناوی ۱۹۵) آپ کنیت سے مشہور ہیں نام عبدالواحد بن واصل ہے بغداد کے رہنے والے تھے روی عن ابن عون وعثمان بن سعد وعنه احمد ابو خیثمة قال العجلی وابوداؤد ثقة ذکره ابن حبان فی الثقات قلت وثقه الدار قطنی والخطیب ۱۹۰ھ میں انتقال ہوا . (تهذیب ج۶ ص ۳۹۰)

(۲۸۷) ﴿عثمان بن سعدؒ﴾

الکاتب المودب البصری قال فی الکاشف لینه غیر واحد خرج له ابوداؤد (مناوی ۱۹۵)ضعیف اخرج حدیثه ابوداؤد والترمذی (جمع ۱۹۵) روی عن انس والحسن البصری وابن سیرین وعنه شعبة وابو عبیدة الحداد وروح بن عبادة قال ابو جعفر السبتی عثمان بن سعید الکاتب بصری ثقة وقال الحاکم فی المستدرک بصری ثقة عزیز الحدیث.

(۲۸۸) ﴿ابوسعید عبداللہ بن سعید الاشجؒ﴾

حافظ ثقة امام اهل زمانه قال بعضهم مارایت احفظ منه خرج له الستة (مواهب ۹۷) ۲۵۷ھ میں انتقال ہوا۔ روی عن اسماعیل بن علیة وحفص بن غیاث وابی اسامة وعنه الجماعة وابوزرعة وابوحاتم وابن خزیمة قال ابوحاتم ثقة صدوق امام زمانه ذکره ابن حبان فی الثقات وفی الزهرة روی عنه (خ) ثمانیة ومسلم سبعین حدیثا (تهذیب ج۵ ص ۲۰۸)

(۲۸۹) ﴿یونس بن بکیرؒ﴾

قال ابن معین صدوق وقال ابوداؤد لیس بحجة یوصل کلام ابن اسحاق بالاحادیث خرج له البخاری فی التعلیق ومسلم وابوداؤد (مواهب ۹۷)۱۹۹ھ میں انتقال ہوا۔ الکوفی الحافظ روی عن

ابی خلدة خالد بن دینار وطلحة بن یحییٰ وعنه ابنه عبدالله ویحییٰ بن معین وسعید بن سلیمان وعن ابن معین انه ثقة صدوق ذکره ابن حبان فی الثقات قال الساجی وکان صدوقا الا انه کان یتبع السلطان وکان مرجیاً (تہذیب ج ۱۱ ص ۳۸۲)

(۲۹۰) ﴿ یحییٰ بن عبادؒ ﴾

مدنی ثقة خرج له الاربعة (مناوی ۱۹۶) هو یحییٰ بن عباد بن عبدالله القرشی روی عن ابیه وجده وعمه حمزة وعنه هشام بن عروة وموسیٰ بن عقبة قال ابن معین والنسائی والدار قطنی ثقة وقال ابو حاتم مات قدیما وهو ابن ست وثلاثین ذکره ابن حبان فی الثقات.

(تہذیب ج ۱۱ ص ۲۰۶)

(۲۹۱) ﴿ ابیه ﴾

ای عباد اخرج حدیثه الستة (جمع ۱۹۶) هو عباد بن عبدالله بن الزبیر روی عن ابیه وجدته اسماء وعائشة وعنه ابنه یحییٰ وابن اخیه عبدالواحد بن حمزة قال النسائی ثقة وذکره ابن حبان فی الثقات قال ابن سعد کان ثقة کثیر الحدیث قال العجلی مدنی تابعی ثقة واما روایته عن عمر بن الخطاب فمرسلة بلا تردد (تہذیب ج ۵ ص ۸۵)

(۲۹۲) ﴿ جده عبدالله بن الزبیرؓ ﴾

احد العبادلة الاربعة وهو من کبار متأخری الصحابة عالم زاهد عابد استخلف بعد معاویة وتابعه ممالک الاسلام سوی الشام صلبه الحجاج (جمع ۱۹۲) روی عن النبی صلی الله علیه وسلم وعن ابیه وعن جده (اب الام) ابی بکر و خالته عائشة وعمر وعثمان وعلی وعنه اولاده عباد وعامر وام عمر و واخوه عروة وغیرهم وهو اول مولود فی الاسلام بالمدینة من قریش . حضر وقعة الیرموک وبویع بالخلافة وکانت ولایته تسع سنین وقتله الحجاج بن یوسف سنة ۷۳ھ ۔ قیل للشافعی هل سمع عبدالله بن الزبیر من النبی صلی الله علیه وسلم قال نعم ومات النبی صلی الله علیه وسلم وهو ابن تسع سنین (تہذیب ج۵ ص ۱۸۷)

(۲۹۳) ﴿الزبیر بن العوامؓ﴾

